علمی و تحقیقی مجلہ

قُلْ هٰذِهٖ سَبِیْلِیْٓ اَدْعُوْٓا اِلَی اللّٰهِ ؔعَلٰی بَصِیْرَةٍ اَنَا وَمَنِ اتَّبَعَنِیْ ؕ سورة یوسف (108)

البصیرة

ششماہی

جلد۳ شمارہ ۵ جون ۲۰۱۴ء

شعبۂ علوم اسلامیہ، نیشنل یونیورسٹی آف ماڈرن لینگویجز، اسلام آباد

علمی و تحقیقی مجلّہ

البصیرۃ

ششماہی

ISSN: 2222-4548

جلد:۳ شمارہ:۵

جون ۲۰۱۴ء

سرپرست اعلیٰ:
میجر جنرل (ر) مسعود حسن
ریکٹر، نمل

سرپرست:
بریگیڈیر اعظم جمال
ڈائریکٹر جنرل، نمل

مدیر:
ڈاکٹر سید عبدالغفار بخاری

شعبہ علوم اسلامیہ، نیشنل یونیورسٹی آف ماڈرن لینگویجز، اسلام آباد، پاکستان

ناشر: شعبہ علوم اسلامیہ نیشنل یونیورسٹی آف ماڈرن لینگویجز، ایچ نائن، اسلام آباد

طباعت: نیشنل یونیورسٹی آف ماڈرن لینگویجز، ایچ نائن، اسلام آباد

جلد:۳ شمارہ:۵

جون ۲۰۱۴ء

تعداد: ۳۰۰

قیمت: اندرون ملک:= / ۳۰۰ روپے بیرون ملک:= / ۱۰ ڈالر

معاونین:

- ڈاکٹر نور حیات
- ارم سلطانہ

خط و کتابت کے لئے ...

ڈاکٹر سید عبد الغفار بخاری

مدیر، مجلہ البصیرۃ

شعبہ علوم اسلامیہ، نیشنل یونیورسٹی آف ماڈرن لینگویجز، ایچ نائن، اسلام آباد

Ph: 0092 051-925764650 EXT (254)

E-mail: agbukhari@numl.edu.pk

Web-site: www.numl.edu.pk

فہرست موضوعات

- ادارتی پالیسی v
- مقالہ کی اشاعت کیلئے قواعد وضوابط vi
- مجلسِ ادارت (قومی وبین الاقوامی) viii
- مجلسِ مشاورت ix
- شرکاء مقالہ نگار x
- اداریہ xi

اردو مضامین

- فقہ اسلامی میں مقاصد شریعت کے مدارج 1

  ڈاکٹر حافظ محمد شہباز حسن / محمد عثمان
- قرآنی اصولوں کی روشنی میں معاشرتی استحکام 29

  ڈاکٹر میمونہ تبسم / پروفیسر ڈاکٹر عبدالرؤف ظفر
- عدل اجتماعی کے تصورات کا جائزہ و اہمیت 55

  ڈاکٹر آسیہ رشید
- اسلامی ریاست میں غیر مسلم رعایا کے حقوق 83

  ڈاکٹر رانا مطلوب احمد / ڈاکٹر سید علی اَنور
- صلح حدیبیہ: آنحضرت کی ﷺ سیاسی، معاشرتی اور دفاعی حکمت عملی 101

  بریگیڈئیر (ر) ڈاکٹر فضل ربی / ارم سلطانہ

عربی مضامین

- الشهيد وأقسامه مع استعمالاته الخاطئة في العصر الحاضر — 117
  د. محمد الياس
- دورالشباب في العمل الإجتماعي التطوعي — 145
  د. عبدالغفار بخاري
- الإمام ضياء المقدسي ومنهجه في كتابه الأحاديث المختارة — 175
  د. محمد رياض/ساجد محمود
- الشباب المسلم:واجباته ودوره في إصلاح المجتمع — 193
  د. طاهر محمود محمد يعقوب

انگریزی مضامین

- Why do we believe in God? — 1
  Irfan Shahzad
- The Philosophical Perspective in Case of Jihad — 23
  Dr. Atiq-ur-Rehman/
  Dr. Zia ur Rehman

البَصِیْرَۃ : ادارتی پالیسی

البَصِیْرَۃ خالصۃً اسلامی علوم وفنون سے وابستہ تحقیقی مجلہ ہے۔ جو علمی و تحقیقی دنیا کے لئے نمایاں نوعیت کا حامل ہے۔ اس میں شائع ہونے والے مقالات کے متعلق ادارتی پالیسی حسب ذیل ہے:

- البَصِیْرَۃ میں شائع ہونے والے مقالات کے موضوعات علوم القرآن، علوم الحدیث، علم فقہ واصول فقہ، تقابل ادیان، علم کلام وتصوف، فلسفہ، سائنس، ادب، معاشیات، عمرانیات، سیاسیات، ثقافت وتمدن اور اسی طرح مسلم شخصیات اور اسلامی موضوعات پر لکھی جانے والی کتب (تبصرہ وتعارف) وغیرہ سے متعلق ہونے چاہئیں۔
- البَصِیْرَۃ ایک ششماہی رسالہ ہے یعنی سال میں دو مرتبہ (جون اور دسمبر میں) شائع ہو گا۔
- البَصِیْرَۃ میں اشاعت کی غرض سے بھیجے گئے مقالات کا تجزیہ دو منظور شدہ ماہرین سے کروایا جائے گا۔ جس میں ایک تبصرہ نگار ملکی اور دوسرا غیر ملکی ہو گا۔ ڈی، جی نمل کی منظوری سے مقالہ تجزیہ کے لئے بھیجا جائے گا۔
- البَصِیْرَۃ کی اشاعت کے سلسلہ میں ہائیر ایجوکیشن کمیشن (HEC) کے جملہ قوانین وضوابط لاگو ہوں گے۔
- البَصِیْرَۃ میں مقالہ کی اشاعت کے حوالے سے ادارتی بورڈ کا فیصلہ حتمی ہو گا۔
- البَصِیْرَۃ کی ادارتی مجلس کو ارسال کیے گئے مقالات میں ضروری ترامیم، تنسیخ و تلخیص کا حق حاصل ہو گا۔ مدیر مقالہ نگاروں کو تجزیہ کاروں کی رائے، نیز مقالہ میں مطلوب کسی تبدیلی سے متعلق آگاہ کرے گا۔
- البَصِیْرَۃ ادارہ کا مقالہ نگار کی رائے سے متفق ہونا ضروری نہیں، مقالہ میں دی گئی رائے کی ذمہ داری مجلس ادارت یا نیشنل یونیورسٹی آف ماڈرن لینگویجز اسلام آباد پر نہیں، بلکہ مقالہ نگار پر ہو گی۔
- البَصِیْرَۃ کو موصول مقالات (شائع ہونے یا نہ ہونے) کسی صورت میں واپس نہیں کئے جائیں گے۔
- البَصِیْرَۃ کی دو عدد کاپیاں شرکاء مقالہ نگاروں کو فراہم کی جائیں گی۔

البصیرۃ میں مقالہ کیلئے قواعد و ضوابط

عمومی قواعد:

۱۔ مقالہ A4 صفحے کے ایک طرف کمپوز اور اس کی طوالت ۲۵ صفحات سے زیادہ نہیں ہونی چاہیے۔

۲۔ کمپوزنگ کے سلسلے میں درج ذیل فانٹس کا خیال رکھا جائے:

(i) فصل یا مبحث کے لئے فانٹ سائز:۱۸

(ii) ذیلی فصول کے لئے فانٹ سائز:۱۶

(iii) مقالے کے متن کے لئے فانٹ سائز:۱۴

۳۔ مقالہ کسی اور جگہ شائع شدہ نہ ہو اور نہ ہی کسی اور جگہ اشاعت کے لئے نہ دیا گیا ہو۔

۴۔ مقالہ تحقیق کے اصولوں کے عین مطابق ہونا چاہیے۔ نئی تحقیق پر مبنی اور علمی سرقہ سے خالی ہو۔ نیز مقالہ بنیادی مصادر کے حوالوں سے مزین ہونا چاہیئے۔

۵۔ املاء و انشاء کے رموز و قواعد کا التزام ضروری ہے۔

۶۔ مقالہ کی تین مطبوعہ کاپیاں (Hard copies) اور ایک سافٹ کاپی مطلوب ہو گی۔

۷۔ مقالہ نگار دو سو پچاس (۲۵۰) الفاظ پر مشتمل اپنے مقالہ کا ملخص بحث (Abstract) انگریزی زبان میں مقالہ کے ساتھ فراہم کرے گا۔

۸۔ مقالہ اردو، عربی اور انگریزی زبان میں لکھا جاسکتا ہے۔

۹۔ اغلاط سے حتیٰ الامکان اجتناب کیا جانا چاہیئے۔

ترتیب و تدوین کے قواعد:

تحقیقی مقالہ درج ذیل امور پر مشتمل ہونا چاہیے:

۱۔ خلاصہ (Abstract)

اس میں بالاختصار مضمون کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ اور یہ انگریزی زبان میں لکھنا ہو گا۔

۲۔ تعارف (Introduction)

اس میں تحقیق کا مقصد، طریقہ کار، امتیازی خصائص اور مقالے کا تعارف مختصراً پیش کیا جانا چاہیے۔

۳۔ **کلیدی الفاظ (Keywords)**

مقالے سے متعلق موضوع کی مناسبت سے پانچ کلیدی الفاظ شامل کیجیے۔

۴۔ **نتائج (Conclusion)**

مقالہ میں نتائج بحث منطقی ترتیب و تسلسل کے ساتھ پیش کرنے چاہیے۔

۵۔ **بحث (Discussion)**

مقالہ کے اس حصے میں مقالہ نگار اپنے تحقیق سے متعلقہ مواد تفصیلاً پیش کرے گا۔

۶۔ **حوالہ جات (References)**

حوالہ جات دینے کے لئے درج ذیل ہدایات ملحوظ رکھنی چاہیے:

i) حوالہ جات بحث کے آخر میں دیئے جائیں۔

ii) مقالہ کے حواشی اور حوالہ جات کی ترتیب میں شکاگو مینوئل سٹائل (Chicago Manual Style) کو بروئے کار لایا جائے۔

iii) کتاب کا حوالہ دیتے وقت مصنف کا معروف نام، کتاب کا مختصر نام، ناشر اور مقام اشاعت، سن اشاعت وغیرہ اور اس کے بعد صفحہ، جلد نمبر درج کریں۔ مثلاً **ابن کثیر، تفسیر القرآن العظیم، دار صادر، بیروت، ۱۳۵۴ھ ص:۲/ ۳۱۲**

iv) ایک ہی حوالہ متعدد جگہوں پر دینا مقصود ہو تو اختصار کے اسلوب تحقیق میں معروف رموز و اشارات کا استعمال کیا جاسکتا ہے۔

v) مقالہ میں موجود تمام قرآنی آیات عربی رسم الخط میں تحریر ہونے چاہیے۔ آیات کا حوالہ دینے کے لئے درج ذیل طریقہ اختیار کیا جائے۔ مثلاً **سورۃ النساء:۴/ ۱۸۴**

vi) تمام احادیث کی تشریح کریں اور اُس کے لئے درج ذیل مثال کو مد نظر رکھیں:

البخاری، الجامع الصحیح، کتاب العلم، باب إفشاء السلام من الإسلام، حدیث نمبر:۲۹، دار السلام، ریاض، ۱۴۱۲ھ، ص:۱/ ۸

vii) مقالہ میں مذکور تمام غیر معروف شخصیات کا مختصر تعارف کروائیں اور اس ضمن میں علم الرجال اور الطبقات کی کتب سے حوالہ جات دیں۔

مجلس ادارت:

(قومی)

- **پروفیسر ڈاکٹر محمد اکرم چوہدری**، وائس چانسلر سرگودھا یونیورسٹی، سرگودھا
- **پروفیسر ڈاکٹر سہیل حسن**، ڈائریکٹر ادارہ تحقیقات اسلامی، اسلام آباد
- **پروفیسر ڈاکٹر علی اصغر چشتی**، ڈین کلیہ عربی وعلوم اسلامیہ، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد
- **پروفیسر ڈاکٹر احمد جان**، صدر شعبہ دعوت واسلامی ثقافت، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، اسلام آباد
- **پروفیسر ڈاکٹر معراج الإسلام ضیاء**، صدر شعبہ علوم اسلامیہ پشاور یونیورسٹی، پشاور
- **پروفیسر ڈاکٹر دوست محمد**، ڈائریکٹر شیخ زاید اسلامک سنٹر، پشاور یونیورسٹی، پشاور
- **پروفیسر ڈاکٹر حماد لکھوی**، شعبہ علوم اسلامیہ، پنجاب یونیورسٹی، لاہور

(بین الاقوامی)

- **پروفیسر ڈاکٹر احمد یوسف درویش**، پریزیڈنٹ بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، اسلام آباد
- **پروفیسر ڈاکٹر محمد شکری صالح**، ڈائریکٹر اسلامی ترقیاتی مینجمنٹ یو ایس ایم، ملائشیا
- **پروفیسر ڈاکٹر صہیب حسن**، سیکرٹری شریعہ کونسل، لندن، برطانیہ
- **پروفیسر ڈاکٹر محمد حفیظ ارشد**، ڈائریکٹر ہائر لرننگ سنٹر، برطانیہ
- **پروفیسر ڈاکٹر خادم حسین الٰہی بخش**، طائف یونیورسٹی، سعودی عرب
- **پروفیسر ڈاکٹر عبد العزیز بن مبروک الأحمدی**، مدینہ یونیورسٹی، سعودی عرب
- **پروفیسر ڈاکٹر برکات دیب**، ازہر یونیورسٹی، قاہرہ، مصر
- **پروفیسر ڈاکٹر فتح الرحمن القرشی**، اُم درمان اسلامی یونیورسٹی، سوڈان

مجلس مشاورت:

- **پروفیسر ڈاکٹر عبدالرؤف ظفر**، صدر شعبہ علوم اسلامیہ، سرگودھا یونیورسٹی، سرگودھا
- **پروفیسر ڈاکٹر عطاءاللہ فیضی**، شعبہ علوم اسلامیہ، نیشنل یونیورسٹی آف ماڈرن لینگویجز، اسلام آباد
- **پروفیسر بریگیڈیر (ر) واثق احمد**، صدر شعبہ پاک اسٹڈیز، نیشنل یونیورسٹی آف ماڈرن لینگویجز، اسلام آباد
- **پروفیسر ڈاکٹر تاج الدین ازہری**، سابق صدر شعبہ علوم اسلامیہ، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، اسلام آباد
- **پروفیسر ڈاکٹر مستفیض علوی**، شعبہ علوم اسلامیہ، لاہور لیڈز یونیورسٹی، لاہور
- **پروفیسر ڈاکٹر فضل ربی**، چیف ایسوسی ایٹس اکیڈیمکس، فاونڈیشن یونیورسٹی، اسلام آباد
- **پروفیسر ڈاکٹر عبدالحمید عباسی**، صدر شعبہ قرآن وتفسیر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد
- **پروفیسر ڈاکٹر محمد سجاد**، شعبہ علوم اسلامیہ، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد
- **پروفیسر ڈاکٹر محمد عبداللہ**، شیخ زید اسلامک سنٹر، پنجاب یونیورسٹی، لاہور
- **ڈاکٹر طاہر محمود**، سابق صدر شعبہ ہومینیٹیز، وفاقی اردو یونیورسٹی، اسلام آباد
- **ڈاکٹر محمد الیاس**، شعبہ حدیث، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، اسلام آباد
- **ڈاکٹر حافظ عبدالقیوم**، شیخ زید اسلامک سنٹر، پنجاب یونیورسٹی، لاہور
- **ڈاکٹر محمد ریاض وردگ**، سابق صدر شعبہ علوم اسلامیہ ومطالعہ مذاہب، ہزارہ یونیورسٹی، مانسہرہ
- **ڈاکٹر عبدالعلی اچکزئی**، صدر شعبہ علوم اسلامیہ، بلوچستان یونیورسٹی، کوئٹہ
- **ڈاکٹر خلیق الرحمان**، شعبہ اسلامی فکر وتہذیب، یونیورسٹی آف منیجمنٹ اینڈ ٹیکنالوجی، لاہور

شرکاء مقالہ نگار

- **ڈاکٹر حافظ محمد شہباز حسن**، اسسٹنٹ پروفیسر، شعبہ علوم اسلامیہ، انجینئرنگ یونیورسٹی، لاہور
- **محمد عثمان**، پی ایچ ڈی سکالر، انجینئرنگ یونیورسٹی، لاہور
- **ڈاکٹر میمونہ تبسم**، اسسٹنٹ پروفیسر، شعبہ علوم اسلامیہ، گورنمنٹ کالج خواتین یونیورسٹی، لاہور
- **پروفیسر ڈاکٹر عبدالرؤف ظفر**، صدر شعبہ علوم اسلامیہ، یونیورسٹی آف سرگودھا، سرگودھا
- **ڈاکٹر آسیہ رشید**، اسسٹنٹ پروفیسر، شعبہ علوم اسلامیہ، نیشنل یونیورسٹی آف ماڈرن لینگویجز، اسلام آباد
- **ڈاکٹر رانا مطلوب احمد**، اسسٹنٹ پروفیسر، شعبہ علوم اسلامیہ، جی سی یونیورسٹی، فیصل آباد
- **ڈاکٹر سید علی انور**، ڈین لسانیات، نیشنل یونیورسٹی آف ماڈرن لینگویجز، اسلام آباد
- **بریگیڈیئر (ر) ڈاکٹر فضل ربی**، چیف ایسوسی ایٹس اکیڈیمکس، فاونڈیشن یونیورسٹی، اسلام آباد
- **ارم سلطانہ**، لیکچرار، شعبہ علوم اسلامیہ، نیشنل یونیورسٹی آف ماڈرن لینگویجز، اسلام آباد
- **ڈاکٹر محمد الیاس**، اسسٹنٹ پروفیسر، شعبہ حدیث، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، اسلام آباد
- **ڈاکٹر سید عبدالغفار بخاری**، صدر شعبہ علوم اسلامیہ، نیشنل یونیورسٹی آف ماڈرن لینگویجز، اسلام آباد
- **ساجد محمود**، لیکچرار، شعبہ علوم اسلامیہ، ہزارہ یونیورسٹی، مانسہرہ
- **ڈاکٹر محمد ریاض**، اسسٹنٹ پروفیسر، شعبہ علوم اسلامیہ، ہزارہ یونیورسٹی، مانسہرہ
- **ڈاکٹر طاہر محمود**، اسسٹنٹ پروفیسر، شعبہ علوم اسلامیہ، وفاقی اردو یونیورسٹی، اسلام آباد
- **عرفان شہزاد**، لیکچرار، پاک ترک انٹرنیشنل سکولز اینڈ کالجز، اسلام آباد
- **ڈاکٹر عتیق الرحمن**، اسسٹنٹ پروفیسر، شعبہ علوم اسلامیہ، انجینئرنگ یونیورسٹی، لاہور
- **ڈاکٹر ضیاء الرحمن**، لیکچرار، شعبہ علوم اسلامیہ،، اسلامی یونیورسٹی، بہاولپور

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اداریہ

قارئین کرام کی خدمت میں مجلہ البَصِیْرَۃ کا پانچواں شمارہ پیش کیا جارہا ہے۔ الحمدللہ البَصِیْرَۃ اپنی اشاعت کے تیسرے سال میں کامیابی کے ساتھ داخل ہو چکا ہے۔

یہ امر قابل صد ستائش ہے کہ علمی و تحقیقی حلقوں میں بحمد للہ تعالیٰ البَصِیْرَۃ نے اپنے تحقیقی شماروں کے باعث بہت قلیل مدت میں ایک ممتاز نام و مقام پیدا کیا ہے۔ البَصِیْرَۃ کو یہ اعزاز بھی حاصل ہے کہ گزشتہ عرصہ میں بروقت اشاعت، قومی و بین الاقوامی محققین کی مسلسل دلچسپی اور تحقیقی معیار برقرار رکھنے کی روایت نے البَصِیْرَۃ کو صفِ اول کے مجلات میں لا کھڑا کیا ہے۔ یقیناً یہ علمی سفر ریکٹر نمل میجر جنرل (ر) مسعود حسن اور ڈائریکٹر جنرل نمل بریگیڈیر اعظم جمال کی خصوصی سرپرستی و تعاون سے ممکن ہو سکا ہے۔ جزاھم اللہ خیرا

مزید یہ کہ ادارہ کی ہمیشہ سے یہ کوشش رہی ہے کہ ہائر ایجوکیشن (HEC) کے قائم کردہ کوالٹی اور تحقیقی معیار کو بہر صورت برقرار رکھتے ہوئے اپنا علمی و تحقیقی سفر جاری و ساری رکھے اور بہتر سے بہتر تحقیقی و علمی شہ پارے قارئین کرام کی خدمت میں پیش کرے۔ اس لئے ہماری ارباب دانش و بینش، محققین، اساتذہ کرام و دیگر قارئین سے استدعا ہے کہ وہ عصر حاضر کے علوم اسلامیہ سے متعلقہ اچھوتے اور علمی اہمیت کے حامل جدید مسائل و چیلنجز کا علمی و فکری حل تحقیقی انداز میں پیش کرنے کے لئے ہماری معاونت جاری رکھیں اور معیاری مقالات ارسال کرتے رہیں۔

ادارہ البَصِیْرَۃ کی طرف سے مرتب کئے گئے قواعد و ضوابط کے تحت کوئی بھی مقالہ ماہرین کی جائزہ رپورٹ (Evaluation Report) کے بعد ہی مجلّہ کی زینت بن سکتا ہے۔ انہی ضوابط کی وجہ سے مجلّہ کا علمی پایہ بلند ہوتا ہے۔ ان مقالہ نگاروں سے معذرت، جن کے مقالات اس شمارہ میں شامل نہیں ہو سکے۔

البَصِیْرَۃ کے موجودہ شمارے میں موصول شدہ بیسیوں تحقیقی مقالات میں سے گیارہ مقالات کا پیئر ریویو (Peer Review) کے ذریعے انتخاب کیا گیا ہے، جن میں سے پانچ اردو، چار عربی اور دو انگریزی مقالات شامل کئے گے ہیں۔ یہ مقالات در حقیقت مختلف شعبہ ہائے جات سے وابستہ اسکالرز کی بہترین تحقیقی کاوشوں کا نتیجہ ہیں۔ یہ علمی تحقیق فی الواقع عصر حاضر کے جدید مسائل و چیلنجز کے تعارف اور حل کا ذریعہ بنے گی۔ إن شاء اللہ

قارئین کرام کی سہولت اور بین الأقوامی معیار کے پیش نظر رکھتے ہوئے مجلہ ہذا کے تمام شمارہ جات نمل یونیورسٹی کی ویب سائٹ www.numl.edu.pk پر بھی اَپ لوڈ کئے جارہے ہیں۔

شمارہ ہذا کی طباعت کے سلسلہ میں ریکٹر نمل اور ڈی جی نمل کے تعاون و سرپرستی، اور شرکاء مقالہ نگار اساتذہ و محققین و معاونین کا تہہ دل سے شکریہ ادا کرتا ہوں۔ اللہ تعالی سے دعا ہے کہ وہ البَصِیْرَۃ کو مزید پذیرائی اور مقبولیت عطاء فرمائے، اور ہم سب کے لئے ذخیرۂ آخرت بنائے (آمین)۔

ڈاکٹر سید عبد الغفار بخاری

مدیر البَصِیْرَۃ

فقہ اسلامی میں مقاصد شریعت کے مدارج

The Stages of Objectives of Islamic Shari'ah

ڈاکٹر حافظ محمد شہباز حسن*

محمد عثمان **

ABSTRACT

Al-Maqasid (the purposes) is a guide to Islam written by Imam Shatibi in his book "Al-Mowafaq'at". It covers purposes of Islamic faith, Zakat, pilgrimage etc. Maqasid al-Shari'ah is a system of values that could contribute to a desired and sound application of the Shari'ah." This concept has been employed as a legal hermeneutical tool in pre-modern Islamic law at least since 3 H.D. It is based on the idea that Islamic law is purposive in nature, that is, to mean that the law serves particular purposes (e.g., promoting people's benefit and welfare and protecting them from harm) that are either explicitly present in or can be derived from the fountainheads of the sources of Islamic law, namely, the Quran & the Sunnah. Maqasid al-Sharia is also an umbrella term that includes many other concepts that have been closely linked to it in the premodern Islamic tradition, most notably the idea of public interests and unrestricted interests (al-Masalih al-Mursala), as well as other principles such as *istihsan* (juridical preference), istis'hab (presumption of continuity), and avoidance of mischief (all of which are considered to be directives in accordance with Allah's will). Spiritual Principles include: the free right and duty to be aware of and to worship Allah and to search for ultimate truth and justice; the duty to respect the human person, known as the natural principle of personalism; the duty to respect the coherent order of all creation, i.e. ecology and environment; and the duty to respect human community based on the sacredness of each of its members.

Keywords: "Al-Mowafaq'at", Imam Shatibi, Al-Maqasid (the purposes), Islamic law, Al-Shari'ah, Rights, Public Interests

---

* اسسٹنٹ پروفیسر شعبہ علوم اسلامیہ، انجینئرنگ یونیورسٹی، لاہور

* پی ایچ ڈی سکالر، انجینئرنگ یونیورسٹی، لاہور

اصولِ فقہ کے ذیلی مباحث میں ایک عنوان **"احکامِ شریعت کے مقاصد اور اس کے مدارج"** کا بھی آتا ہے، موضوع کی اہمیت اور طبعی ترتیب کا تقاضا تھا کہ اسے تمام اصولی موضوعات ومباحث کی تمہید قرار دیاجاتا، یاکم ازکم اصولِ اربعہ، کتاب، سنت، اجماع اور قیاس میں سے اصل رابع، یعنی قیاس کے مباحث کی ابتداء اس سے ہوتی۔ تاکہ وہ مقاصد ومصالح جو شرعی احکام میں ملحوظ رکھے گئے ہیں، ان پر روشنی پہلے پڑتی، اور متعلقہ مسائل کو سمجھنے میں اس سے مدد ملتی۔ لیکن اصولِ فقہ کے ماہرین اس موضوع کو ایک ذیلی وضمنی بحث کے طور پر غالباً اس لیے ذکر کرتے ہیں کہ نصوص میں ان مقاصد کا ذکر یک جاطور پر اور صراحت کے ساتھ کہیں نہیں ملتا۔ حالانکہ ان کا معتبر ہونا اور احکامِ شریعت کا ان کے گرد دائر ہونا ایک ایسی حقیقت ہے، جس کا انکار نہیں کیاجاسکتا۔ اور یہ بات نصوص یعنی قرآنی آیات واحادیث کے استقراءاور تتبع سے ثابت ہے۔

علامہ شاطبی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی کتاب "الموافقات"(اصولِ فقہ اور اسرارِ شریعت کی ایک جامع کتاب) میں اس موضوع پر بہت زیادہ تفصیل سے روشنی ڈالی ہے۔ انہوں نے خود ہی یہ سوال قائم کیاہے کہ جب یہ حقیقت ہے کہ احکامِ شریعت میں مقاصد ومصالح کا لحاظ رکھا گیاہے اور تمام احکام ضروری، حاجیاتی اور تحسینی مصالح کے گرد دائر ہیں، تو پھر اس کا ثبوت تو قطعی دلیل سے ہونا چاہئے۔ کیونکہ یہ مقاصد تو شریعت کی روح اور بنیادی اصول کی حیثیت رکھتے ہیں۔ اس سوال کا جواب دیتے ہوئے انہوں نے لکھاہے کہ دراصل شرعی احکام پر تفصیلی نظر ڈالنے سے ان مقاصد کے ملحوظ ہونے کا یقین اسی طرح ہوتا ہے، جس طرح کہ لوگوں کو حاتم کی سخاوت کا یقین ہے، شرعی نصوص کے عموم وخصوص، مطلق ومقید اور دوسرے قرائن سب اس کی تائید کرتے ہیں کہ شریعت میں ان مقاصد کی رعایت رکھی گئی ہے۔ اور تمام تر شرعی احکام کی بنیاد انہیں مقاصد اور کلیات واصول پر ہے اور یہ علم استقرائی ہونے کے باوجود اسی طرح یقینی ہے، جس طرح کہ قدرِ مشترک کے تواتر سے یقینی علم حاصل ہوا کرتا ہے۔ اس لیے کہاجاسکتاہے کہ اس کے ثبوت میں ایک نہیں، بلکہ بہت سے دلائل ہیں۔ اور ان مقاصد کی واقعیت ہر شک وشبہہ سے بالاتر ہے۔[1]

انسان کو اللہ تعالیٰ نے عقل کی دولت سے نوازاہے اور اس کا یہ امتیاز ہی اس کی تکلیف کا مدار اور شرعی احکام کا مخاطب ومکلف ہونے کی بنیاد ہے اور ہمارا عقیدہ ہے کہ باری تعالیٰ حکیم ہے اور حکیم کا کوئی

فعل حکمت و مصلحت سے خالی نہیں ہوتا اور وہ رؤف ورحیم بھی ہے، اس لیے اس کے ہر فرمان میں انسان کی سعادت اور اس کی بھلائی بھی ملحوظ رکھی گئی ہے، شریعت کے عمومی نصوص سے اس کی نشاندہی ہوتی ہے، حضور اکرم ﷺ کے بارے میں فرمایا گیا:

﴿ وَمَآ أَرۡسَلۡنَٰكَ إِلَّا رَحۡمَةٗ لِّلۡعَٰلَمِينَ ﴾ (۲)

(ہم نے آپ کو ساری کائنات کے لیے رحمت ہی بنا کر بھیجا ہے۔)

عام دینی احکام کے بارے میں فرمایا گیا:

﴿مَا يُرِيدُ ٱللَّهُ لِيَجۡعَلَ عَلَيۡكُم مِّنۡ حَرَجٖ وَلَٰكِن يُرِيدُ لِيُطَهِّرَكُمۡ وَلِيُتِمَّ نِعۡمَتَهُۥ عَلَيۡكُمۡ ﴾ (۳)

(اللہ یہ نہیں چاہتا کہ دین میں تم پر تنگی پیدا کرے۔ لیکن وہ چاہتا ہے کہ تمھیں پاک کرے اور تم پر اپنی نعمتوں کو مکمل کر دے۔)

نماز کے بارے میں کہا گیا:

﴿إِنَّ ٱلصَّلَوٰةَ تَنۡهَىٰ عَنِ ٱلۡفَحۡشَآءِ وَٱلۡمُنكَرِۗ ﴾ (۴)

(بے شک نماز بے حیائی کی باتوں اور منکرات سے روکتی ہے۔)

روزہ کی فرضیت کے مقصد کی طرف اشارہ کرتے ہوئے فرمایا گیا ہے:

﴿كُتِبَ عَلَيۡكُمُ ٱلصِّيَامُ كَمَا كُتِبَ عَلَى ٱلَّذِينَ مِن قَبۡلِكُمۡ لَعَلَّكُمۡ تَتَّقُونَ ﴾ (۵)

(تم پر روزہ اسی طرح فرض کیا گیا ہے جس طرح کہ تم سے پہلے لوگوں پر۔ تاکہ تم پرہیز گار بن جاؤ۔)

قصاص کی مشروعیت کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا گیا ہے:

﴿ وَلَكُمۡ فِي ٱلۡقِصَاصِ حَيَوٰةٞ يَٰٓأُوْلِي ٱلۡأَلۡبَٰبِ لَعَلَّكُمۡ تَتَّقُونَ ﴾ (۶)

(اور تمھارے لیے قصاص میں زندگی ہے، اے عقل والو!)

یہ اور اس طرح کی سینکڑوں آیات اور احادیث ایسی ہیں، جن میں واضح طور پر ان مقاصد کی طرف اشارہ کیا گیا ہے، جو شرعی احکام میں ملحوظ رکھے گئے ہیں اور ان "مصالح" کی نشاندہی کی گئی ہے، جن

کا روبہ عمل لانا ان احکام کا مقصود ہے "مقاصد شریعت" کا جاننا ہر شخص کے لیے مفید ہے، شرعی حکم کے ساتھ اگر اس کی مصلحت و حکمت بھی معلوم ہو تو آدمی کے یقین میں اضافہ اور ایمان میں تازگی پیدا ہوتی ہے اور علم الیقین کے بعد حق الیقین کا درجہ حاصل ہوتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ امام غزالی، علامہ عزالدین، ابن عبد السلام، علامہ ابن القیم، علامہ شاطبی اور حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہم نے اسرار شریعت کو اپنا موضوع بنایا اور شرعی احکام کی حکمت سے روشناس کرنے کی کوشش کی ہے۔

علمائے مجتہدین کے لیے اصول وکلیات پر نظر اور شریعت کے مقاصد کو جاننا اور بھی ضروری ہے۔ تاکہ وہ نئے مسائل میں ان مقاصد سے راہنمائی حاصل کر سکیں اور ان نصوص میں جو بظاہر متعارض نظر آتی ہوں، تطبیق دے سکیں اور کسی جزئیہ کا حکم تلاش کرنے میں شریعت کے عمومی مصالح اور مزاج و مقاصد کو فراموش کر کے غلطی کا ارتکاب نہ کر بیٹھیں۔ جہاں تک اس فرسودہ اشکال کا تعلق ہے کہ باری تعالیٰ کے افعال معلل بالاغراض ہیں یا نہیں؟ اور ان مقاصد و مصالح پر زور دینے میں خدا کی ذات کی طرف نقص کا انتساب تو لازم نہیں آئے گا؟ تو یہ بحث اصولِ فقہ کی نہیں، بلکہ علمِ کلام کی ہے۔ امام رازی رحمۃ اللہ علیہ نے گو کہ یہ دعویٰ کیا ہے کہ باری تعالیٰ کے احکام بھی اسی طرح "معلل بالعلۃ" نہیں ہیں، جس طرح کہ اس کے افعال معلل بالاغراض نہیں ہیں۔ لیکن ان کی یہ بات قابل تسلیم نہیں ہے اور جیسا کہ محقق ابن الہمام نے لکھا ہے کہ اکثر فقہائے متاخرین نے اس پر اتفاق کیا ہے کہ اللہ تعالیٰ کے احکام میں بندوں کے مصالح کی رعایت ملحوظ رکھی گئی ہے(۷)۔

اشاعرہ اور ارباب ظواہر اگرچہ اس کے قائل ہیں کہ باری تعالیٰ ایسا حکم دے سکتا ہے جس کی کوئی مصلحت نہ ہو۔ لیکن وہ بھی اس بات پر زور دیتے ہیں کہ عملاً جو احکام دیے گئے ہیں، ان میں مصلحت پائی جاتی ہے، احناف اور شوافع میں سے جو لوگ مصالح کو ہی احکام کی علت قرار دیتے ہیں، وہ اس کی توجیہ کرتے ہیں کہ علت سے مراد حکم کی علت ہے، ایسی علت نہیں ہے جو اللہ تعالیٰ کو اس پر ابھارنے والی ہو کہ وہ یہی حکم دے، دوسرا نہ دے۔

جن حضرات نے مصالح کو ہی علت قرار دیا ہے، ان کا کہنا یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ اپنے بندوں کے حق میں رحیم ہے، وہ شر و فساد کو دور کرتا اور بندوں کی راحت کے لیے حرج اور تنگی کے اسباب کو ختم کرتا ہے، اس لیے اس کا حکم مصلحت سے خالی نہیں ہو سکتا۔ حاصل یہ ہے کہ جس طرح یہ بات زیبا نہیں ہے کہ

اللہ تعالیٰ کے اوپر کوئی بات لازم وواجب کی جائے۔ اسی طرح یہ بات بھی نامناسب ہے کہ اس کے فعل کو بے مقصد اور عبث قرار دیا جائے۔ چنانچہ معتزلہ اور ارباب ظواہر دونوں ہی افراط و تفریط کا شکار ہیں۔ اور صحیح نقطہ نظر وہی ہے جس کی تائید محقق ابن الہمام رحمۃ اللہ علیہ اور دوسرے فقہاء رحمۃ اللہ علیہم نے کی ہے، علامہ انور شاہ کشمیری فرمایا کرتے تھے کہ باری تعالیٰ کے افعال کو معلل بالاغراض کے بجائے معلل بالغایات کہنا چاہئے۔ فیض الباری کے مقدمہ میں شاہ صاحب کے نقطہ نظر کی ترجمانی ان لفظوں میں کی گئی ہے:

ذكرالشيخ ابن الهمام في التحرير:أن الفقهاء والمحدثين أجمعوا على أن افعاله تعالى معللة بالأغراض ولادخل فيه للإستكمال فإن كماليته هى التى استوجبت أن ترتب على أفعاله تلك الأغراض فذاته تعالى لاتخلو في مرتبة من المراتب عن الكمال والصفات من فروع الذات كما يقول ابن الهمام وهو تعبير بديع والأنسب عندى أن تترك لفظ الأغراض وأن افعاله تعالىٰ معللة بالغايات (۸)

"ابن ہمام نے تحریر میں ذکر کیا ہے کہ فقہا اور محدثین اس بات پر متفق ہیں کہ اللہ تعالیٰ کے افعال تو اغراض و مقاصد کی علتوں کے ساتھ ہوتے ہیں، ان کی تکمیل کے مطالبے کا کوئی عمل دخل نہیں، اس کے کمال نے تو لازمی طور پر ان اغراض و مقاصد کو اُس کے افعال کے ساتھ جوڑ دیا ہے، لہٰذا اللہ تعالیٰ اپنی ذات کی فروع میں کسی بھی حالت میں کمال اور صفات سے خالی نہیں ہوتا، جیسا کہ ابن ہمام فرماتے ہیں، اور وہ تعبیر بدیع ہے، میرے نزدیک زیادہ مناسب یہ ہے کہ اغراض کا لفظ چھوڑ دیا جائے کیونکہ اللہ تعالیٰ کے افعال اغراض و مقاصد اور نتائج کی علتوں کے ساتھ ہی ہوتے ہیں۔"

اور یہاں ہماری گفتگو کا محور تکوینی افعال نہیں، بلکہ تشریعی احکام ہیں۔ بہر صورت لفظی نزاع خواہ جو بھی قائم کیا جائے، لیکن نصوص کی تعلیل ایک امر واقعہ ہے اور قیاس کے تمام تر مباحث اسی پر قائم ہیں۔ اسی لیے علمائے متاخرین نے تعلیل الاحکام کے موضوع پر مستقل کتابیں لکھی ہیں، جن میں ڈاکٹر محمد مصطفی شلبی کی کتاب "تعلیل الاحکام" قابل ذکر ہے۔ وہ مصالح جن کو بروئے کار لانا شریعت میں ملحوظ رکھا گیا ہے، یا وہ مقاصد جن کو شرعی احکام سے شارع نے پورا کرنا چاہا ہے، علمائے اصول نے استقراء اور تتبع کے بعد ان کی تین قسمیں کی ہیں۔

مقاصد شریعت کے تین مدارج

مقاصد شریعت کے تین مدارج متعین کئے گئے ہیں:

۱۔ ضروری مصالح

۲۔ حاجیاتی مصالح

۳۔ تحسینی مصالح

۱) ضروری مصالح:

اس سے مراد وہ امور ہیں، جن پر انسان کی دینی اور دنیوی زندگی موقوف ہے۔ جن میں خلل واقع ہونے سے نہ صرف انسان کی دنیوی زندگی فساد اور انتشار کا شکار ہوتی ہے، بلکہ آخرت کی زندگی بھی بگڑتی ہے اور ثواب وراحت کے بجائے آدمی عذاب ومصیبت کا مستحق بن جاتا ہے۔

ضروری مصالح کے ذیل میں پانچ چیزوں کی حفاظت شریعت کا مطمحِ نظر اور شرعی احکام کا مقصود ومدعا ہے۔ اور انہی پانچوں کلیات واصول کی حفاظت سے انسان کی دنیوی زندگی کی سلامتی بھی وابستہ ہے۔ اور آخرت میں فوز وفلاح اور سعادات وکامرانی بھی؛ اور وہ درجہ بدرجہ اس طرح ہیں:

۱۔ دین کی حفاظت

۲۔ جان کی حفاظت

۳۔ عقل کی حفاظت

۴۔ نسل کی حفاظت

۵۔ مال کی حفاظت

دین کی حفاظت: اللہ تعالیٰ نے انسان کی صلاح وفلاح کے لیے دین نازل کیا اور انسان کی قوت نظری اور عملی دونوں کی تکمیل کے لیے صحیح عقیدہ اور عبادت کی تلقین کی، اور یہ بات فرض کی کہ آدمی سچے دین سے وابستہ رہے اور دین کی حفاظت کی خاطر جہاد فرض کیا، غلط افکار وعقائد کی ترویج کی ممانعت کی، ارتداد کی سزا متعین کی اور دینِ حق سے پھر جانے پر عقوبت رکھی ہے۔ گو کہ اصولی حیثیت سے فکر وعقیدہ کی آزادی دی ہے۔ لیکن جب یہ آزادی دینِ حق کی راہ میں رکاوٹ بننے لگے، تو پھر فسادِ دین کے سدّباب کا حکم دیا۔ اسلام دین کو تحفظ فراہم کرتا ہے۔

اسلام انسانی عقائد کو ایمان کے بنیادی ارکان کے ذریعہ دلوں میں پیوست کرتا ہے ،اور یہ عقائد کوئی موروثی یا تقلیدی نہیں، بلکہ معقول اور منطقی دلائل پر مبنی ہیں۔ قرآن میں اللہ تعالیٰ نے آفاق و انفس کی ایسی کھلی نشانیاں بیان کی ہیں، جنہیں دیکھ کر ایک بندہ فطری طور پر اللہ کی ذات پر ایمان لانے پر مجبور ہوتا ہے اوراس کے قانون کا پابند ہو جاتا ہے۔ اس پابندی کے لیے اسلام بندے کو عبادات کا ایسا کورس دیتا ہے، جن کی بدولت ایمان میں استحکام پیدا ہوتا ہے اوراپنے خالق سے اس کا تعلق مضبوط ہوتا ہے۔اس کے بعد اسلام بندے کو مکلف کرتا ہے کہ وہ جس عقیدے پر ایمان لایا ہے اوراس کی تعلیمات کے مطابق زندگی گزار رہا ہے اس کی طرف لوگوں کو دعوت بھی دے۔

اسلام کا دعوی ہے کہ یہی دین حق ہے۔اسلام کے علاوہ اور کوئی دین بندے سے قبول نہیں کیاجائے گا۔ دنیا کی درستگی اور آخرت کی کامیابی کے لیے اللہ کا اتارا ہوا یہ نظام حیات ہے، اس کے باوجود اسے اپنانے اور نہ اپنانے میں انسان کو اختیار دیا گیا۔ اسلام کسی پر اپنا عقیدہ کسی پر زبردستی تھوپنے کی اجازت نہیں دیتا۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

﴿ لَآ إِكۡرَاهَ فِي ٱلدِّينِۖ ﴾ (۹)

(دین کے معاملے میں کوئی زور زبردستی نہیں۔)

یہ آیت کریمہ اس پس منظر میں نازل ہوئی کہ چند انصاری صحابہ رضی اللہ عنہم کی اولاد اب تک یہودی یاعیسائی دین پر تھی، انہوں نے اپنے بچوں کو اسلام قبول کرنے پر مجبور کرنا چاہا، تو اللہ تعالیٰ نے یہ آیت کریمہ نازل فرمادی، جس میں انھیں مجبور کرنے سے منع کر دیا گیا۔ اسلام نے غیر مسلموں کو مذہبی آزادی ہی نہیں دی، بلکہ ان کے لیے ایسے قوانین دیئے، جن کے تناظر میں وہ اپنے مذہبی شعائر کو بہ احسن وخوبی انجام دے سکتے ہیں ۔ دین کے تحفظ کی خاطر اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں کو حکم دیا کہ وہ غیر مسلموں کے معبودوں کو برا بھلا نہ کہیں، مبادا کہ وہ جہالت کی بنیاد پر اللہ کو سب وشتم کا نشانہ بنائیں۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

﴿ وَلَا تَسُبُّواْ ٱلَّذِينَ يَدۡعُونَ مِن دُونِ ٱللَّهِ فَيَسُبُّواْ ٱللَّهَ عَدۡوَۢا بِغَيۡرِ عِلۡمٖۗ ﴾ (۱۰)

(اور (ایمان والو!) یہ لوگ اللہ کے سوا جن کو پکارتے ہیں انہیں گالیاں نہ دو، کہیں ایسا نہ ہو کہ یہ شرک سے آگے بڑھ کر جہالت کی بنا پر اللہ کو گالیاں دینے لگیں۔)

لیکن یہ بھی سچائی ہے کہ جب کوئی پوری رغبت کے ساتھ اسلام قبول کرتا ہے، تو اس کے لیے اس بات کی گنجائش نہیں رہتی کہ پھر اس سے پھر جائے۔ یہ تو بہت بڑی غداری ہے، جب بادشاہ کے ساتھ غداری یا محکمہ افواج کے سربستہ رازوں کے افشا پر موت کی سزا دی جاسکتی ہے، تو جو اِنسان اللہ کے نازل کردہ قانون کا پابند بن کر پھر اس کی اطاعت کا قلادہ گردن سے نکال پھینکتا ہے، حالانکہ اسے اپنانے میں اسے اختیار تھا۔ تو ظاہر ہے، ایسے انسان کی سزا موت ہی ہونی چاہیے کہ وہ ایک تو خالق کائنات کے ساتھ غداری کر رہا ہے، تو دوسری طرف سماج میں فکری انتشار کا باعث اور ضعیف الاعتقاد لوگوں کے لیے فتنے کا سبب بن رہا ہے۔ اسی لیے اللہ کے رسول ﷺ نے فرمایا:

مَنْ بَدَّلَ دِينَهُ فَاقْتُلُوهُ[11]

(جو مرتد ہو جائے اسے قتل کر دو۔)

غرضیکہ اسلام دین حق ہونے کے باجود ہر مذہب کے ماننے والوں کو اپنے اپنے مذہب کے مطابق چلنے کی اجازت دیتا ہے، اس لیے یہ کہنا بالکل غلط ہے کہ اسلام دوسرے مذاہب کو برداشت نہیں کرتا۔ سچائی یہ ہے کہ اسلام ہر انسان کو مذہبی تحفظ فراہم کرتا ہے۔

جان کی حفاظت: اس کرۂ ارض پر اللہ تعالیٰ نے انسان کو پیدا کیا اور توالد و تناسل کے سلسلہ اور نسلِ انسانی کے وجود اور اس کی بقا اور استمرار کے لیے نکاح کو مشروع قرار دیا ہے، کھانا پانی اور لباس کی وہ مقدار جو جان کی حفاظت کے لیے ضروری ہو اُس کے استعمال کو ضروری قرار دیا، دوسری طرف انسانی جان کو پیش آنے والے خطرات سے باز رہنے کی تلقین کی ہے، خودکشی کو حرام کیا ہے، قتل نفس کی سزا رکھی ہے اور قصاص، دیت اور کفارہ وغیرہ متعین کئے ہیں، تاکہ انسانی جان کی حفاظت کی جاسکے۔

اسلام کی نظر میں ساری جانیں برابر تحفظ کا حق رکھتی ہیں، کھانا، پینا، لباس و پوشاک اور رہائش یہ انسانی زندگی کی بقا کے وسائل ہیں، اسلام انہیں اختیار کرنے کا حکم دیتا ہے تاکہ جان کی حفاظت ہو سکے، بلکہ بسا اوقات اسلامی حکومت زندگی کے یہ لوازمات فراہم کرنے کی پابند ٹھہرتی ہے، اسی طرح حکومت کی ذمہ داری ہے کہ جان کی حفاظت کے لیے قضا و عدالت، حفاظتی دستوں اور محکمہ افواج کا انتظام کرے۔ اسلام کو جان کی حفاظت اس قدر مطلوب ہے کہ دوسروں پر زیادتی کو حرام ٹھہراتا ہے، چاہے وہ مسلم ہو یا غیر مسلم۔ کسی فرد کے قتل ناحق کو پوری انسانیت کا قتل قرار دیتا ہے۔ چنانچہ ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

﴿أَنَّهُۥ مَن قَتَلَ نَفْسًۢا بِغَيْرِ نَفْسٍ أَوْ فَسَادٍ فِى ٱلْأَرْضِ فَكَأَنَّمَا قَتَلَ ٱلنَّاسَ جَمِيعًا وَمَنْ أَحْيَاهَا فَكَأَنَّمَآ أَحْيَا ٱلنَّاسَ جَمِيعًا﴾[۱۲]

(جو کوئی کسی انسان کو جبکہ اس نے کسی کی جان نہ لی ہو یا زمین میں فساد برپا نہ کیا ہو، قتل کرے تو گویا اس نے تمام انسانوں کو قتل کر ڈالا اور جو کوئی کسی ایک جان کو (ناحق قتل ہونے سے) بچائے تو گویا اس نے تمام انسانوں کی جان بچائی۔)

اور سنن کی روایت ہے کہ اللہ کے رسول ﷺ نے فرمایا:

مَنْ قَتَلَ مُعَاهَدًا فِي غَيْرِ كُنْهِهِ حَرَّمَ اللَّهُ عَلَيْهِ الْجَنَّةَ.[۱۳]

(جس نے کسی معاہد (ذمی) کو بغیر کسی وجہِ جواز کے قتل کر دیا تو اللہ نے اس پر جنت حرام کر دی۔)

ساری مخلوق اگر ایک مومن کے قتل میں شریک ہو جائے, تو سب کی سب جہنم کی حقدار ہو گی۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ اللہ کے رسول ﷺ نے فرمایا:

لَوْ أَنَّ أَهْلَ السَّمَاءِ، وَالْأَرْضِ اشْتَرَكُوا فِي دَمِ مُؤْمِنٍ لَأَكَبَّهُمُ اللَّهُ فِي النَّارِ[۱۴]

(اگر سارے آسمان اور زمین والے ایک مومن کے قتل میں شریک ہوں، تو سب کو اَللہ جہنم میں اوندھے منہ ڈال دے گا۔)

اور اگر کسی نے کسی کو ناحق قتل کر دیا تو اسلام قصاص کے طور پر اسے بھی قتل کر دینے کا حکم دیتا ہے، کہ اگر قاتل کو مقتول کے بدلے قتل کر دیا جائے تو ہزاروں انسانوں کو ڈر لاحق ہو گا اور قتل کی جرأت نہ کر سکیں گے۔ اس طرح لوگوں کی جانیں محفوظ ہوں گی۔ اسی لیے اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

﴿وَلَكُمْ فِى ٱلْقِصَاصِ حَيَوٰةٌ يَٰٓأُو۟لِى ٱلْأَلْبَٰبِ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُونَ﴾[۱۵]

(عقل و خرد رکھنے والو! تمھارے لیے قصاص میں زندگی ہے امید ہے کہ تم بچ سکو۔)

اور اگر غلطی سے کسی کا قتل ہو جاتا ہے جسے "قتل خطا" کہتے ہیں، تو ایسی حالت میں مقتول کے ورثاء کے لیے دیت اور کفارہ طے کیا گیا ہے۔

عقل کی حفاظت: عقل اللہ تعالیٰ کی ایسی نعمت ہے جو اِنسان کو بہت سی دوسری مخلوقات پر امتیاز بخشتی ہے اور وہی اس کے احکامِ شریعت کے مکلف ہونے کی بنا بھی ہے۔ شریعت نے عقل کی حفاظت کی تلقین کی ہے اور اس میں بالیدگی کے لیے علم کو ضروری قرار دیا ہے۔ اور ہر اس چیز سے روکا ہے، جو اِنسان کی عقل کو کمزور کرے، یا زائل کر کے جرم کا ارتکاب کرے۔ اس کی حد متعین کی ہے اور اس کے لیے کوڑوں کی سزا طے کی ہے۔ اسلام عقل کو تحفظ فراہم کرتا ہے۔

عقل کی بدولت ہی انسان مکلف ٹھہرتا ہے، اسلام عقل سے کام لینے کی تاکید کرتا ہے، عقل کی مادی اور معنوی طریقے سے افزائش پر زور دیتا ہے۔ عقل کی مادی افزائش یہ ہے کہ بہترین اور صحت بخش غذا کا استعمال کیا جائے اور عقل کی معنوی افزائش یہ ہے کہ علم کے ذریعہ عقل میں وسعت پیدا کی جائے، اسلام نے عقل کو خرافات اور اوہام پرستی سے پاک کیا۔ کاہنوں، نجومیوں اور جوتشیوں کے چکروں سے آزادی عطا کی۔ پھر ہر اس کام کو حرام ٹھہرایا، جو انسانی عقل کو متاثر کرے۔ چنانچہ نشہ آور اشیاء کے استعمال پر پابندی لگادی گئی۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

﴿ يَٰٓأَيُّهَا ٱلَّذِينَ ءَامَنُوٓاْ إِنَّمَا ٱلْخَمْرُ وَٱلْمَيْسِرُ وَٱلْأَنصَابُ وَٱلْأَزْلَٰمُ رِجْسٌ مِّنْ عَمَلِ ٱلشَّيْطَٰنِ فَٱجْتَنِبُوهُ ﴾ (۱۶)

(ایمان والو! بیشک، شراب، جوا، استھان اور پانسے کے تیر یہ سب شیطانی کام ہیں اس لیے ان سے بچو۔)

عربی میں "خمر" ہر اس چیز کو کہتے ہیں جو عقل کو ڈھانپ لے، اس طرح اسلام نے تمام نشہ آور چیزوں کو حرام ٹھہرایا تاکہ عقل کی حفاظت ہو سکے۔ اور اس سلسلے میں ضابطہ یہ بیان کیا کہ کسی چیز کی حرمت کا اعتبار اس میں نشہ کے پائے جانے پر ہو گا، چاہے کم مقدار میں استعمال کرنے کی وجہ سے اس میں نشہ نہ بھی پایا جائے۔ اللہ کے رسول ﷺ نے فرمایا:

مَا أَسْكَرَ كَثِيرُهُ فَقَلِيلُهُ حَرَامٌ (۱۷)

(جس چیز کی زیادہ مقدار نشہ لائے اس کی کم مقدار بھی حرام ہے۔)

اور اگر کوئی شراب پیتا ہے تو شریعت نے اس کے لیے بھی حد کی سزا مقرر کی ہے، حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے شرابی کو اسّی کوڑے مارنے کا حکم صادر کیا تھا۔

نسل کی حفاظت: نسل انسانی کی حفاظت کی خاطر ایک طرف نکاح کو مشروع قرار دیا گیا ہے، تو دوسری طرف نسب کو اختلاط سے بچانے اور عداوت و دشمنی سے روکنے کے لیے زنا کو حرام قرار دیا ہے۔ اسی طرح حدّ قذف متعین کی، تاکہ معاشرہ میں بے حیائی کی باتیں نہ پھیلیں اور نسلِ انسانی شک وشبہ کا شکار نہ ہو اور انسانی جان کی طرح اس کی نسل بھی محفوظ رہے۔

نسب کا مفہوم: نسب کا لغوی مطلب "باپ کی طرف منسوب" کرنا ہے۔ اصطلاحی تعریف یہ ہے:

الْقَرَابَةُ وَهِيَ الِاتِّصَال بَيْنَ إِنْسَانَيْنِ بِالِاشْتِرَاكِ فِي وِلَادَةٍ قَرِيبَةٍ أَوْ بَعِيدَةٍ[۱۸]

(اس سے مراد قرابت ہے اور قرابت دو انسانوں کے مابین پیدائشی تعلق کو کہتے ہیں خواہ وہ تعلق قریب کا ہو یا دُور کا۔)

جواہر الإکلیل میں ہے کہ نسب کا لفظ "معین والد کی طرف منسوب" کرنے پر بولا جاتا ہے۔[۱۹]

نسب صرف 'باپ' کے لئے: قرآنِ کریم میں اس بارے میں صریح حکم آیا ہے:

﴿ ٱدْعُوهُمْ لِءَابَآئِهِمْ هُوَ أَقْسَطُ عِندَ ٱللَّهِ ۚ فَإِن لَّمْ تَعْلَمُوٓا۟ ءَابَآءَهُمْ فَإِخْوَٰنُكُمْ فِى ٱلدِّينِ وَمَوَٰلِيكُمْ ۚ وَلَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ فِيمَآ أَخْطَأْتُم بِهِۦ وَلَٰكِن مَّا تَعَمَّدَتْ قُلُوبُكُمْ ۚ وَكَانَ ٱللَّهُ غَفُورًا رَّحِيمًا ﴾[۲۰]

(اور اللہ نے تمھارے منہ بولے بیٹوں کو تمھارے حقیقی بیٹے نہیں بنایا، یہ تمھارے زبانی دعوے ہیں، اللہ ہی حق بات کہتا اور سیدھے راستے کی طرف رہنمائی کرتا ہے۔ انہیں ان کے حقیقی باپوں سے ہی منسوب کرو، یہی اللہ کے نزدیک زیادہ انصاف والا طریقہ ہے۔ اگر تمھیں ان کے باپوں کا علم نہ ہو تو پھر یہ تمھارے دینی بھائی یا تمھارے آزاد کردہ غلام ہیں۔)

صحیح بخاری میں ہے کہ یہ آیت رسول اللہ ﷺ کے غلام زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ کے بارے میں نازل ہوئی، کیونکہ انہیں اوائل اسلام میں زید بن محمد رضی اللہ عنہ کہا جاتا تھا[۲۱]۔

صحیح بخاری کی ہی ایک اور حدیث میں ہے:

أَنَّ أَبَا حُذَيْفَةَ وَكَانَ مِمَّنْ شَهِدَ بَدْرًا مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَبَنَّى سَالِمًا وَأَنْكَحَهُ بِنْتَ أَخِيهِ هِنْدَ بِنْتَ الْوَلِيدِ بْنِ عُتْبَةَ وَهُوَ

مَوْلًى لِامْرَأَةٍ مِنْ الْأَنْصَارِ كَمَا تَبَنَّى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ زَيْدًا وَكَانَ مَنْ تَبَنَّى رَجُلًا فِي الْجَاهِلِيَّةِ دَعَاهُ النَّاسُ إِلَيْهِ وَوَرِثَ مِنْ مِيرَاثِهِ حَتَّى أَنْزَلَ اللَّهُ تَعَالَى ﴿ اُدْعُوهُمْ لِآبَائِهِمْ ﴾ (۲۲)

(ابو حذیفہ نے، جو رسول اللہ ﷺ کے ساتھ غزوہ بدر میں شریک ہونے والوں میں سے تھے، سالم کو اپنا 'لے پالک' بیٹا بنا رکھا تھا... جیسا کہ نبی کریم ﷺ نے زید کو بنایا تھا۔ جاہلیت کا دستور یہ تھا کہ جو جسے اپنا "لے پالک" بنالیتا، لوگ اسی کی طرف اسے منسوب کیا کرتے، اور اسے ہی وارث بنایا جاتا، حتی کہ اللہ تعالیٰ نے اس آیت کو نازل کر دیا کہ انہیں ان کے باپوں کے نام سے ہی پکارو۔)

نسب و نسل کی اہمیت کے پیش نظر قرآنِ کریم میں اس کے متعلق بعض آیات بھی نازل کی گئی تھیں، بعد میں آیتِ رجم کی طرح ان کی تلاوت کرنا منسوخ قرار دے دیا گیا۔ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ایک حدیث ذکر کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

إِنَّا كُنَّا نَقْرَأُ فِيمَا نَقْرَأُ مِنْ كِتَابِ اللَّهِ أَنْ لَا تَرْغَبُوا عَنْ آبَائِكُمْ فَإِنَّهُ كُفْرٌ بِكُمْ أَنْ تَرْغَبُوا عَنْ آبَائِكُمْ (۲۳)

(اپنے باپوں سے اپنی نسبت کو ہٹاؤ مت، جو کوئی اپنے باپ کے علاوہ اپنی نسبت کرے گویا یہ تمھارے کفر کے مترادف ہے۔)

درست نسب کی اسلام میں اہمیت اس قدر زیادہ ہے کہ نبی کریم ﷺ کا ارشاد ہے:

مَنْ ادَّعَى إِلَى غَيْرِ أَبِيهِ وَهُوَ يَعْلَمُ فَالْجَنَّةُ عَلَيْهِ حَرَامٌ (۲۴)

(جو شخص علم رکھنے کے باوجود اپنے آپ کو باپ کے علاوہ دوسرے کی طرف منسوب کرے تو ایسے شخص پر جنت حرام ہے۔)

نبی کریم ﷺ نے ایک فرمان میں نسب میں طعنہ زنی کرنے کو جاہلیت قرار دیا ہے(۲۵)۔

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے مروی ہے:

مَنْ ادَّعَى إِلَى غَيْرِ أَبِيهِ أَوْ اِنْتَمَى إِلى غَيْرِ مَوَالِيْهِ فَعَلَيْهِ لَعْنَةُ اللهِ اَلْمُتَتَابِعَة إِلى يَوْمِ الْقِيَامَةِ (۲۶)

(جو شخص باپ کے سوا یا کوئی غلام اپنے آقا کے سوا دوسرے کی طرف اپنے آپ کو منسوب کرے تو اس پر قیامت قائم ہونے تک متواتر اللہ کی لعنت برستی رہتی ہے۔)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ جب لعان کی آیات نازل ہوئیں تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

أَيُّمَا امْرَأَةٍ أَدْخَلَتْ عَلَى قَوْمٍ مَنْ لَيْسَ مِنْهُمْ، فَلَيْسَتْ مِنَ اللَّهِ فِي شَيْءٍ، وَلَنْ يُدْخِلَهَا اللَّهُ جَنَّتَهُ، وَأَيُّمَا رَجُلٍ جَحَدَ وَلَدَهُ، وَهُوَ يَنْظُرُ إِلَيْهِ، احْتَجَبَ اللَّهُ مِنْهُ، وَفَضَحَهُ عَلَى رُءُوسِ الْأَوَّلِينَ وَالْآخِرِينَ (۲۷)

(جو عورت اپنے خاندان میں ایسے بچے کو داخل کرے جو اُن کا نہیں تو اللہ کے ہاں اس کا کوئی حصہ نہیں اور اللہ اسے اپنی جنت میں بھی داخل نہ کرے گا۔ ایسے ہی جو شخص اپنے بیٹے سے انکار کر دے حالانکہ اسے معلوم ہے کہ وہ اس کا بیٹا ہے تو اللہ تعالیٰ روزِ قیامت اس سے پردہ کرلے گا، اور اگلوں پچھلوں میں اسے رسوا کرے گا۔)

مندرجہ بالا قرآنی آیات اور احادیثِ نبویہ سے معلوم ہوتا ہے کہ اسلام میں نسب کو بہت زیادہ اہمیت دی گئی ہے اور نسب کو غلط یا خلط ملط کرنے کی شدید مذمت پائی جاتی ہے۔ ان سے یہ بھی پتا چلتا ہے کہ اسلام کی رو سے نسب اور نسل صرف باپ کے لئے مخصوص ہے اور یہ نسب ماں کی طرف سے نہیں چلتا۔

فقہا کا نقطہ نظر

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ اپنی کتاب 'احکام القرآن' میں لکھتے ہیں:

فَكَانَ مَعْقُولًا فِي كِتَابِ اللَّهِ: أَنَّ وَلَدَ الزِّنَا لَا يَكُونُ مَنْسُوبًا إِلَى أَبِيهِ: الزَّانِي بِأُمِّهِ. لِمَا وَصَفْنَا: مِنْ أَنَّ نِعْمَتَهُ إِنَّمَا تَكُونُ: مِنْ جِهَةِ طَاعَتِهِ لَا: مِنْ جِهَةِ مَعْصِيَتِهِ (۲۸)

(کتاب اللہ سے یہ بات سمجھ میں آتی ہے کہ ولد الزنا کو اُس کے باپ سے منسوب نہ کیا جائے کیونکہ اولاد اللہ کی نعمت ہے اور یہ نعمت اللہ کی اطاعت کے نتیجے میں ملتی ہے نہ کہ نافرمانی پر۔)

امام ابو بکر جصاص حنفی رحمۃ اللہ علیہ اپنی کتاب 'احکام القرآن' میں لکھتے ہیں:

فَالْمِيرَاثُ إِنَّمَا يَتَعَلَّقُ حُكْمُهُ بِثُبُوتِ النَّسَبِ مِنْهُ لَا بِأَنَّهُ مِنْ مَائِهِ، أَلَا تَرَى أَنَّ وَلَدَ الزِّنَا لَا يَرِثُ الزَّانِيَ لِعَدَمِ ثُبُوتِ النَّسَبِ وَإِنْ كَانَ مِنْ

مَائِهِ[۲۹]

(وراثت کا تعلق نسب کے ثابت ہونے سے ہے، نہ کہ اس بنا پر کہ بچہ اس کے نطفہ سے ہے۔ کیا آپ دیکھتے نہیں کہ ولد الزنا زانی کا وارث نہیں بن سکتا، کیونکہ اس کا نسب اس سے ثابت نہیں ہے باوجود اس کے، کہ وہ اس کے نطفہ سے ہے۔)

امام سرخسی رحمۃ اللہ علیہ اپنی "المبسوط" میں لکھتے ہیں:

رَجُلٌ أَقَرَّ أَنَّهُ زَنَى بِامْرَأَةٍ حُرَّةٍ، وَأَنَّ هَذَا الْوَلَدَ ابْنُهُ مِنْ الزِّنَا، وَصَدَّقَتْهُ الْمَرْأَةُ) فَإِنَّ النَّسَبَ لَا يَثْبُتُ مِنْ وَاحِدٍ مِنْهُمَا لِقَوْلِهِ – صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ – «الْوَلَدُ لِلْفِرَاشِ وَلِلْعَاهِرِ الْحَجَرُ»، وَلَا فِرَاشَ لِلزَّانِي، وَقَدْ جَعَلَ رَسُولُ اللَّهِ – صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ – حَظَّ الزَّانِي الْحَجَرَ فَقَطْ وَقِيلَ هُوَ إشَارَةٌ إلَى الرَّجْمِ وَقِيلَ هُوَ إشَارَةٌ إلَى الْغَيْبَةِ كَمَا يُقَالُ لِلْغَيْبَةِ الْحَجَرُ أَيْ هُوَ غَائِبٌ لَا حَظَّ لَهُ، وَالْمُرَادُ هُنَا أَنَّهُ لَا حَظَّ لِلْعَاهِرِ مِنْ النَّسَبِ وَبَقِيَ النَّسَبُ مِنْ الزَّانِي حَقُّ الشَّرْعِ إمَّا بِطَرِيقِ الْعُقُوبَةِ؛ لِيَكُونَ لَهُ زَجْرًا عَنْ الزِّنَا إذَا عَلِمَ أَنَّ مَاءَهُ يَضِيعُ بِهِ [۳۰]

(کسی آدمی نے اس امر کا اعتراف کر لیا کہ اس آزاد عورت سے زنا کے نتیجے میں اس کا یہ بیٹا پیدا ہوا ہے اور اس بات کی عورت نے بھی تصدیق کر دی تو ان دونوں میں سے کسی کی بات پر نسب ثابت نہیں ہو گا، کیونکہ نبی کریم ﷺ کا ارشاد ہے: بچہ بستر کے مالک کا ہے اور زانی کے لئے پتھر ہیں۔ چونکہ زانی کا یہ بستر نہیں، اس لئے اللہ کے رسول ﷺ نے زانی کے لیے بدلہ میں صرف پتھر رکھے ہیں۔ کہا گیا ہے کہ اس میں زانی کے رجم کی طرف اشارہ ہے اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ اس میں کچھ نہ ملنے کی طرف اشارہ ہے، کیونکہ عربی میں حجر اس کے لیے بولا جاتا ہے جس کا کوئی حصہ نہ ہو۔ مراد یہ کہ زانی کا نسب میں کوئی حصہ / حق نہیں ہے۔ زانی سے نسب کا یہ حق لینا شرعی عقوبت کی بنا پر ہے، تاکہ زانی کو اِس امر کی تنبیہ کر دی جائے کہ تیرا نطفہ ضائع ہی جائے گا۔)

امام ابن حزم ظاہری رحمۃ اللہ علیہ اپنی معروف کتاب "المحلّٰی بالآثار" میں لکھتے ہیں:

وَالْوَلَدُ يلْحقُ فِي النِّكَاحِ الْصَّحِيْحِ [۳۱]

(بچے کا صحیح نکاح کے نتیجے میں ہی (باپ سے) الحاق کیا جائے گا۔)

کویت میں ۴۵ جلدوں میں تیار ہونے والے الموسوعۃ الفقہیۃ میں ہے:

ذَهَبَ الْفُقَهَاءُ إِلَى أَنَّهُ لاَ يَثْبُتُ النَّسَبُ بِالزِّنَا مُطْلَقًا (۳۲)

(فقہا کا اس امر پر اتفاق ہے کہ زنا سے نسب مطلقاً ثابت نہیں ہوتا۔)

شریعت نے نکاح کے بغیر صرف نطفہ کی بنا پر نسب کا اعتبار نہیں کیا!!

واضح رہنا چاہئے کہ اسلام نے چودہ سو برس قبل اس بات کی شہادت دے دی تھی کہ بچے کی ولادت میں ماں اور باپ دونوں کے جرثوموں کا کردار ہوتا ہے۔ جدید سائنس بڑی تحقیق کے بعد کچھ عرصہ قبل اس نتیجہ پر پہنچی ہے کہ دونوں کے جرثوموں کے اشتراک سے زائیگوٹ یعنی 'نطفہ امشاج' تیار ہوتا ہے (۳۳)۔ اور جسے برتری / سبقت حاصل ہو جائے، بچے میں زیادہ مشابہت بھی اسی کی پائی جاتی ہے۔ اس سلسلے میں حضرت اُمّ سلیم کا نبی کریم ﷺ سے مکالمہ کتبِ حدیث میں موجود ہے:

أَنَّهَا سَأَلَتْ نَبِيَّ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْمَرْأَةِ تَرَى فِي مَنَامِهَا مَا يَرَى الرَّجُلُ، فَقَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: «إِذَا رَأَتْ ذَلِكَ الْمَرْأَةُ فَلْتَغْتَسِلْ» فَقَالَتْ أُمُّ سُلَيْمٍ: وَاسْتَحْيَيْتُ مِنْ ذَلِكَ، قَالَتْ: وَهَلْ يَكُونُ هَذَا؟ فَقَالَ نَبِيُّ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: «نَعَمْ، فَمِنْ أَيْنَ يَكُونُ الشَّبَهُ؟ إِنَّ مَاءَ الرَّجُلِ غَلِيظٌ أَبْيَضُ، وَمَاءَ الْمَرْأَةِ رَقِيقٌ أَصْفَرُ، فَمِنْ أَيِّهِمَا عَلَا، أَوْ سَبَقَ، يَكُونُ مِنْهُ الشَّبَهُ (۳۴)

(اُنہوں نے نبی ﷺ سے عورت کے اس خواب کے بارے میں دریافت کیا جو وہ مرد کی طرح دیکھتی ہے (یعنی احتلام) تو آپ ﷺ نے فرمایا کہ جب عورت بھی ایسا خواب دیکھے تو غسل کرے۔ اُمّ سلیم کہتی ہیں کہ مجھے اس پر بڑی شرم آئی اور میں نے پوچھا کہ اے اللہ کے نبی! کیا عورتوں میں بھی ایسا ہوتا ہے (یعنی احتلام) تو آپ ﷺ نے جواب دیا: بالکل ورنہ (عورت سے بچے کی) مشابہت کا کیا مطلب؟ آدمی کا پانی گاڑھا سفید ہوتا ہے اور عورت کا پتلا زرد، ان میں سے جس کی خصوصیات غالب آجاتی ہیں، بچہ اسی سے مشابہ ہوتا ہے۔)

یہودیوں کے عالم عبد اللہ بن سلام کو جب نبی کریم ﷺ کے مدینہ تشریف آوری کی خبر ہوئی تو آپ نبی ﷺ کے پاس آئے اور کہا کہ مجھے تین باتوں کا جواب دیں، کیونکہ ان کا جواب صرف ایک نبی

ہی دے سکتا ہے۔ تیسرا سوال یہ تھا کہ بچہ ماں یا باپ سے مشابہ کیوں ہوتا ہے؟ تو نبی کریم ﷺ نے فرمایا:

وَأَمَّا الْوَلَدُ فَإِذَا سَبَقَ مَاءُ الرَّجُلِ مَاءَ الْمَرْأَةِ نَزَعَ الْوَلَدَ وَإِذَا سَبَقَ مَاءُ الْمَرْأَةِ مَاءَ الرَّجُلِ نَزَعَتْ الْوَلَدَ [۳۵]

(جہاں تک بچے کے بارے میں سوال کا تعلق ہے تو جب آدمی کا پانی عورت پر سبقت کر جاتا ہے، بچے کی اُس سے مشابہت ہو جاتی ہے اور جب عورت کا پانی سبقت کر جائے تو بچہ اُس کے مشابہ پیدا ہوتا ہے۔)

یہ جوابات سن کر عبد اللہ بن سلام' اسلام لے آئے۔

اس موضوع پر بکثرت احادیث ملتی ہیں، جس میں ایک حدیث میں یہ بھی ہے کہ اگر مرد کے پانی کا غلبہ ہو جائے تو بچہ کی مشابہت اپنے چچاؤں سے ہوتی ہے، بصورتِ دیگر اپنے ماموں وغیرہ سے [۳۶]۔

ان احادیث سے یہ تو پتہ چلتا ہے کہ نبی کریم ﷺ کو اللہ تعالیٰ نے اس امر کا علم دیا تھا کہ بچے کی والدین سے مشابہت کی حقیقی اور ٹھوس طبعی بنیادیں موجود ہیں، لیکن اس امر کا تعین ہو جانے کے باوجود آپ ﷺ نے مختلف واقعات میں اس مشابہت کی بنیاد پر نسب کو ثابت نہیں کیا، بلکہ اس طبعی امر پر شرعی حیثیت کو ہی غالب قرار دیا۔ بلکہ شریعت میں تو یہاں تک احتیاط موجود ہے کہ جہاں نکاح موجود ہو، وہاں صرف مشابہت کی بنا پر شکوک وشبہات اور وسوسوں کو راہ دینا مناسب نہیں۔ جیسا کہ ایک آدمی نے نبی کریم ﷺ کے پاس یہ شکایت کی کہ میرے ہاں سیاہ رنگ کا بچہ پیدا ہوا ہے۔ تو آپ ﷺ نے اس سے پوچھا: تمھارے پاس اونٹ ہیں، ان کا رنگ کیا ہے؟ اُس نے جواب دیا: سرخ۔ آپ ﷺ نے پوچھا کہ کیا اس میں بھورے رنگ کا بھی ہے؟ اس نے جواب دیا: ہاں، آپ ﷺ نے پوچھا: وہ کہاں سے آگیا؟ اس نے کہا: شاید کہ اس نے کسی پچھلے اونٹ کی خصوصیت کھینچ لی ہو۔ تو آپ ﷺ نے فرمایا: فلعل ابنك هذا نزعه [۳۷] (شاید کہ تمھارے اس بیٹے نے (بھی تمھارے بڑوں میں کسی کی خصوصیت) کھینچ لی ہو۔) یعنی نبی کریم ﷺ نے اس کی بنا پر اسے شک وشبہ میں پڑنے سے روک دیا، اور اسے اجازت نہ دی کہ اس بنا پر وہ اپنے بیٹے سے انکار کرے۔

مال کی حفاظت: مال بھی اللہ تعالیٰ کی ایک عظیم نعمت ہے، انسان کی زندگی کا قیام ونظام اسی سے وابستہ ہے، اس لیے اللہ تعالیٰ نے ایک طرف مال کمانے کی اجازت دی اور اس کے لیے جدوجہد اور سعی کا حکم دیا

تو دوسری طرف بیع وشراء اور اجارہ وعاریت وغیرہ کو مشروع قرار دیا۔ تاکہ مال کی حفاظت کا فریضہ انجام دیا جاسکے۔

یہ پانچوں امور ان اصول وکلیات میں سے ہیں جو دینِ حق کے بنیادی مقاصد قرار دیے گئے ہیں، اور دنیا کی دوسری شریعتوں اور صالح قوانین میں بھی کسی نہ کسی حد تک ان امور کی رعایت رکھی گئی ہے۔ لیکن جس جامعیت کے ساتھ اسلام نے ان امور کی حفاظت پر زور دیا ہے اور اس کے لیے قوانین وضع کئے ہیں وہ اس کا ہی امتیاز ہے، یہ بات بھی ذہن میں رکھنی چاہئے کہ انسان کا اس دنیا میں وجود محض اس لیے کہ اس کی جان کی حفاظت کی جائے، یا اس کی عقل اور مال کی حفاظت کی جائے، ایک فعلِ عبث ہے۔ چنانچہ یہ چیزیں اسلام میں آخرت کی زندگی سے مربوط ہیں، انسان کا وجود اس کائنات میں اس لیے مطلوب ہے کہ وہ اللہ تعالیٰ کی عبودیت کا حق ادا کرے اور آخرت کی زندگی کی سعادت کے لیے خود کو تیار کرے۔ البتہ جب تک وہ اس دنیا میں رہے اس وقت تک اس کی جان، مال، عزت اور عقل سب کی حفاظت کی ضمانت ان شرعی احکام میں مضمر ہے، جو اسلام نے دیے ہیں۔

یہ بات بھی قابل لحاظ ہے کہ ان پانچوں اصولوں میں جو زیادہ اہم ہو، اُس کی خاطر اس سے کمتر اصولوں کو قربان کیا جائے گا۔ مثلاً اگر دین کی حفاظت کی خاطر جان دینے کی ضرورت ہو تو اس سے دریغ نہیں کیا جائے گا۔ اسی طرح اگر کسی کا مال لے کر کھانے سے جان کی حفاظت ممکن ہو، تو جان کی حرمت کو مال کی حرمت پر مقدم رکھا جائے گا۔ جن مقاصد کی طرف اشارہ کیا گیا ہے کہ شرعی احکام کا دارومدار ان کی تکمیل پر ہے۔ ان کا ذکر کرتے ہوئے امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ تحریر فرماتے ہیں:

> وَمَقْصُودُ الشَّرْعِ مِنَ الْخَلْقِ خَمْسَةٌ: وَهُوَ أَنْ يَحْفَظَ عَلَيْهِمْ دِينَهُمْ، وَنَفْسَهُمْ، وَعَقْلَهُمْ، وَنَسْلَهُمْ، وَمَالَهُمْ، فَكُلُّ مَايَتَضَمَّنُ حِفْظَ هٰذِهِ الْأُصُولِ الْخَمْسَةِ فَهُوَمَصْلَحَةٌ، وَكُلُّ مَايُفَوِّتُ هٰذِهِ الْأُصُولَ فَهُوَ مَفْسَدَةٌ، وَ دَفْعُهَا مَصْلَحَةٌ[۳۸]
>
> (خلق کے بارے میں شریعت کے مقاصد پانچ ہیں اور وہ یہ ہیں کہ اس کے دین، اس کی جان، اس کی عقل، اس کی نسل اور اس کے مال کی حفاظت کی جائے۔ پس ہر وہ بات جو اِن اصولِ خمسہ کی حفاظت کی ضامن ہو وہ ''مصلحت'' قرار پائے گی اور ہر وہ چیز جو اِن پانچوں امور کی حفاظت میں مخل ہو وہ ''مفسدہ'' قرار پائے گی اور اس کا ازالہ ''مصلحت'' ہو گا۔)

پھر فرماتے ہیں:

هَذِهِ الْأُصُول الْخَمْسَةُ حِفْظُهَا وَاقِعٌ فِی رُتْبَةِ الضَّرُوْرِيَّاتِ فَهِیَ أَقْوَى الْمَرَاتِبِ فِي الْمَصَالِحِ ومثاله قضاء الشرع بقتل الكافر المضل وعقوبة المبتدع الداعی إلى بدعته فإن هذا يفوت على الخلق دينهم وقضاؤه بإيجاب القصاص أدبه حفظ النفوس وإيجاب حد الشرب إذ به حفظ العقول التی هی ملاك التكليف وإيجاب حد الزنا إذ به حفظ النسل والأنساب وإيجاب زجر الغصاب والسراق إذ به يحصل حفظ الأموال التی هی معاش الخلق وهم مضطرون إليها وتحريم تفويت هذه الأصول الخمسة والزجر عنها يستحيل أن لاتشتمل عليه ملة من الملل وشريعة من الشرائع التی أريد بهاإصلاح الخلق [۳۹]

(ان پانچوں اصول کی حفاظت ضروریات میں سے ہے، جو مصالح کا سب سے قوی ترین درجہ ہے۔ اور اس کی مثال یہ ہے کہ شریعت نے ایسے کافر کے قتل کا حکم دیا ہے جس کا کفر دوسروں تک متعدی ہو۔ اسی طرح ایسے بدعتی کی سرزنش کا حکم دیا ہے جو اپنی بدعت کی طرف لوگوں کو دعوت دے۔ کیونکہ اس سے خلق دین کی حفاظت کا مقصد متاثر ہوتا ہے اور شریعت نے قصاص کا حکم دیا ہے۔ کیونکہ اس کے ذریعہ جان کی حفاظت ممکن ہے اور شراب پینے کی حد متعین کی ہے کہ عقول کی حفاظت کی جاسکے، جو انسان کی تکلیف کا مدار ہے اور حد زنا متعین کی تاکہ اس کے ذریعہ نسل اور نسب کی حفاظت کی جاسکے اور چوروں اور غاصبوں کی سزا متعین کی ہے۔ تاکہ لوگوں کے مال کی حفاظت کی جاسکے، جس سے خلق کا معاش وابستہ ہے اور لوگوں کو اِس کی احتیاج ہے، یہ پانچوں ایسے امور ہیں، جن کی حفاظت کا خیال نہ رکھنا کسی ایسی ملت و شریعت میں ممکن نہیں، جو خلق کی اصلاح کے لیے نازل کی گئی ہو۔)

۲) حاجیاتی مصالح

شریعت کے مقاصد و مصالح کا دوسرا درجہ یہ ہے کہ انسانی زندگی سے تنگی اور مشقت کو دور کیا جائے۔ گویا ان مصالح و تحقیق پر دنیوی واخروی زندگی موقوف تو نہیں ہے۔ لیکن دفع حرج و مشقت کے لیے ان کی رعایت ضروری ہے، مثال کے طور پر سفر میں نماز کو قصر کے ساتھ پڑھنے کی اجازت۔ اسی طرح

رمضان میں مریض اور مسافر کے لیے روزہ نہ رکھنے کی اجازت، یا قیام پر قدرت نہ رکھنے والے شخص کے لیے اس بات کی اجازت کہ وہ بیٹھ کر نماز ادا کرے، حیض ونفاس میں مبتلا عورت کے لیے نماز نہ پڑھنے کی تاکید اور سفر وحضر میں خفین پر مسح کرنے کی اجازت وغیرہ ایسے احکام ہیں جو شرعی مقاصد ومصالح کی اس دوسری قسم کے ذیل میں آتے ہیں۔

اسی طرح قرض لین دین کی اجازت، کسی دوسرے کی طرف سے حقوق کے بارے میں ضامن وکفیل بننے کی اجازت، ضرورت پڑنے پر بیع کو فسخ کرنے اور نکاح کے رشتہ کو طلاق کے ذریعہ ختم کرنے کی اجازت بھی اسی ذیل میں آتی ہے، جیسا کہ حدود وعقوبات کے مسائل ہیں، مقتول کے ولی کو اِس بات کا حق کہ وہ قصاص معاف کردے، یا دیت میں تخفیف کردے، یا بعض حالات میں دیت کی بجائے قاتل کے اس کے اقارب واصدقاء یا عاقلہ پر وجوب، یہ ساری چیزیں اسی لیے مشروع کی گئی ہیں، تاکہ حرج اور مشقت کو دور کیا جائے۔ علامہ شاطبی رحمۃ اللہ علیہ تحریر فرماتے ہیں:

وَأَمَّا الْحَاجِيَّاتُ، فَمَعْنَاهَا أَنَّهَا مُفْتَقَرٌ إِلَيْهَا مِنْ حَيْثُ التَّوْسِعَةِ وَرَفْعِ الضِّيقِ الْمُؤَدِّي فِي الْغَالِبِ إِلَى الْحَرَجِ وَالْمَشَقَّةِ اللَّاحِقَةِ بِفَوْتِ الْمَطْلُوبِ، فَإِذَا لم تراع دخل علتي الْمُكَلَّفِينَ–عَلَى الْجُمْلَةِ–الْحَرَجُ وَالْمَشَقَّةُ، وَلَكِنَّهُ لَا يَبْلُغُ مَبْلَغَ الْفَسَادِ الْعَادِيِّ الْمُتَوَقَّعِ فِي الْمَصَالِحِ الْعَامَّةِ.وَهِيَ جَارِيَةٌ فِي الْعِبَادَاتِ، وَالْعَادَاتِ، وَالْمُعَامَلَاتِ، وَالْجِنَايَاتِ: فَفِي الْعِبَادَاتِ: كَالرُّخَصِ الْمُخَفَّفَةِ بِالنِّسْبَةِ إِلَى لحوق المشقة بالمرض وَالسَّفَرِ، وَفِي الْعَادَاتِ كَإِبَاحَةِ الصَّيْدِ وَالتَّمَتُّعِ بِالطَّيِّبَاتِ مِمَّا هُوَ حَلَالٌ، مَأْكَلًا وَمَشْرَبًا وَمَلْبَسًا وَمَسْكَنًا وَمَرْكَبًا، وَمَا أَشْبَهَ ذَلِكَ.وَفِي الْمُعَامَلَاتِ، كَالْقِرَاضِ، وَالْمُسَاقَاةِ، وَالسَّلَمِ، وَإِلْقَاءِ التَّوَابِعِ فِي الْعَقْدِ عَلَى المتبوعات، كمثرة الشَّجَرِ، وَمَالِ الْعَبْدِ.وَفِي الْجِنَايَاتِ، كَالْحُكْمِ بِاللَّوْثِ، وَالتَّدْمِيَةِ، وَالْقَسَامَةِ، وَضَرْبِ الدِّيَةِ عَلَى الْعَاقِلَةِ، وَتَضْمِينِ الصُّنَّاعِ (۴۰)

(حاجیات سے مراد وہ مصالح ہیں، جن کی ضرورت تنگی کو دور کرنے اور حرج ومشقت کو رفع کرنے کے لیے پیش آئے اور اگر ان کی رعایت نہ رکھی جائے تو مکلفین کی زندگی مشقت کی وجہ سے دوبھر ہوجائے۔ لیکن اس طرح کا فساد متصور نہ ہو، جو ضروری مصالح

کو نظر انداز کرنے سے برپا ہوتا ہے "حاجیات" کا خانہ بھی عبادات، عادات، معاملات اور جنایات سب کو عام ہے۔ چنانچہ عبادات میں اس کی مثال وہ رخصتیں ہیں جو مشقت لاحق ہونے کے اندیشہ سے دی گئی ہیں، جو مرض یا سفر کی وجہ سے پیش آتی ہیں۔اور عادات میں شکار کا حلال ہونا، پاکیزہ اور حلال چیزوں سے استفادہ کرنے کی اجازت شامل ہے۔ خواہ اس کا تعلق کھانے پینے کی چیزوں سے ہو یا لباس و مسکن اور سواری وغیرہ سے اور معاملات میں اس کی مثال مضاربت، مساقاۃ اور مسلم وغیرہ کی اجازت ہے اور جنایات میں قسامت اور عاقلہ پر دیت کا وجوب اور ضائع شدہ مال کی ضمانت وغیرہ اس کی مثال ہے۔

۳) تحسینی مصالح

مصالح و مقاصد کا تیسرا درجہ تحسینی اور کمالیاتی مصالح ہیں، جن کی رعایت پر نہ تو زندگی موقوف ہو اور نہ ان کی عدم رعایت سے حرج اور مشقت ہی کا اندیشہ ہو، بلکہ ان کا تعلق اخلاق وعادات اور زندگی کے آداب سے ہو، یعنی مروت اور عقل انسانی کا تقاضا ہو کہ ان مصالح کا تحقق مستحسن ہے اور فطرتِ سلیمہ اس کا تقاضا کرتی ہے کہ انسانی معاشرہ میں یہ خصلتیں پائی جائیں اور انسانی زندگی ان خوبیوں سے آراستہ ہو، امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ کے بقول:

الرُّتْبَةُ الثَّالِثَةُ: مَا لَا يَرْجِعُ إِلَى ضَرُورَةٍ وَلَا إِلَى حَاجَةٍ وَلَكِنْ يَقَعُ مَوْقِعَ التَّحْسِينِ وَالتَّزْيِينِ وَالتَّيْسِيرِ لِلْمَزَايَا وَالْمَزَائِدِ وَرِعَايَةِ أَحْسَنِ الْمَنَاهِجِ فِي الْعَادَاتِ وَالْمُعَامَلَاتِ[۴۱]

(تیسرا درجہ (مصالح کا) جو نہ "ضرورت" کے خانہ میں آتا ہو اور نہ "حاجت" کے۔ لیکن اس کا شمار ان امور میں ہوتا ہو، جنھیں تحسین و تزئین، آسانی اور اضافے کے لیے اختیار کیا جاتا ہے اور عادات و معاملات میں جس کی رعایت مستحسن سمجھی جاتی ہے۔)

عبادات میں نفلی نمازیں، نفلی روزے، نفلی صدقات کو اِس کی مثال قرار دیا جاسکتا ہے۔ اسی طرح طہارت، ستر عورت وغیرہ کے حکم کو بھی فقہاء نے اسی ذیل میں شمار کیا ہے، بیع و شراء میں ناپاک چیزوں کی خرید و فروخت کی ممانعت، کھانے پینے میں پاکیزہ چیزوں کا اہتمام اور خبائث سے اجتناب، عقوبات میں لاش کو مثلہ کرنے کی ممانعت اور عورتوں اور بچوں وغیرہ کے قتل سے اجتناب کا حکم بھی اسی ذیل میں آتا ہے، علامہ شاطبی رحمۃ اللہ علیہ مصالح کی اس قسم کا ذکر کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

وَأَمَّا التَّحْسِينَاتُ، فَمَعْنَاهَا الْأَخْذُ بِمَا يَلِيقُ مِنْ مَحَاسِنِ الْعَادَاتِ، وَتَجَنُّبُ الْمُدَنِّسَاتِ الَّتِي تَأْنَفُهَا الْعُقُولُ الرَّاجِحَاتُ، وَيَجْمَعُ ذَلِكَ قِسْمُ مَكَارِمِ الْأَخْلَاقِ فِي الْعِبَادَاتِ، كَإِزَالَةِ النَّجَاسَةِ وَبِالْجُمْلَةِ الطَّهَارَاتُ كُلُّهَا وَسَتْرِ الْعَوْرَةِ، وَأَخْذِ الزِّينَةِ، وَالتَّقَرُّبِ بِنَوَافِلِ الْخَيْرَاتِ مِنَ الصَّدَقَاتِ وَالْقُرُبَاتِ، وَأَشْبَاهِ ذَلِكَ. وَفِي الْعَادَاتِ، كَآدَابِ الْأَكْلِ وَالشُّرْبِ، وَمُجَانَبَةِ الْمَآكِلِ النَّجِسَاتِ وَالْمَشَارِبِ الْمُسْتَخْبَثَاتِ، وَالْإِسْرَافِ وَالْإِقْتَارِ فِي الْمُتَنَاوَلَاتِ. وَفِي الْمُعَامَلَاتِ، كَالْمَنْعِ مِنْ بَيْعِ النَّجَاسَاتِ، وَفَضْلِ الْمَاءِ وَالْكَلَأِ، وَفِي الْجِنَايَاتِ، كَمَنْعِ قَتْلِ الْحُرِّ بِالْعَبْدِ، أَوْ قَتْلِ النِّسَاءِ وَالصِّبْيَانِ وَالرُّهْبَانِ فِي الْجِهَادِ (۴۲)

(تحسینیات سے مراد اچھی عادتوں کا اختیار کرنا اور ان امور واحوال سے اجتناب ہے جنھیں عقل سلیم ناپسند کرتی ہو اور ان سب کے مجموعہ کو مکارم اخلاق سے تعبیر کیا جاسکتا ہے، عبادات میں اس کی مثال نجاست کا ازالہ اور طہارت اور پاکیزگی کا حصول ہے ستر عورت، زینت وآرائش اور نفلی عبادتوں اور صدقات کے ذریعہ اللہ کا قرب حاصل کرنے کی کوشش وغیرہ، عادات میں کھانے پینے کے آداب، ناپاکی اور خبیث چیزوں سے اجتناب، اسراف اور بخل سے پرہیز، معاملات میں ناپاک چیزوں کی خرید وفروخت کی ممانعت، پانی اور چارہ کی زائد مقدار کی فروخت اور جنایات میں عورتوں، بچوں اور راہبوں کے جہاد کے دوران قتل کی ممانعت وغیرہ اس کی مثالیں ہیں۔)

شریعت کے بعض احکام ایسے ہیں جنھیں مذکورہ بالا تینوں مدارج ''ضروری، حاجیاتی اور تحسینی'' کے تکملہ اور تتمہ کی حیثیت دی جاسکتی ہے، مثال کے طور پر: قصاص میں مماثلت کا لحاظ حفظ نفس کے مقصد کی تکمیل کے لیے ہے۔ اسی طرح شراب کی تھوڑی سی مقدار کی حرمت حفظ عقل کی مصلحت کا تتمہ ہے۔ کیونکہ شراب کی تھوڑی مقدار زیادہ کا خوگر بننے کا ذریعہ بن جاتی ہے۔ اسی طرح اجنبی عورت کو دیکھنے اور اس کے ساتھ خلوت میں بیٹھنے کی ممانعت ہے، جو حفظ نسل کے مقصد کی تکمیل کے لیے ہے۔ اسی طرح اذان اور جماعت کی مشروعیت اقامتِ دین کی مصلحت کی تکمیل کے لیے ہے۔ تاکہ دین کا صحیح طور پر غلبہ

اور اس کی حفاظت کا مقصد پورا ہو سکے۔ اسی طرح غصب کردہ مال کے ضمن میں مماثلت کی قید اور ربا کی حرمت کو حفظِ مال کے مقصد کی تکمیل کے لیے متعین کیا گیا ہے۔

دوسری قسم یعنی حاجیاتی مصالح کی تکمیل کے لیے جو چیزیں مشروع کی گئی ہیں ان میں نکاح میں کفاءت کی رعایت۔ اسی طرح صغیرہ کے نکاح میں مہرِ مثل کا لحاظ اور مجہول کی بیع کی ممانعت اور مشتری کے لیے خیارِ رویت اور خیارِ شرط وغیرہ کی مشروعیت بھی بیع وشراء کی عمومی مصلحت کا تتمہ اور تکملہ ہے، تحسینی مصالح کی تکمیل کے لیے صدقاتِ نافلہ میں پاک مال کا خرچ کرنا، عقیقہ اور قربانی وغیرہ میں افضل ترین جانور کے انتخاب کی تلقین کو اِس کی مثال قرار دیا جاسکتا ہے، وہ مصالح جن کو ''ضروریات'' میں شمار کیا گیا ہے، وہ بقول امام شاطبی رحمۃ اللہ علیہ ''اصولِ دین، قواعدِ شرعیہ اور کلیاتِ ملت'' کی حیثیت رکھتی ہیں۔ چنانچہ انہیں ہر حال میں مقدم رکھا جائے گا، مثال کے طور پر اگر ''ضروری'' یا حاجیاتی مصلحت کا تقاضا ہو تو تحسینی مصلحت کو نظر انداز کیا جاسکتا ہے۔ چنانچہ آپریشن یا مرض کی تشخیص کی خاطر جس سے جان کی حفاظت وابستہ ہے ستر عورت کی مصلحت کو نظر انداز کیا جائے گا جو کہ تحسینی مصالح میں شمار کیا جاتا ہے۔

اسی طرح ضرورت اور اضطرار کی حالت میں ''میتہ'' کا کھانا حلال ہو گا اور تحسینی مقصد یعنی مطعومات میں سے خبیث چیزوں سے احتراز کی مصلحت کو نظر انداز کیا جائے گا ''بیع سلم اور استصناع'' کے جواز کی بناء بھی یہی ہے کہ ''حاجت'' کی خاطر ''تحسینی'' مقصد یعنی مبیع کے وجود کی شرط کو نظر انداز کیا گیا اور ضروریات میں بھی باہم فرق مراتب کا لحاظ ہو گا، دین کی حفاظت کی خاطر جان کی حفاظت کو نظر انداز کیا جائے گا۔ اسی طرح جان کی حفاظت کی خاطر مال کی حفاظت کی مصلحت کو نظر انداز کیا جائے گا، امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ اور بعض دوسرے ائمہ اصول نے نسل کی حفاظت کو عقل کی حفاظت پر مقدم رکھا ہے، جب کہ دوسرے فقہاء کے یہاں ترتیب میں ''عقل'' نسل سے مقدم ہے ''مقاصد'' اور ''مصالح'' کی ایک اور تقسیم بھی کی جاتی ہے کچھ مقاصد ایسے ہیں جن کا تعلق فرد کی ذات سے ہے اور کچھ مصالح ایسی ہیں جن کا تعلق ساری امت یا مسلمانوں کی جماعت سے ہے، مثال کے طور پر دشمنوں سے ملک کی حفاظت، دین کی حفاظت، قرآنِ کریم کی حفاظت، سنت کی حفاظت، اسی طرح حرمین شریفین کی دشمنوں کے ہاتھ میں چلے جانے سے حفاظت، یہ سب کلی مصالح ہیں جن کی خاطر جزوی مصالح کو نظر انداز کیا جاسکتا ہے۔

علامہ ابن عاشور رحمۃ اللہ علیہ نے مصالح کی ایک اور تقسیم بھی کی ہے، جس کی رو سے کچھ مصالح تو وہ ہیں جو قطعی ہیں جن کی نشان دہی خود نصوص سے ہوتی ہے یا مجموعی طور پر شرعی احکام کے تتبع اور استقراء سے، یا عقل اس بات کی شہادت دے کہ اسے ترک کرنے میں امت کو زبردست نقصان کا سامنا کرنا پڑے گا، جیسے حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ کا یہ فیصلہ کرنا کہ مانعینِ زکوٰۃ سے قتال کیا جانا ضروری ہے، دوسری قسم کے مصالح وہ ہیں جو ظنی ہیں، اس کی مثال خوف کی وجہ سے حفاظت کے لیے کتے کے پالنے کا جواز ہے، جو دلیلِ ظنی سے ثابت ہے اور تیسری قسم ان مصالح کی ہے جو وہمی ہیں اور ان کا دائرہ بے حد وسیع ہے، اس کی مثال شراب، افیون، ہیروئین، کوکین وغیرہ کے بارے میں ان کے استعمال کرنے والوں کا یہ وہم کہ یہ چیزیں مفید اور نشاط آور ہیں، شریعت نے اس طرح کی "وہمی" مصالح کو نظر انداز کیا ہے اور ان چیزوں کی حرمت کا حکم دیا ہے۔

خلاصہ بحث

مقاصد شریعت کے مدارج کے اس طرح پر ذکر سے یہ خیال نہیں ہونا چاہئے کہ وہ چیزیں جو ضروریات میں شمار کی گئی ہیں وہ سب کی سب نفل یا مکروہ کے ذیل میں آئیں گی۔ بلکہ اس کے برعکس ایسا بھی ہو سکتا ہے کہ ایک چیز مدارج کے لحاظ سے تو تحسینیات میں شمار ہوئی ہو۔ لیکن شرعی حکم کے لحاظ سے وہ قطعی حرام ہو یا واجب ہو، اس لیے کہ ایجاب و تحریم اور اباحت و کراہیت وغیرہ علیحدہ موضوع ہیں اور مقاصد شریعت اور اس کے مدارج ایک علیحدہ بحث ہے اور اس کی تفصیل حکم تکلیفی کے مدارج میں آئے گی۔ یہاں اس کے ذکر کا موقع نہیں ہے، مثال کے طور پر ستر عورت اور طہارت کے مسائل کو یہاں تحسینیات شمار کیا گیا ہے۔ لیکن سب جانتے ہیں کہ ستر عورت کی ایک مقدار فرض ہے اور طہارت بھی جنابت کی حالت میں ضروری ہے، اس کی تقسیم تو مختصر طور پر یوں ہو سکتی ہے کہ اللہ تعالیٰ کا خطاب جس چیز سے متعلق ہو وہاں طلب "جازم" ہو گا یا نہیں ہو گا۔ اگر طلب فعل ہو تو "واجب" ہو گا اور اگر طلب ترک فعل ہو تو "حرام" ہو گا اور اگر طلب "غیر جازم" ہو تو دونوں جانب یا تو برابر ہوں گے تو وہ مباح ہو گا اور اگر جانب وجود غالب ہو تو مندوب ہو گا اور اگر جانب عدم غالب ہو تو مکروہ ہو گا۔ خواہ اس کا تعلق ان امور سے ہو جو مقاصد و مصالح کے لحاظ سے ضروریات میں شمار کئے گئے ہوں یا حاجیات میں یا کمالیات میں۔

اصول و قواعد ہمیشہ عمومی احوال کو پیشِ نظر رکھ کر بنائے جاتے ہیں۔ بعض جزئیات پر کسی قاعدہ کے کسی خاص وجہ سے منطبق نہ ہونے کی وجہ سے اصل قاعدہ کی جامعیت پر کوئی اثر نہیں پڑتا۔ مثلاً عقوبات اس لیے مشروع کی گئی ہیں کہ جرم کا ارتکاب کرنے والا شخص اپنے جرم سے باز آجائے۔ لیکن ممکن ہے کہ کسی خاص شخص پر یہ اثر مرتب نہ ہو۔ اسی طرح سفر میں قصر صلوٰۃ اور روزے کے افطار کی مشروعیت مشقت کے پیشِ نظر کی گئی ہے۔ لیکن یہ ممکن ہے کہ بادشاہ وقت یا کسی مرفہ الحال شخص کا سفر اس طرح پر ہو کہ اسے قطعی کوئی مشقت نہ ہو۔ لیکن اس کی وجہ سے وہ اس رخصت سے فائدہ اُٹھانے کے حق سے محروم نہیں کیا جائے گا۔ اسی طرح طہارت کی مشروعیت تو نظافت کے لیے کی گئی ہے۔ لیکن مٹی کے ذریعہ تیمم کو بھی طہارت کا ذریعہ قرار دیا گیا ہے، جس میں بظاہر آلودگی ہے۔

جان کی حفاظت شریعت کے بنیادی مقاصد میں سے ایک ہے۔ چنانچہ اگر جان کی حفاظت مال کے اتلاف کے بغیر ممکن نہ ہو تو جان کی حفاظت کو ترجیح دی جائے گی۔ لیکن اگر جان کی حفاظت کا مقصد دین کو مٹانے کا باعث ہو تو پھر دین کی حفاظت کے مقصد کو ترجیح دی جائے گی۔ جیسا کہ جہاد کی مشروعیت اور قتل مرتد کے مسئلہ سے یہ بات واضح ہے۔ اسی طرح اگر جان کی حفاظت سے کئی جانوں کا اتلاف لازم آتا ہو تو پھر کئی جانوں کی حفاظت کی فکر کی جائے گی۔ چنانچہ اگر کفار کسی مسلمان کو ڈھال بنالیں اور اس کے سوا کوئی چارہ کار نہ ہو کہ مسلمان کی جان قربان کئے بغیر کفار پر غلبہ و نصرت حاصل کی جاسکے تو ایسی صورت میں اس مسلمان کی جان کو اجتماعی مصلحت پر قربان کئے جانے کو گوارا کیا جائے گا۔

اور اگر کسی کو سلاح کے زور پر اس بات پر مجبور کیا جائے کہ وہ کفریہ کلمات کہے۔ ورنہ اسے قتل کر دیا جائے گا تو ایسی صورت میں اس کے لیے یہ جائز ہو گا کہ کلماتِ کفر زبان سے ادا کرے اور اس کا دل مومن ہو۔ اسی طرح اکراہ کی وجہ سے شراب کا پینا، کسی دوسرے شخص کا مال کھانا، نماز اور روزہ کو ترک کرنا سب جان کی حفاظت کی خاطر مباح ہو گا۔ لیکن اگر اسے اس بات پر مجبور کیا جائے کہ وہ کسی دوسرے شخص کو قتل کر دے تو اس کے لیے یہ جائز نہ ہو گا۔ اسی طرح اگر کوئی شخص مخمصہ میں مبتلا ہو اور اس کے پاس کھانے کے لیے کچھ نہ ہو تو اس کے لیے یہ بات جائز نہیں ہو گی کہ وہ کسی دوسرے مسلمان کو ذبح کر کے اس کا گوشت کھائے۔

دو مصلحتوں کے درمیان اگر تعارض ہو تو جو قوی تر مصلحت ہو، اسے ترجیح دی جائے گی، مثال کے طور پر اگر ایک شخص نماز ادا کر رہا ہو اور اس کی نظر ایک ڈوبتے ہوئے شخص پر پڑ گئی تو ڈوبنے والے شخص کو بچانا نماز کی ادائیگی پر مقدم ہو گا اور اس شخص کا فریضہ ہو گا کہ پہلے ڈوبتے شخص کو بچائے۔ پھر اپنی نماز ادا کرے۔ اسی طرح محرمات کے درمیان بھی فرقِ مراتب اور درجات ہیں، شراب کا پینا شراب بیچنے کے مقابلہ میں زیادہ سنگین جرم ہے اور شادی شدہ عورت سے زنا کرنا غیر شادی شدہ عورت سے زنا کے مقابلہ میں زیادہ سنگین جرم ہے۔

اگر چند افراد کسی جزیرہ یا صحرا، یا کسی ظالم حکمران کی جیل میں اس طریقہ پر محصور ہو گئے ہوں کہ ان کے پاس کھانے کا کوئی سامان نہ ہو اور فاقہ کے اس درجہ کو پہنچ گئے ہوں کہ ان کے لیے سوائے اس کے کوئی چارہ کار نہ رہ گیا ہو کہ وہ اپنے رفقاء میں سے کسی ایک کو قربان کر کے اس کا گوشت کھالیں۔ تاکہ باقی لوگوں کی جان بچ سکے تو کیا شرعاً اس کی اجازت ہو گی؟

چند افراد کشتی میں سوار ہوئے موجوں کی شدت اور ہوا کہ تھپیڑوں نے انہیں ایسی حالت سے دوچار کر دیا کہ ان کے لیے ڈوبنے سے بچنے کا صرف ایک ہی ذریعہ باقی رہ گیا ہو کہ وہ اپنے ساتھ سوار کسی ایک فرد کو دریا میں ڈال دیں تاکہ کشتی کا وزن کم ہو اور کشتی سلامت رہ سکے۔ ورنہ اس کا یقین ہے کہ سب کے سب ڈوب کر ہلاک ہو جائیں گے تو کیا ایسی صورت میں یہ بات جائز ہو گی کہ کسی فرد کو اس ارادہ سے دریا کی نذر کر دیا جائے۔ تاکہ دوسروں کی جان بچائی جا سکے۔

کفار نے چند مسلمانوں کو اس طریقہ پر ڈھال بنالیا ہو کہ اگر ان مسلمان قیدیوں کی جان کا خیال کیا جائے تو سارا عالمِ اسلام کفار کے تسلط میں چلا جائے گا اور سینکڑوں افراد کی جانوں کو خطرہ لاحق ہو جائے گا، ایسی صورت میں کیا یہ درست ہو گا کہ ان بے قصور مسلمان قیدیوں کی جان کی پرواہ کئے بغیر عمومی مصلحت کو سامنے رکھا جائے اور انہیں نشانہ بنایا جائے۔ تاکہ کفار پر غلبہ حاصل ہو سکے، یہ اور اس طرح کے بہت سے مسائل ہیں جن کا جواب مقاصدِ شریعت اور ان کے مدارج کو سامنے رکھ کر معلوم کیا جا سکتا ہے۔

حواشی وحوالہ جات

۱) الشاطبی، ابراہیم بن موسیٰ بن محمد، ابو اسحاق،: الموافقات، دار الفکر العربی، بیروت، ۲/ ۳۴

۲) سورۃ الانبیاء:۱۰۷

۳) سورۃ المائدۃ:٦

۴) سورۃ العنکبوت:۴۵

۵) سورۃ البقرۃ:۱۸۳

٦) سورۃ البقرۃ:۱۷۹

۷) ابن ہمام، محمد بن عبد الواحد، کمال الدین،: التحریر فی اصول الفقہ الجامع بین اصطلاحی الحنفیۃ والشافعیۃ ،دار الکتب العربیۃ، بیروت، لبنان، ط:۱۹۸۳، ۱/ ۲۰۳

۸) کاشمیری، محمد انور شاہ، مولانا: فیض الباری علی صحیح البخاری مع حاشیۃ البدر الساری، دار الکتب العلمیۃ، بیروت، ط:۱۴۲٦ھ / ۲۰۰۵ء، ص:۱۰۴

۹) سورۃ البقرۃ:۲۵٦

۱۰) سورۃ الانعام:۱۰۸

۱۱) بخاری، محمد بن اسماعیل، امام، الجامع الصحیح، کتاب استتابۃ المرتدین والمعاندین وقتالہم، باب حکم المرتد و المرتدۃ، ح:٦۹۲۲، مکتبہ اسلامیہ، غزنی سٹریٹ، اردو بازار، لاہور، ط:۲۰۰۹ء، ۸/ ۲۸۸؛
ابو داؤد، سلیمان بن اشعث، السجستانی،: السنن، کتاب الحدود، باب الحکم فیمن ارتد، ح:۴۳۵۱، دار السلام، غزنی سٹریٹ، اردو بازار، لاہور، ۴/ ۳۳۱

۱۲) سورۃ المائدۃ:۳۲

۱۳) سنن ابی داؤد، کتاب الجہاد، باب فی الوفاء للمعاھد و حرمۃ ذمتہ، ح:۲۷٦۰، ۳/ ۲۳۱؛ النسائی، احمد بن شعیب،: السنن، کتاب القسامۃ، باب تعظیم قتل المعاھد، حدیث نمبر ۴۷۵۱، دار السلام، غزنی سٹریٹ، اردو بازار، لاہور، ٦/ ٦۰۷
معَاھد (ھا پر زبر) سے مراد ایسا شخص ہے جو کافر ہوتے ہوئے حکومتِ اسلامیہ میں رہ رہا ہو، اور ٹیکس وغیرہ ادا کرتا ہو، اسے ذمی بھی کہا جاتا ہے۔

۱۴) الترمذی، محمد بن عیسیٰ، ابو عیسیٰ،: الجامع، ابواب الدیات، باب الحکم فی الدماء (ح:۱۳۹۸)، شیخ غلام علی اینڈ سنز، لاہور،، ط:۱۹٦۳، ۱ء، ۱/ ۲۰۳

نوٹ:اس روایت کی سند میں یزید رقاشی ضعیف راوی ہے۔

۱۵) سورۃ البقرۃ:۱۷۹

۱۶) سورۃ المائدۃ:۹۰

۱۷) جامع ترمذی، ابواب الاشربۃ، باب ماجاء ما أسکر کثیرہ فقلیلہ حرام (ح:۱۸۶۵)، ۲/۳۶؛
سنن ابی داؤد، کتاب الاشربۃ، باب ماجاء فی السکر، ح:۳۶۸۱،۳/۸۷۲

۱۸) الخطیب الشربینی،: مغنی المحتاج الی معرفۃ معانی الفاظ المنھاج، محقق،: محمد خلیل العیتانی، دار المعرفۃ، بیروت، ۳/۴

۱۹) محمد الامیر الکبیر،: الاکلیل شرح مختصر خلیل، محقق،: عبد اللہ الصدیق الغماری ابو الفضل، مکتبۃ القاھرۃ، ۲/۱۰۰

۲۰) سورۃ الاحزاب:۵

۲۱) الجامع الصحیح، کتاب التفسیر، باب قولہ: اُدْعُوْھُمْ لِاٰبَآئِھِمْ ھُوَ اَقْسَطُ عِنْدَ اللّٰہِ، ح:۴۷۸۲

۲۲) ایضاً، کتاب المغازی، ح:۵،۴۰۰۰/۳۱۴

۲۳) ایضاً، کتاب المحاربین من اھل الکفر والردۃ، ح:۸،۶۸۳۰/۲۳۴؛ کتاب الفرائض، باب من ادعی الی غیر ابیہ، ح:۸،۶۷۶۸/۲۰۴

۲۴) ایضاً، کتاب الفرائض، باب من ادعی الی غیر ابیہ، ح:۸،۶۷۶۶/۲۰۴

۲۵) ایضاً، کتاب فضائل اصحاب النبی ﷺ، باب القسامۃ فی الجاھلیۃ، ح:۵،۳۸۵۰/۲۱۰

۲۶) الالبانی، محمد ناصر الدین،: صحیح سنن ابی داؤد، ابواب النوم، باب فی الرجل ینتمی الی غیر موالیہ، ح:۴۲۶۸، مکتبۃ التربیۃ العربی لدول الخلیج، الریاض، ط:۱۴۰۹ھ/۱۹۸۹ء، ۳/۹۶۳

۲۷) سنن ابی داؤد، کتاب الطلاق، باب التغلیظ فی الانتفاء، ح:۲،۲۲۶۳/۷۲۶؛
سنن النسائی، کتاب الطلاق، باب التغلیظ فی الانتفاء من الولد، ح:۵،۳۵۱۱/۳۵۶

۲۸) الشافعی، محمد بن ادریس، الامام،: احکام القرآن، بیروت، لبنان، ۲/۱۹۰

۲۹) الجصاص، احمد بن علی، ابو بکر،: احکام القرآن، محقق،: محمد صادق القمحاوی، دار احیاء التراث العربی، بیروت، ۳/۳۳۸

۳۰) السرخسی، محمد بن احمد بن ابی سہیل، ابو بکر: المبسوط، دار المعرفۃ، بیروت، مسئلہ:۱۷،۲۰۰۹/۱۵۵

۳۱) ابن حزم، علی بن احمد بن سعید الاندلسی، ابو محمد،: المحلی بالآثار، محقق: احمد شاکر، بیروت، مسئلہ: ۱۰، ۲۰۰۹/ ۱۴۲

۳۲) الموسوعۃ الفقہیۃ، مطابع دار الصفوۃ، وزارۃ الاوقاف والشئون الاسلامیۃ، کویت، ۴۰/ ۲۳۷

۳۳) نطفۃ امشاج کا تذکرہ اس آیت کریمہ میں کیا گیا ہی—إِنَّا خَلَقْنَا الْإِنْسَانَ مِنْ نُّطْفَةٍ أَمْشَاجٍ (الدھر: ۷۶/ ۲)

۳۴) مسلم، مسلم بن حجاج، القشیری، الامام،: الصحیح و مع شرحہ الکامل للنواوی، کتاب الحیض، باب بیان صفۃ منی الرجل و المرأۃ و ان الولد مخلوق من مائیھما(ح: ۳۱۱)، قدیمی کتب خانہ، مقابل آرام باغ ، کراچی، ط: ۱، ۲/ ۱۴۶

۳۵) الجامع الصحیح، کتاب فضائل اصحاب النبی ﷺ، ح: ۵، ۳۹۳۸/ ۲۷۹

۳۶) الصحیح لمسلم (ح: ۳۱۴)، ۱/ ۱۴۶

۳۷) الجامع الصحیح، کتاب الطلاق، باب اذا عرض بنفي الولد، ح: ۷، ۵۳۰۵/ ۶۷

۳۸) الغزالی، محمد بن محمد بن محمد، ابو حامد،: المستصفی في علم الأصول، دار الفکر، بیروت، لبنان، ۱/ ۱۷۴

۳۹) ایضاً

۴۰) الموافقات ۲/ ۵۔۶

۴۱) المستصفٰی في علم الاصول: ۱/ ۲۹۰

۴۲) الموافقات ۲/ ۶

****

قرآنی اصولوں کی روشنی میں معاشرتی استحکام

(پاکستان کے تناظر میں)

Social Integration in the light of Qur'anic Principles
(in Pakistan's perspective)

ڈاکٹر میمونہ تبسم*

پروفیسر ڈاکٹر عبدالرؤف ظفر**

ABSTRACT

Islam is the religion of nature. It not only approves the social interaction among the masses, but also helps in its development towards positive ends. Islam has given natural and universal principles which help its followers to develop a harmonious society, discouraging all the attempts to divide the society into different sections. Islamic society is based upon the following fundamental principles i.e equality, harmony of thoughts, justice, *amar-bil-maaruf-wa-nahi-anilmunkar* (ask for good and forbid from evil), unity, sense of responsibility, virtue and evil, abolition of sectarianism & fulfillment of promises, reflecting the universality of the religion, Islam.

Pakistan today, is facing various social problems like terrorism, corruption, poverty, unemployment, broken families, sectarianism, onslaught of western culture and demand of unrestricted liberty by womenfolk. The moral degradation of the society is due to the fact that the true Islamic spirit and moral teachings and trainings of Islam have not been applied with true mind and honest intentions. The moral values are ignored by the media which is the cause of great concern.

***Keywords*:** *Social Integration, religion of nature, Qur'anic Principles, fundamental principles.*

* اسسٹنٹ پروفیسر شعبہ علوم اسلامیہ، گورنمنٹ کالج خواتین یونیورسٹی، لاہور

* چیئرمین شعبہ علوم اسلامیہ، یونیورسٹی آف سرگودھا

اسلام دین فطرت ہے، اسلام انسانوں کے باہمی میل جول سے پیدا ہونے والی اجتماعیت کو نہ صرف تسلیم کرتا ہے بلکہ اس اجتماعیت کی نشوونما میں معاونت بھی کرتا ہے اور ایسے فطری و آفاقی رہنما اصول فراہم کرتا ہے جن سے معاشرتی اجتماعیت کو تقویت ملے۔ اسلام کسی ایسی سوچ کو مستقل نہیں قرار دیتا، جو خالق کائنات کی اس خاکی مخلوق میں باہمی تفریق پر منتج ہو، اسلام اختلاف کی کسی بھی غیر فطری بنیاد کو تسلیم نہیں کرتا۔

قرآنی اصولوں کی روشنی میں معاشرتی استحکام

اسلام کا سارا معاشرتی ڈھانچہ کچھ بنیادی اصولوں پر استوار ہے۔ ان میں کچھ بنیادی اصول ذیل کی سطور میں ذکر کئے جارہے ہیں، جو معاشرتی استحکام کے لئے اشد ضروری ہیں:

وحدت نسل انسانی:

اسلام وحدتِ نسل انسانی کا داعی ہے، وہ انسانوں کی محدود تفریق کا قائل نہیں، جیسے رنگ و نسل، زبان و وطن وغیرہ۔ یہ معاشرے کی اساس نہیں، بلکہ ان پر تفاخر معاشرہ کو عدم استحکام سے دوچار کر دیتا ہے، اسی لیے اسلام انسانوں کے درمیان ان ظاہری اختلافات کو باعثِ فضیلت یا سببِ ذلت تسلیم نہیں کرتا، بلکہ انہیں محض ذریعۂ پہچان قرار دیتا ہے۔ اس سلسلے میں ارشاد ربانی ہے:

﴿ وَجَعَلْنَٰكُمْ شُعُوبًا وَقَبَآئِلَ لِتَعَارَفُوٓاْ إِنَّ أَكْرَمَكُمْ عِندَ ٱللَّهِ أَتْقَىٰكُمْ ﴾ (۱)

(اور ہم نے تمہارے کنبے اور قبیلے بنادیئے ہیں تاکہ تم آپس میں ایک دوسرے کو پہچانو، بے شک اللہ کے نزدیک تم سب میں سے باعزت وہ ہے جو سب سے زیادہ ڈرنے والا ہے)۔

وحدت نسل انسانی کا یہ داعیہ معاشرتی استحکام کی جوہری اساس ہے۔

ارشاد باری تعالیٰ ہے:

﴿ يَٰٓأَيُّهَا ٱلنَّاسُ ٱتَّقُواْ رَبَّكُمُ ٱلَّذِى خَلَقَكُم مِّن نَّفْسٍ وَٰحِدَةٍ وَخَلَقَ مِنْهَا زَوْجَهَا وَبَثَّ مِنْهُمَا رِجَالًا كَثِيرًا وَنِسَآءً ۚ وَٱتَّقُواْ ٱللَّهَ ٱلَّذِى تَسَآءَلُونَ بِهِۦ وَٱلْأَرْحَامَ ۚ ﴾ (۲)

(اے لوگو! اپنے پروردگار سے ڈرو جس نے تمہیں ایک جان سے پیدا کیا اور اس سے اس کا جوڑا پیدا کیا اور ان دونوں سے بہت سے مرد اور عورتیں پھیلائیں اور تم اللہ سے ڈرو، جس کے نام سے تم ایک دوسرے سے سوال کیا کرتے ہو اور قرابت سے بھی ڈرو)۔

نبی کریم ﷺ نے معاشرتی تفریق کو ختم کر کے ایک ایسا معاشرہ تشکیل دیا، جس میں رنگ و نسل قوم و قبیلہ زبان و وطن، غرضیکہ کسی بنیاد پر بھی کوئی شخص کسی سے افضل اور اعلیٰ نہیں۔ نبی کریم ﷺ کا فرمان ہے:

يَا مَعْشَرَ قُرَيْشٍ، إِنَّ اللَّهَ قَدْ أَذْهَبَ عَنْكُمْ نَخْوَةَ الْجَاهِلِيَّةِ وَتَعَظُّمَهَا بِالْآبَاءِ، النَّاسُ مِنْ آدَمَ وَآدَمُ مِنْ تُرَابٍ (3)

(اے گروہ قریش! اللہ نے تم سے جاہلیت کے غرور اور اس پر فخر کرنے کو دور کر دیا، لوگ آدمؑ سے ہیں اور آدمؑ مٹی سے تھے)۔

اسلامی معاشرہ میں انسان ہونے کی حیثیت سے سب برابر ہیں، نہ تو امارت کسی کے لیے وجہ تکریم ہے اور نہ غربت وجہ ذلت۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

﴿وَلَقَدْ كَرَّمْنَا بَنِيٓ ءَادَمَ﴾ (4)

(ہم نے آدم علیہ السلام کے بیٹوں کو عزت کے قابل بنایا ہے)۔

قرآن مجید نے معاشرہ میں لوگوں کی عزت اور ذلت کا معیار اچھے اعمال اور تقویٰ مقرر کیا ہے۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

﴿وَلِكُلٍّ دَرَجَٰتٌ مِّمَّا عَمِلُوا۟﴾ (5)

(ہر ایک کا درجہ اس کے کاموں کے لحاظ سے ہے)۔

رسول کریم ﷺ نے حجۃ الوداع کے موقع پر ایک مشہور خطبہ میں فرمایا:

أَيُّهَا النَّاسُ أَلاَ إِنَّ رَبَّكُمْ وَاحِدٌ وَإِنَّ أَبَاكُمْ وَاحِدٌ أَلاَ لاَ فَضْلَ لِعَرَبِيٍّ عَلَى أَعْجَمِيٍّ وَلاَ لِعَجَمِيٍّ عَلَى عَرَبِيٍّ وَلاَ لأَحْمَرَ عَلَى أَسْوَدَ وَلاَ أَسْوَدَ عَلَى أَحْمَرَ إِلاَّ بِالتَّقْوَى (6)

(اے لوگو! بیشک تمہارا رب ایک ہے، اور بیشک تمہارا باپ ایک ہے، کسی عربی کو عجمی پر اور عجمی کو عربی پر، سرخ کو سیاہ پر اور سیاہ کو سرخ پر کوئی فضیلت نہیں مگر تقویٰ کے سبب سے)۔

یعنی تمام مسلمان برابر ہیں اور فضیلت کا معیار صرف تقویٰ ہے۔

وحدت فکر انسانی:

اسلام کا دعویٰ ہے کہ انفرادی اور اجتماعی زندگی کے لیے جن اصولوں کی ضرورت تھی، وہ اللہ تعالیٰ نے انسان کو ودیعت کر دیئے۔

ارشاد ربانی ہے:

﴿ كَانَ ٱلنَّاسُ أُمَّةً وَٰحِدَةً فَبَعَثَ ٱللَّهُ ٱلنَّبِيِّـۧنَ مُبَشِّرِينَ وَمُنذِرِينَ ﴾[7]

(دراصل لوگ ایک ہی گروہ تھے، اللہ تعالیٰ نے نبیوں کو خوشخبریاں دینے اور ڈرانے والا بنا کر بھیجا)۔

مگر انسانوں نے اس وحدت کو ضائع کر کے مصنوعی اور بناوٹی فکری خاکے مرتب کرنے شروع کر دیئے۔ جس کو قرآن میں اس طرح بیان کیا گیا ہے:

﴿ وَمَا كَانَ ٱلنَّاسُ إِلَّآ أُمَّةً وَٰحِدَةً فَٱخْتَلَفُوا۟ ﴾[8]

(اور تم سب لوگ ایک ہی امت تھے اور پھر الگ الگ ہو گئے)۔

اس وقت امت مسلمہ ذہنوں اور ماحول میں پائے جانے والے اختلاف اور انتشار کی وجہ سے فکری انحطاط کی شکار ہے اور اپنی سمت کا تعین نہیں کر پا رہی۔ اس جمود کو توڑنے کے لئے ہمیں آپس میں محبت، ایثار اور اتفاق کی ضرورت ہے۔ فرمان نبوی ہے:

لَا يُؤْمِنُ أَحَدُكُمْ حَتَّى يُحِبَّ لأَخِيْهِ مَا يُحِبُّ لِنَفْسِهِ[9]

(تم میں سے کوئی اس وقت تک مومن نہیں ہو سکتا جب تک وہ اپنے بھائی کے لئے وہی پسند نہ کرے جو اپنے لئے پسند کرتا ہے)۔

توحید واطاعت:

اسلام کی تعلیم کی بنیاد توحید ہے، یعنی اللہ کو اس کی ذات صفات اور افعال میں ایک

جاننا اور اسی کی عبادت بجالانا۔ اس وجہ سے اسلامی معاشرہ کی اہم اور سب سے بڑی خصوصیت یہ ہے کہ اس کے تمام افراد صرف اللہ کی عبادت کرتے ہیں اور اس کے سامنے سرنگوں ہوتے ہیں۔ اسلام عبادت کو مقصد زندگی ٹھہراتا ہے۔ ارشاد الٰہی ہے:

﴿ وَمَا خَلَقْتُ ٱلْجِنَّ وَٱلْإِنسَ إِلَّا لِيَعْبُدُونِ ﴾ (۱۰)

(میں نے جن وانس کو اپنی عبادت کے لیے پیدا کیا ہے)۔

اللہ کی عبادت ہی کمالات کے حصول کا ذریعہ ہے۔

حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں:

أَتَيْتُ النَّبِيَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعَلَيْهِ ثَوْبٌ أَبْيَضُ، فَإِذَا هُوَ نَائِمٌ، ثُمَّ أتيته فَإِذَا هُوَ نَائِمٌ، ثُمَّ أَتَيْتُهُ وَقَدْ اسْتَيْقَظَ فَجَلَسْتُ إِلَيْهِ، فَقَالَ: "مَا مِنْ عَبْدٍ قَالَ: لَا إِلَهَ إِلَّا اللهُ، ثُمَّ مَاتَ عَلَى ذَلِكَ إِلَّا دَخَلَ الْجَنَّةَ " قُلْتُ: وَإِنْ زَنَى وَإِنْ سَرَقَ؟ قَالَ: "وَإِنْ زَنَى وَإِنْ سَرَقَ " قُلْتُ: وَإِنْ زَنَى وَإِنْ سَرَقَ؟ قَالَ: "وَإِنْ زَنَى وَإِنْ سَرَقَ " ثَلَاثًا، ثُمَّ قَالَ فِي الرَّابِعَةِ: "عَلَى رَغْمِ أَنْفِ أَبِي ذَرٍّ " قَالَ: فَخَرَجَ أَبُو ذَرٍّ وَهُوَ يَقُولُ: "وَإِنْ رَغِمَ أَنْفُ أَبِي (۱۱)

(میں ایک مرتبہ نبی ﷺ کی خدمت میں آیا، آپ ﷺ سفید کپڑا اوڑھے ہوئے سو رہے تھے میں واپس چلا گیا پھر دوبارہ حاضر ہوا، تو سو رہے تھے۔ پھر گیا تو آپ ﷺ جاگ رہے تھے، میں آپ ﷺ کے پاس بیٹھ گیا آپ ﷺ نے فرمایا: "جس بندے نے لا الہ الا اللہ کہا اور اس پر وہ مر گیا تو وہ جنت میں داخل ہو گا۔" میں نے عرض کیا: اگرچہ وہ زنا کرتا ہو اور چوری کی ہو؟ آپ ﷺ نے فرمایا: "اگرچہ اس نے زنا کیا ہو اور چوری کی ہو۔" میں نے جتنی مرتبہ اس طرح کہا آپ ﷺ نے بھی تین مرتبہ فرمایا، پھر چوتھی مرتبہ آپ ﷺ نے فرمایا: "اگرچہ وہ زنا اور چوری کرے، ابو ذر رضی اللہ عنہ کی ناک خاک آلود ہو۔" پھر حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ آپ ﷺ کا محبت اور شفقت بھرا جملہ دہراتے ہوئے نکلے کہ ابوذر کی ناک خاک آلود ہو!)۔

اس حدیث میں لا الہ الا اللہ سے محض زبانی اقرار مراد نہیں ہے، بلکہ ایسا اقرار جس کے ساتھ قلبی یقین و تصدیق بھی شامل ہو۔

ارشاد باری تعالیٰ ہے:

﴿ إِنَّ ٱلَّذِينَ قَالُوا۟ رَبُّنَا ٱللَّهُ ثُمَّ ٱسْتَقَٰمُوا۟ ﴾ (۱۲)

(بلا شبہ وہ لوگ جنہوں نے کہا: ہمارا رب اللہ ہے پھر انہوں نے اس پر استقامت اختیار کی)۔

حضرت عباس بن عبد المطلب رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

ذَاقَ طَعْمَ الْإِيمَانِ مَنْ رَضِيَ بِاللَّهِ رَبًّا، وَبِالْإِسْلامِ دِينًا، وَبِمُحَمَّدٍ رَسُولًا (۱۳)

(اس نے ایمان کا مزہ چکھ لیا، جو اللہ کے رب، اسلام کے دین اور محمد ﷺ کے رسول ہونے پر راضی ہو گیا)۔

ایمان کا ذائقہ چکھنے سے مراد وہ شرح صدر اور اطمینان قلبی ہے، جو حقیقی طور پر ایک مومن کو ہی مل سکتا ہے۔

رسول اللہ ﷺ کی محبت و اطاعت:

اطاعتِ رسول، توحید کا لازمہ ہے۔ قرآن مجید میں اطاعت رسول ﷺ کا ذکر متعدد مرتبہ آیا ہے:

﴿ لَّقَدْ كَانَ لَكُمْ فِى رَسُولِ ٱللَّهِ أُسْوَةٌ حَسَنَةٌ ﴾ (۱۴)

(یعنی تمہارے لیے اللہ کے رسول میں عملی نمونہ ہے)۔

﴿ وَمَآ ءَاتَىٰكُمُ ٱلرَّسُولُ فَخُذُوهُ وَمَا نَهَىٰكُمْ عَنْهُ فَٱنتَهُوا۟ ﴾ (۱۵)

(اور یعنی رسول جو کچھ تمہیں دے، اس کو لے لو اور جس سے روکے، اس سے رک جاؤ)۔

﴿ قُلْ إِن كُنتُمْ تُحِبُّونَ ٱللَّهَ فَٱتَّبِعُونِى يُحْبِبْكُمُ ٱللَّهُ ﴾ (۱۶)

(کہہ اگر تم اللہ سے محبت کرتے ہو۔ تو میری عبادت کرو، اللہ تم سے محبت کرے گا۔)

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

لاَ يُؤْمِنُ أَحَدُكُمْ، حَتَّى أَكُونَ أَحَبَّ إِلَيْهِ مِنْ وَالِدِهِ وَوَلَدِهِ وَالنَّاسِ أَجْمَعِينَ (۱۷)

(تم میں سے کوئی ایمان دار نہ ہو گا یہاں تک کہ میں اس کے نزدیک اس کے والد، اس کے بیٹے اور تمام لوگوں سے زیادہ محبوب نہ ہو جاؤں)۔

شرفِ انسانیت

توحید کا لازمی نتیجہ شرف انسانیت ہے، کیونکہ توحید انسان کو ہر قسم کی غلامی سے نجات دلاتی ہے اور اس کو اشرف المخلوقات قرار دیتی ہے۔ عظمت آدمیت کے متعلق قرآن مجید میں ارشاد ہے:

﴿ وَلَقَدْ كَرَّمْنَا بَنِيٓ ءَادَمَ وَحَمَلْنَٰهُمْ فِي ٱلْبَرِّ وَٱلْبَحْرِ وَرَزَقْنَٰهُم مِّنَ ٱلطَّيِّبَٰتِ وَفَضَّلْنَٰهُمْ عَلَىٰ كَثِيرٍ مِّمَّنْ خَلَقْنَا تَفْضِيلًا ﴾ (۱۸)

(اور یقیناً ہم نے بنی آدم کو بزرگی دی اور ہم نے ان کو خشکی اور تری میں سواری دی اور ان کو اچھی چیزوں سے رزق دیا اور ہم نے ان کو بہتوں پر جنہیں ہم نے پیدا کیا ہے۔ بڑی فضیلت دی ہے۔)

﴿ لَقَدْ خَلَقْنَا ٱلْإِنسَٰنَ فِيٓ أَحْسَنِ تَقْوِيمٍ ﴾ (۱۹)

(یقیناً ہم نے انسان کو بہترین صورت پر پیدا کیا ہے)۔

عدل و انصاف:

قرآن کریم ایسے معاشرہ کا خواہاں ہے جس میں ہر شخص عدل و انصاف پر عمل کرنا اپنا فریضہ سمجھتا ہو، بلکہ اس کا دائرہ اس قدر وسیع اور ہمہ گیر ہے کہ دشمنوں کو بھی شامل ہے۔ ارشاد ہے:

﴿ يَٰٓأَيُّهَا ٱلَّذِينَ ءَامَنُواْ كُونُواْ قَوَّٰمِينَ لِلَّهِ شُهَدَآءَ بِٱلْقِسْطِ ۖ وَلَا يَجْرِمَنَّكُمْ شَنَـَٔانُ قَوْمٍ عَلَىٰٓ أَلَّا تَعْدِلُواْ ۚ ٱعْدِلُواْ هُوَ أَقْرَبُ لِلتَّقْوَىٰ ۖ وَٱتَّقُواْ ٱللَّهَ ۚ إِنَّ ٱللَّهَ خَبِيرٌۢ بِمَا تَعْمَلُونَ ﴾ (۲۰)

(اے ایمان والو! تم اللہ کی خاطر حق پر قائم ہو جاؤ، راستی اور انصاف کے ساتھ گواہی دینے والے بن جاؤ کسی قوم کی عداوت تمہیں خلاف عدل پر آمادہ نہ کر دے عدل کیا کرو جو پرہیز گاری کے زیادہ قریب ہے اور اللہ تعالیٰ سے ڈرتے رہو، یقین مانو کہ اللہ تعالیٰ تمہارے اعمال سے باخبر ہے۔)

ارشاد باری تعالیٰ ہے:

﴿ وَإِذَا حَكَمْتُم بَيْنَ ٱلنَّاسِ أَن تَحْكُمُوا۟ بِٱلْعَدْلِ ۚ ﴾ (۲۱)

(اور جب لوگوں کے درمیان فیصلہ کرو تو انصاف سے کرو۔)

﴿ قُلْ أَمَرَ رَبِّى بِٱلْقِسْطِ ﴾ (۲۲)

(اور کہہ دیجئے میرے رب نے انصاف کا حکم کیا ہے۔)

حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "انصاف کرنے والے حکام اللہ کے ہاں دائیں جانب نور کے منبروں پر بیٹھے ہوں گے۔ جبکہ اللہ کے دونوں ہاتھ دائیں ہیں۔ (انصاف کرنے والوں سے) مراد وہ لوگ ہیں جو اپنے دائرہ اقتدار میں اور اپنے اہل و عیال میں اور رعیت کے معاملات میں عدل و انصاف کرتے ہیں۔ (۲۳)

اسلام جس عدل و انصاف کا قائل ہے وہ کوئی حکم تعبدی نہیں ہے، بلکہ اسلامی عدالت سے معاشرے میں استقامت استحکام اور ترقی و سلامتی آتی ہے۔ الملک یبقی مع الکفر ولا یبقی مع الظلم سے پتا چلتا ہے کہ معاشرتی خطروں اور عدم سلامتی کی بنیادی وجہ بے انصافی اور ظلم ہوتا ہے۔

حضرت وہب بن منبہ رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ جب امیر وقت اپنی رعایا میں جور و ظلم کا ارادہ کرتا ہے تو اس کی مملکت سے برکت اٹھ جاتی ہے۔ بازار، کھیت، باغات سب جگہ مظالم کا دور دورہ ہو جاتا ہے اور جب عدل و انصاف رائج کرنا چاہتا ہے تو ہر جگہ رونق اور برکت نازل ہوتی ہے۔ حضرت ولید بن ہشام نے فرمایا "إِنَّ الرَّعِيَةَ ليصْلح بِصَلَاحِ الْوَالِي وَتُفْسِدُ بِفَسَادِهِ" (۲۴) رعایا کی صلاح اور فلاح کا دارومدار امیر وقت کے صالح و عادل ہونے پر ہے اور رعایا کی بربادی امیر وقت کی فساد نیت سے متعلق ہے۔

امر بالمعروف و نہی عن المنکر:

معاشرتی نظم کا تقاضا ہے کہ امر بالمعروف و نہی عن المنکر ہوتا رہے، کیونکہ لوگوں میں اعمال صالحہ کی اشاعت اور سماجی امور کا اہتمام و انصرام اور تبلیغ و ترویج میں سستی اور غفلت سے پرہیز ایسے امور ہیں، جن پر عمل کرنے کے مثبت اثرات اور ترک کرنے کے منفی اثرات تمام معاشرے پر یکساں طور پر مرتب ہوتے ہیں۔ ان امور پر عمل اور ان کی معاشرتی ترویج اسلامی معاشرے کا بنیادی اصول ہے۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

﴿ كُنتُمْ خَيْرَ أُمَّةٍ أُخْرِجَتْ لِلنَّاسِ تَأْمُرُونَ بِالْمَعْرُوفِ وَتَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنكَرِ ﴾(۲۵)

(تم بہترین امت ہو جو لوگوں کے لیے پیدا کی گئی ہے کہ تم نیک باتوں کا حکم کرتے ہو اور بری باتوں سے روکتے ہو)۔

اس عظیم فریضہ سے انحراف کا نتیجہ قوموں کو ہلاکت اور ان کے انہدام کی شکل میں نکلتا ہے۔ سورۃ المائدہ میں ایک قوم کی گرفت کا سبب ان الفاظ میں ذکر کیا گیا ہے:

﴿ كَانُوا لَا يَتَنَاهَوْنَ عَن مُّنكَرٍ فَعَلُوهُ ۚ لَبِئْسَ مَا كَانُوا يَفْعَلُونَ ﴾(۲۶)

(آپس میں ایک دوسرے کو برے کاموں سے جو وہ کرتے تھے روکتے نہ تھے، جو کچھ بھی یہ کرتے تھے یقیناً وہ بہت برا تھا)

ایک دوسرے مقام پر ارشاد فرمایا:

﴿ الَّذِينَ إِن مَّكَّنَّاهُمْ فِي الْأَرْضِ أَقَامُوا الصَّلَاةَ وَآتَوُا الزَّكَاةَ وَأَمَرُوا بِالْمَعْرُوفِ وَنَهَوْا عَنِ الْمُنكَرِ ۗ ﴾(۲۷)

(لوگ اگر ہم ان کے پاؤں زمین میں جما دیں تو نماز پڑھیں گے زکوٰۃ ادا کریں گے، نیکی کی ترغیب دیں گے اور برائی سے باز رکھیں گے)۔

نبی کریم ﷺ نے فرمایا:

مَنْ رَأَى مِنْكُمْ مُنْكَرًا فَلْيُغَيِّرْهُ بِيَدِهِ، فَإِنْ لَمْ يَسْتَطِعْ فَبِلِسَانِهِ، فَإِنْ لَمْ

يَسْتَطِعْ فَبِقَلْبِهِ، وَذَلِكَ أَضْعَفُ الْإِيمَانِ [۲۸]

(جو تم میں سے برائی کو دیکھے اسے چاہیے کہ ہاتھ سے بدل دے یعنی روکے اگر ہاتھ سے طاقت نہ ہو تو زبان سے اور اگر اس کی بھی طاقت نہ ہو تو پھر دل سے برا جانے اور یہ ایمان کا کمزور ترین درجہ ہے)۔

قرآن میں ایک اور مقام پر فرمایا:

﴿وَيَنْهَىٰ عَنِ ٱلْفَحْشَآءِ وَٱلْمُنكَرِ وَٱلْبَغْيِ ۚ﴾ [۲۹]

(اور اسلام تمہیں بے حیائی، نامعقول کاموں اور سرکشی سے منع کرتا ہے)۔

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم میں سے جب کوئی شخص کسی برائی کو دیکھے تو اپنے ہاتھ سے مٹا دے۔ اگر اس کی استطاعت نہ ہو تو زبان سے سمجھا دے۔ اور اگر اس کی بھی استطاعت نہ ہو تو دل سے برا سمجھے اور یہ ایمان کا سب سے کمزور درجہ ہے [۳۰]۔

نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

"اللہ کی حدود میں برائی کو نہ روکنے والے اور اس کے مرتکب ہونے والے کی مثال ان لوگوں کی مانند ہے جنہوں نے کشتی میں (بیٹھنے کی جگہ کے لیے) قرعہ اندازی کی۔ کچھ لوگ کشتی کے نچلے حصے میں اور کچھ لوگ اوپر والے حصے میں چلے گئے تو جو لوگ ان کے نچلے حصے میں تھے وہ ان لوگوں کے پاس پانی لے کر گزرتے جو کشتی کے اوپر والے حصے میں تھے۔ انہیں اس سے تکلیف ہوئی (اس لیے انہوں نے نچلے حصے والوں کو اوپر آنے سے روک دیا) چنانچہ (نچلے حصے والوں میں سے) ایک شخص نے کلہاڑا اٹھایا اور کشتی کے نچلے حصے میں سوارخ کرنا چاہا تو اوپر کے حصے والے اس کے پاس آئے اور انہوں نے کہا تجھے کیا ہو گیا ہے؟ اس نے جواب دیا تم میرے (اوپر جانے) سے تکلیف محسوس کرتے ہو جبکہ مجھے پانی کی ضرورت ہے، "فَإِنْ أَخَذُوا عَلَى يَدَيْهِ أَنْجَوْهُ وَنَجَّوْا أَنْفُسَهُمْ، وَإِنْ تَرَكُوهُ أَهْلَكُوهُ وَأَهْلَكُوا أَنْفُسَهُمْ" [۳۱]۔ (اگر وہ اس کے ہاتھ پکڑ لیں گے تو اسے بھی نجات دلا دیں گے اور خود بھی نجات پائیں گے اور اگر اسے کچھ نہ کہیں گے تو اسے موت کے حوالے کر دیں گے اور اپنے آپ کو بھی تباہ کر دیں گے"۔

سنن ابی داؤد میں یہ روایت حضرت شعبہ رضی اللہ عنہ سے یوں مروی ہے کہ: "جس کسی قوم میں نافرمانیاں ہوتی ہوں اور معاصی سے بچنے والوں کی تعداد زیادہ اور دوسروں کی کم ہو اور پھر وہ نہ روکیں تو ان سب پر عذاب آنے کا اندیشہ ہوتا ہے"(۳۲)۔

حضرت جریر بن عبد اللہ بجلی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "جن لوگوں میں ان کی نافرمانی کی جائے جب کہ وہ (گناہ کرنے والوں سے) زیادہ طاقتور اور زیادہ زور آور ہوں، اس کے باوجود (مجرموں کو گناہ سے) منع نہ کریں تو اللہ تعالیٰ ان سب پر عذاب نازل کر دیتا ہے"(۳۳)۔

امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کی تکمیل شرعی سزاؤں کے نفاذ سے ہی ہو سکتی ہے، یہ مقصد ترکِ واجبات اور ارتکابِ حرام پر سزائیں دینے سے حاصل ہو سکتا ہے۔یعنی امر بالمعروف کا فریضہ معاشرتی استحکام کا اساسی عنصر ہے۔

اتحاد و اتفاق:

اتحاد و اتفاق، الفت و یگانگت، مجموعی پیار و محبت کی فضا کا قیام دینی معاشرے کے قیام و استحکام کے بنیادی لوازمات ہیں۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

﴿ وَٱعْتَصِمُواْ بِحَبْلِ ٱللَّهِ جَمِيعًا وَلَا تَفَرَّقُواْ وَٱذْكُرُواْ نِعْمَتَ ٱللَّهِ عَلَيْكُمْ إِذْ كُنتُمْ أَعْدَآءً فَأَلَّفَ بَيْنَ قُلُوبِكُمْ فَأَصْبَحْتُم بِنِعْمَتِهِۦٓ إِخْوَٰنًا ﴾(۳۴)

(اللہ تعالیٰ کی رسی کو سب مل کر مضبوط تھالو اور پھوٹ نہ ڈالو، اور اللہ تعالیٰ کی اس وقت کی نعمت کو یاد کرو جب تم ایک دوسرے کے دشمن تھے تو اس نے تمہارے دلوں میں الفت ڈال دی، پس تم اس کی مہربانی سے بھائی بھائی ہو گئے)

مزید فرمایا:

﴿ وَلَا تَكُونُواْ كَٱلَّذِينَ تَفَرَّقُواْ وَٱخْتَلَفُواْ مِنۢ بَعْدِ مَا جَآءَهُمُ ٱلْبَيِّنَٰتُ ﴾(۳۵)

(اپنے پچھلوں کی طرح نہ ہو جانا جنہوں نے اختلاف اور تفرقہ کی زندگی بسر کی)

قرآن کی نظر میں معاشرتی اتحاد و استحکام ایک طرح کی طاقت ہے اور تفرقہ و تشتت پاؤں اکھڑنے کا سبب ہے۔

﴿ وَلَا تَنَٰزَعُواْ فَتَفۡشَلُواْ وَتَذۡهَبَ رِيحُكُمۡۖ وَٱصۡبِرُوٓاْۚ ﴾ (۳۶)

(آپس میں اختلف نہ کرو ورنہ بزدل ہو جاؤ گے اور تمہاری ہوا اکھڑ جائے گی اور صبر کرو)۔

جھگڑے یقیناً معاشرتی انحطاط اور زوال کا سبب ہیں۔ ارشاد ربانی ہے:

﴿ لَوۡ أَنفَقۡتَ مَا فِي ٱلۡأَرۡضِ جَمِيعٗا مَّآ أَلَّفۡتَ بَيۡنَ قُلُوبِهِمۡ وَلَٰكِنَّ ٱللَّهَ أَلَّفَ بَيۡنَهُمۡۚ إِنَّهُۥ عَزِيزٌ حَكِيمٞ ﴾ (۳۷)

(اگر تم دنیا کی ہر چیز خرچ کر ڈالتے تو بھی ان کے دلوں میں الفت پیدا نہ کر سکتے لیکن اللہ نے ان میں محبت و الفت ڈال دی ہے)۔

﴿ ٱدۡفَعۡ بِٱلَّتِي هِيَ أَحۡسَنُ فَإِذَا ٱلَّذِي بَيۡنَكَ وَبَيۡنَهُۥ عَدَٰوَةٞ كَأَنَّهُۥ وَلِيٌّ حَمِيمٞ ﴾ (۳۸)

(بدی کو اس خصلت سے کہ بہت اچھی ہے دفع کر دو وہ شخص جس کو تجھ سے عداوت ہے وہ یکایک ایسا ہو جائے گا گویا کہ وہ رشتہ دار یا دوست ہو)۔

ایک اور مقام پر مسلمانوں کی وحدت کو عمارت کے ساتھ یوں تشبیہ دی ہے:

المُؤْمِنُ لِلْمُؤْمِنِ كَالْبُنْيَانِ يَشُدُّ بَعْضُهُ بَعْضًا وَشَبَّكَ بَيْنَ أَصَابِعِهِ (۳۹)

(ایک مومن دوسرے مومن کے لئے ایک عمارت کی طرح ہے جس کا ایک حصہ دوسرے حصہ کو مضبوط کرتا ہے اور آپ ﷺ نے اپنی انگلیوں کے درمیان تشبیہ دی)۔

سو مسلم معاشرے کے ہر فرد کو یہ تعلیم دی گئی ہے کہ وہ باہم مل کر ایک جماعت بن کر رہیں۔ اسی طرح حکام اور سرکاری اہل کاروں کو بھی اخروی انجام سے خبر دار کیا گیا ہے۔ اسلام صرف جماعت بن کر رہنے کا تقاضا ہی نہیں کرتا بلکہ وہ مسلمانوں کو یکجا بن کر زندگی گزارنے کی تعلیم دیتا ہے۔

سیدنا عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: اللہ کے بندوں میں کچھ لوگ ایسے بھی ہوں گے جو نبی ہوں گے نہ شہید، مگر قیامت کے روز اللہ کے ہاں (بلند) مراتب و منازل کی وجہ سے انبیاء و شہداء بھی ان پر رشک کریں گے۔ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے کہا: اے اللہ کے رسول ﷺ! ہمیں

بتائیں وہ کون (سعادت مند) لوگ ہوں گے تاکہ ہم بھی ان سے محبت کریں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: "وہ لوگ جو کسی مالی لالچ یا نسبی تعلق کے بغیر ایک دوسرے سے محبت کرتے ہوں گے۔ ان کے چہرے نور سے (منور) ہوں گے اور وہ لوگ نور کے منبروں پر جلوہ افروز ہوں گے۔ جب لوگ خوف زدہ ہو رہے ہوں گے، تو انہیں کوئی خوف نہ ہو گا۔ جب لوگ غمگین و پریشان ہو رہے ہوں گے، تو انہیں کوئی غم اور پریشانی نہ ہو گی۔" آپ ﷺ نے یہ آیت کریمہ تلاوت فرمائی: ﴿أَلَآ إِنَّ أَوْلِيَآءَ ٱللَّهِ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُونَ﴾[۴۰] (آگاہ رہو! بے شک اولیاء اللہ پر کوئی خوف نہ ہو گا اور نہ وہ غمگین ہوں گے)۔

احساس ذمہ داری:

اجتماعی شعور پیدا کرنے، اسے بیدار رکھنے اور موثر بنانے کے لیے اسلام نے جو اقدامات کیے ہیں، اس میں بہت اہم فرد کا اپنا احساس ہے فرد اپنے گناہوں کا تنہا ذمہ دار ہے۔ معاشرتی جرائم کی جو سزا اجتماعی ہے وہ معاشرہ نافذ کرتا ہے لیکن اس کا انفرادی معاملہ اس کے رب کے ساتھ ہے۔ قرآن پاک میں ارشاد باری تعالیٰ ہے:

﴿وَلَا تَكْسِبُ كُلُّ نَفْسٍ إِلَّا عَلَيْهَا ۚ وَلَا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِزْرَ أُخْرَىٰ ۚ﴾[۴۱]

(اور جو شخص بھی کوئی عمل کرتا ہے وہ اسی پر ہے اور کوئی کسی دوسرے کا بوجھ نہ اٹھائے گا۔)

ایک مقام پر ارشاد فرمایا:

﴿لَهَا مَا كَسَبَتْ وَعَلَيْهَا مَا ٱكْتَسَبَتْ ۗ﴾[۴۲]

(اسی کے لئے ہے وہ جو اس نے کمایا اور تم پر ہے جو تم نے کمایا)۔

ہر انسان کو اپنی ذمہ داریوں کا احساس ہونا چاہیے اپنا فرض ادا کرتے ہیں دوسروں سے تقابل نہیں کرنا چاہیے قرآن مجید میں ارشاد ہے:

﴿عَلَيْكُمْ أَنفُسَكُمْ ۖ لَا يَضُرُّكُم مَّن ضَلَّ إِذَا ٱهْتَدَيْتُمْ﴾[۴۳]

(اپنی فکر کرو جب تم سیدھی راہ پر چل رہے ہو، تو جو شخص گمراہ رہے، اسی سے تمہارا کوئی نقصان نہیں)۔

نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا:

كُلُّكُمْ رَاعٍ، وَكُلُّكُمْ مَسْئُولٌ عَنْ رَعِيَّتِهِ[۴۴]

(تم میں سے ہر ایک نگہبان ہے اور ہر ایک سے اسکی رعیت کے بارے میں پوچھا جائے گا)۔

جب انسان کو اس بات کا یقین ہو جاتا ہے کہ اسے احکام الٰہی کے مطابق زندگی گزارنی ہے۔ تو یہ احساس اس کو ذمہ دار انسان بنا دیتا ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا کہ دنیا آخرت کی کھیتی ہے ہر انسان جو یہاں بوتا ہے، وہی آخرت میں کاٹے گا۔

امام بیہقی رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں کہ جب حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ خلیفہ منتخب ہوئے، آپ نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو محکمہ قضا کا منصب سپرد کیا۔ عدالتِ فاروقی کے متعلق امام بیہقی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: فَمَكَثَ عُمَرُ سَنَةً لاَ يَأْتِيهِ اثْنَانِ أَوْ لاَ يَقْضِي بَيْنَ اثْنَيْنِ[۴۵] (پورے سال میں حضرت عمرؓ کے پاس دو شخصوں کا بھی دعویٰ نہ پہنچا اور دو شخص بھی کوئی شکایت لے کر نہ آئے)۔

ایک بار حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ حکومت کے عمال و عہدیداران میں چار طرح کی خصوصیات کا ہونا ضروری ہے: ۱) قوت کے ہوتے ہوئے نرم دلی؛ ۲) سخت مزاجی کے بغیر اصولی سخت گیری؛ ۳) خرچ میں احتیاط و اعتدال لیکن بخل نہ ہو اور ۴) سخاوت لیکن اسراف نہ ہو[۴۶]۔

امام طاؤس رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ میرا فرض اس پر ختم نہیں ہو جاتا کہ متدین حکام مقرر کر کے صرف ان کو عدل و انصاف کی تاکید کروں۔ بلکہ میرا یہ بھی ایک فرض ہے کہ میں دیکھوں "اعمل بما امرته ام لا" یعنی ہمارے حکام ہمارے اصول و شرائط پر کاربند ہیں یا نہیں؟[۴۷]

قیام خیر و رفع شر:

قرآن مجید ایسے معاشرے کی تائید کرتا ہے، جس میں خیر و شر کے پیمانے متعین ہوں اور افراد معاشرہ ان سے تجاوز نہ کریں۔ معاشرتی استحکام کے لیے اسلام نے جس ظن کو بنیادی حکمت عملی قرار دیا ہے، وہ قرآن کے الفاظ میں یوں ہے:

﴿ لَّوْلَآ إِذْ سَمِعْتُمُوهُ ظَنَّ ٱلْمُؤْمِنُونَ وَٱلْمُؤْمِنَٰتُ بِأَنفُسِهِمْ خَيْرًا ﴾[۴۹]

(اسے سنتے ہی مومن مردوں اور عورتوں نے اپنے حق میں نیک گمانی کیوں نہ کی۔)

اس طرح جھوٹی خبریں نشر کرنے سے بھی منع کیا گیا ہے:

﴿ٱللَّهُ ٱلصَّٰدِقِينَ بِصِدۡقِهِمۡ وَيُعَذِّبَ ٱلۡمُنَٰفِقِينَ إِن شَآءَ أَوۡ يَتُوبَ عَلَيۡهِمۡۚ إِنَّ ٱللَّهَ كَانَ غَفُورٗا رَّحِيمٗا﴾ (۵۰)

(اگر یہ منافق اور وہ جن کے دلوں میں بیماری ہے اور وہ لوگ جو مدینہ میں غلط افواہیں اڑانے والے ہیں، باز نہ آئے تو ہم آپ کو ان پر مسلط کر دیں گے پھر تو وہ چند دن ہی آپ کے ساتھ اس میں رہ سکیں گے۔)

قرآن مجید میں منہیات کی نشاندہی کی گئی ہے۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

﴿يَٰٓأَيُّهَا ٱلَّذِينَ ءَامَنُواْ ٱجۡتَنِبُواْ كَثِيرٗا مِّنَ ٱلظَّنِّ إِنَّ بَعۡضَ ٱلظَّنِّ إِثۡمٞۖ وَلَا تَجَسَّسُواْ وَلَا يَغۡتَب بَّعۡضُكُم بَعۡضًاۚ﴾ (۵۱)

(اے ایمان والو! کثرت گمان سے بچو، بے شک بعض گمان گناہ ہیں۔ اور تجسس میں نہ پڑو اور تم میں سے بعض، بعض کی غیبت نہ کرے)۔

نبی کریم ﷺ نے فرمایا:

إِنَّهُ يُسْتَعْمَلُ عَلَيْكُمْ أُمَرَاءُ فَتَعرِفُونَ وتُنْكِرُونَ، فَمَنْ كَرِهَ فَقَدْ بَرِئَ، وَمَنْ أَنْكَرَ فَقَدْ سَلِمَ، وَلَكِنْ مَنْ رَضِيَ وَتَابَعَ قَالوا: يَا رَسُول اللهِ، أَلَا نُقَاتِلُهُمْ؟ قَالَ: لَا، مَا أَقَامُوا فِيْكُمُ الصَّلاةَ (۵۲)

(تم پر ایسے لوگ مقرر کیے جائیں گے تم ان کی تعریف بھی کرو گے اور تنکیر بھی۔ پس جس نے کراہت کی تو بری ہو گیا تو جس نے تنکیر کی وہ سلامتی پا گیا لیکن جو راضی ہو گیا اس نے ان کی پیروی کی۔ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم بولے: اے اللہ کے رسول ﷺ! کیا ہم ان سے لڑیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا نہیں جب تک وہ نماز قائم کرتے ہیں)۔

محتسب کی ذمہ داری یہ بھی ہے کہ لوگوں کو جمعہ، نماز باجماعت، سچ بولنے اور امانت ادا کرنے کا حکم دے اور جھوٹ، خیانت اور دیگر ایسی برائیوں سے منع کرے، جو جھوٹ اور خیانت میں داخل ہیں جیسا کہ ناپ تول میں کمی اور اشیاء سازی، خرید و فروخت کے معاملات میں ملاوٹ اور دھوکہ وغیرہ۔

اللہ تبارک وتعالیٰ کا ارشاد ہے:

﴿ وَيْلٌ لِّلْمُطَفِّفِينَ ۝ الَّذِينَ إِذَا اكْتَالُوا عَلَى النَّاسِ يَسْتَوْفُونَ ۝ وَإِذَا كَالُوهُمْ أَو وَّزَنُوهُمْ يُخْسِرُونَ ﴾ (۵۳)

(ناپ اور تول میں کمی کرنے والوں کے لیے خرابی ہے۔ جو لوگوں سے ناپ کر لیں تو پورا لیں اور جب ان کو ناپ کر دیا ماپ اور وزن کم دیں)۔

رسول کریم ﷺ فرماتے ہیں:

كُلُّكُمْ رَاعٍ، وَكُلُّكُمْ مَسْئُولٌ عَنْ رَعِيَّتِهِ (۵۴)

(تم میں سے ہر ایک نگران ہے اور وہ اپنی رعایا کے متعلق پوچھا جائے گا۔)

فرقہ واریت کا خاتمہ:

معاشرتی استحکام کے لیے فرقہ واریت کا خاتمہ بہت ضروری ہے، اور اسی طرح مساوات، عدلی و احسان اور دوستی کی ترغیب دیتا ہے۔ ارشاد ربانی ہے:

﴿ إِنَّمَا الْمُؤْمِنُونَ إِخْوَةٌ فَأَصْلِحُوا بَيْنَ أَخَوَيْكُمْ ۚ وَاتَّقُوا اللَّهَ لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُونَ ﴾ (۵۵)

(یاد رکھو، سارے مسلمان بھائی بھائی ہیں، پس اپنے دو بھائیوں میں ملاپ کرا دیا کرو)۔

آپ ﷺ نے فرمایا:

فَإِنَّهُ مَنْ يَعِشْ مِنْكُمْ يَرَى اخْتِلَافًا كَثِيرًا، وَإِيَّاكُمْ وَمُحْدَثَاتِ الأُمُورِ فَإِنَّهَا ضَلَالَةٌ فَمَنْ أَدْرَكَ ذَلِكَ مِنْكُمْ فَعَلَيْهِ بِسُنَّتِي وَسُنَّةِ الخُلَفَاءِ الرَّاشِدِينَ المَهْدِيِّينَ، عَضُّوا عَلَيْهَا بِالنَّوَاجِذِ (۵۶)

(تم میں سے جو شخص میرے بعد زندہ رہا، وہ بہت سے اختلافات دیکھے گا۔ خبر دار! دین میں نئی نئی بدعات ایجاد کرنے سے بچنا اگر تم میں سے کوئی یہ زمانہ پالے، اسے چاہیے کہ میری سنت اور ہدایت یافتہ خلفائے راشدین کے طریقے کو لازم پکڑے اور اسے داڑھوں سے مضبوط رکھے)۔

ایفائے عہد:

ایفائے عہد ایک بنیادی اخلاقی وصف ہے، کیونکہ وعدے کا لحاظ انسان کی صداقت کا مظہر ہے۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

﴿ وَٱلَّذِينَ هُمْ لِأَمَٰنَٰتِهِمْ وَعَهْدِهِمْ رَٰعُونَ ﴾ (۵۷)

(اور جو اپنی امانتوں اور اپنے عہدوں کا پاس رکھنے والے ہیں)۔

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ہر ایک وعدہ شکن کے لئے قیامت کے دن ایک نشان ہو گا، جو اس کی وعدہ شکنی کرے گا، اور جان رکھو کہ سب سے بڑا قوم کا سردار ہے، اگر وہ وعدہ شکنی کرے تو بڑی وعدہ شکنی ہو گی۔

ارشاد ربانی ہے:

﴿يَٰٓأَيُّهَا ٱلَّذِينَ ءَامَنُوٓاْ أَوۡفُواْ ﴾ (۵۸)

(اے ایمان والو! اپنے وعدوں کو پورا کرو)۔

﴿ ٱلَّذِينَ يُوفُونَ بِعَهۡدِ ٱللَّهِ وَلَا يَنقُضُونَ ٱلۡمِيثَٰقَ ﴾ (۵۹)

(دانشمند وہ لوگ جو اللہ کے ساتھ اپنے عہد کو پورا کرتے ہیں اور مضبوط باندھنے کے بعد توڑ نہیں ڈالتے)۔

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

أَرْبَعٌ مَنْ كُنَّ فِيهِ كَانَ مُنَافِقًا خَالِصًا، وَمَنْ كَانَتْ فِيهِ خَصْلَةٌ مِنْهُنَّ كَانَتْ فِيهِ خَصْلَةٌ مِنَ النِّفَاقِ حَتَّى يَدَعَهَا: إِذَا اؤْتُمِنَ خَانَ، وَإِذَا حَدَّثَ كَذَبَ، وَإِذَا عَاهَدَ غَدَرَ، وَإِذَا خَاصَمَ فَجَرَ (۶۰)

(چار خصلتیں جس شخص میں ہو، وہ خالص منافق ہے اور جس میں ان میں سے ایک خصلت ہو، اس میں نفاق کی ایک خصلت ہے، حتیٰ کہ وہ اسے چھوڑ دے۔ جب امانت رکھوائی جائے، خیانت کرے۔ اور جب بولے، تو جھوٹ بولے۔ اور جب وعدہ کرے، تو وعدہ خلافی کرے اور جب جھگڑے، تو گالی گلوچ کرے)۔

قانون کی حکمرانی:

قانون کی حکمرانی کسی بھی معاشرہ کے ارتقاء اور بقا کے لیے روح کی حیثیت رکھتی ہے۔ اسلامی شرعی سزاؤں کا خاصہ یہ ہے کہ اگر معاشرے میں اس کا صحیح نفاذ کر دیا جائے، تو اس کے نتیجے میں معاشرتی استحکام یقینی ہو جاتا ہے۔

﴿ وَٱلسَّارِقُ وَٱلسَّارِقَةُ فَٱقْطَعُوٓاْ أَيْدِيَهُمَا جَزَآءًۢ بِمَا كَسَبَا نَكَٰلًا مِّنَ ٱللَّهِ ۗ وَٱللَّهُ عَزِيزٌ حَكِيمٌ ﴾ (۶۱)

(چوری کرنے والے مرد اور عورت کے ہاتھ کاٹ دیا کرو، یہ بدلہ ہے اس کا جو انہوں نے کیا، عذاب اللہ کی طرف سے اور اللہ تعالیٰ قوت و حکمت والا ہے۔)

معاشرہ کے نظم و نسق کے لئے قانون ایک لازمی امر ہے۔ ارشاد ہے:

﴿ تِلْكَ حُدُودُ ٱللَّهِ فَلَا تَعْتَدُوهَا ۚ وَمَن يَتَعَدَّ حُدُودَ ٱللَّهِ فَأُوْلَٰٓئِكَ هُمُ ٱلظَّٰلِمُونَ ﴾ (۶۲)

(یہ اللہ کی حدیں ہیں ان سے تجاوز نہ کرو جو ان حدوں سے تجاوز کریں وہی ظالم ہیں۔)

اگر ان حدود کو معاشرے میں نافذ کر دیا جائے تو اس کے نتیجے میں معاشرتی استحکام لازمی ہو جاتا ہے۔

﴿ كُتِبَ عَلَيْكُمُ ٱلْقِصَاصُ فِى ٱلْقَتْلَى ۖ ٱلْحُرُّ بِٱلْحُرِّ وَٱلْعَبْدُ بِٱلْعَبْدِ وَٱلْأُنثَىٰ بِٱلْأُنثَىٰ ۚ ﴾ (۶۳)

(تم پر قتل کا قصاص فرض کیا گیا ہے آزاد کے بدلے میں آزاد غلام کے بدلے میں غلام اور عورت کے بدلے میں عورت)۔

﴿ وَلَا تَبْخَسُوا۟ ٱلنَّاسَ أَشْيَآءَهُمْ وَلَا تَعْثَوْا۟ فِى ٱلْأَرْضِ مُفْسِدِينَ ﴾ (۶۴)

(اور لوگوں کو ان کی چیزیں کم نہ دو اور زمین میں فساد نہ پھیلاتے پھرو)۔

نبی کریم ﷺ نے فرمایا:

لَا طَاعَةَ لِمَخْلُوقٍ فِي مَعْصِيَةِ اللهِ (۶۵)

(خالق کی نافرمانی میں مخلوق کی اطاعت نہیں کی جاسکتی)۔

اس کے ساتھ ساتھ معاشرتی استحکام کے لیے جو امور نہایت اہمیت کے حامل ہیں، ان میں عدل اجتماعی، ناخواندگی و جہالت کا خاتمہ، مفلس و نادار طبقات کی محرومیوں کا ازالہ، اطعام مساکین کا اہتمام، نوجوان نسل کے جملہ مسائل کا حل، انتظامی بدعنوانیوں کا خاتمہ اور استحکام معاشرہ کے بارے مفید رویوں کی تعلیم وتربیت کا اہتمام شامل ہے۔

رواداری:

اسلامی معاشرہ کی ایک نمایاں خصوصیت رواداری ہے، اسلام نے رواداری کو فروغ دینے کے لیے ایک بنیادی اصول وضع کیا کہ ہر وہ شخص جو دائرہ اسلام میں داخل ہو گا۔ اس کے لیے لازمی ہے کہ وہ اللہ، یوم آخرت ملائکہ سابقہ کتب سماوی اور بلا تفریق انبیاءؑ پر ایمان لائے۔ ارشاد الٰہی ہے:

﴿مَنْ ءَامَنَ بِٱللَّهِ وَٱلْيَوْمِ ٱلْأَخِرِ وَٱلْمَلَٰٓئِكَةِ وَٱلْكِتَٰبِ وَٱلنَّبِيِّۦنَ﴾ (۶۶)

(جو اللہ اور آخرت کے دن اور فرشتوں پر اور کتابوں اور نبیوں پر ایمان لائے۔)

دوسری جگہ آتا ہے:

﴿قُلْ ءَامَنَّا بِٱللَّهِ وَمَآ أُنزِلَ عَلَيْنَا وَمَآ أُنزِلَ عَلَىٰٓ إِبْرَٰهِيمَ وَإِسْمَٰعِيلَ وَإِسْحَٰقَ وَيَعْقُوبَ وَٱلْأَسْبَاطِ وَمَآ أُوتِىَ مُوسَىٰ وَعِيسَىٰ وَٱلنَّبِيُّونَ مِن رَّبِّهِمْ لَا نُفَرِّقُ بَيْنَ أَحَدٍ مِّنْهُمْ وَنَحْنُ لَهُۥ مُسْلِمُونَ﴾ (۶۷)

(کہہ کہ ہم اللہ پر ایمان لائے اور اس پر جو ہم پر اتارا گیا اور اس پر جو ابراہیمؑ اور اسماعیلؑ اور اسحاقؑ اور یعقوبؑ اور اس کی اولاد پر اتارا گیا اور جو موسیٰؑ اور عیسیٰؑ اور نبیوں کو ان کے رب کی طرف دیا گیا۔ ہم ان میں سے کسی میں فرق نہیں کرتے اور ہم اس کے فرمانبردار ہیں۔)

اس زریں اصول کی آب یاری کے لیے مسلمانوں نے مذہبی اور سیاسی معاملات میں کامل رواداری کا ثبوت دیا۔

عورت کا مقام

اسلام سے قبل دنیا کے ہر معاشرے میں عورت انسانی حقوق سے محروم تھی اور ذلت کی زندگی گزار رہی تھی۔ ایک غیر مسلم مورخ ڈاکٹر گستاؤلی لکھتا ہے:

> اسپارٹا میں اس بدنصیب عورت کو جس سے کسی قومی سپاہی کے پیدا ہونے کی امید نہ ہوتی، مار ڈالتے تھے۔ جس وقت کسی عورت کے بچہ ہو چکتا تھا تو فوائد ملکی کی غرض سے اسے (عورت کو) دوسرے شخص کی نسل لینے کے لیے اس کے خاوند سے عاریتاً لے لیتے۔ (۶۸)

تاریخ عالم کے مطالعہ سے یہ واضح ہوتا ہے کہ کسی مذہب نے بھی عورت کو عزت کا مقام نہیں دیا۔ صرف اسلام نے عورت کو عزت بخشی۔

ارشاد الٰہی ہے:

﴿ وَلَهُنَّ مِثْلُ ٱلَّذِى عَلَيْهِنَّ بِٱلْمَعْرُوفِ ۚ وَلِلرِّجَالِ عَلَيْهِنَّ دَرَجَةٌ ﴾ (۶۹)

(عورتوں کے کچھ حقوق ہیں اور جس طرح کہ بھلائی کے ساتھ دستور کے مطابق ان پر کچھ فرائض ہیں اور مردوں کو ان پر فضیلت حاصل ہے۔)

اسلام نے مرد اور عورت کو بحیثیت انسان مساوی قرار دیا ہے۔ ارشاد الٰہی ہے:

﴿ يَٰٓأَيُّهَا ٱلنَّاسُ ٱتَّقُوا۟ رَبَّكُمُ ٱلَّذِى خَلَقَكُم مِّن نَّفْسٍ وَٰحِدَةٍ وَخَلَقَ مِنْهَا زَوْجَهَا وَبَثَّ مِنْهُمَا رِجَالًا كَثِيرًا وَنِسَآءً ۚ ﴾ (۷۰)

(اے لوگو! اپنے رب سے ڈرو۔ جس نے تم کو ایک جان سے پیدا کیا اور اس سے اس کا جوڑا پیدا کر دیا۔ پھر دونوں کی نسل سے مردوں اور عورتوں کی ایک بڑی تعداد دنیا میں پھیلا دی ہے۔)

عالمگیریت:

اسلامی معاشرہ اپنے اندر عالمگیریت رکھتا ہے۔ اسلام سے قبل کسی مذہب نے بھی عالمگیر معاشرہ کی بنیاد نہیں رکھی۔ ہندوؤں کا ایمان ہے وہ خدا کی چہیتی قوم ہیں۔ یہودیوں کا بھی یہی نظریہ ہے کہ

وہی خدا کی محبوب ترین قوم ہے اور نجات صرف یہودیوں کے لیے ہے۔ قرآن مجید نے ان کے تعصبات کا ذکر ان الفاظ میں کیا ہے:

﴿ نَحْنُ أَبْنَٰٓؤُا۟ ٱللَّهِ وَأَحِبَّٰٓؤُهُۥ ﴾ (۷۱)

(ہم خدا کے بیٹے اور اس کے محبوب ہیں)

دین اسلام نے عالمگیر معاشرے کی بنیاد رکھی، اور اعلان کیا کہ اللہ رب العالمین ہے، یعنی وہ صرف مسلمانوں کا نہیں، بلکہ تمام جہانوں کا پالنہار ہے۔ آپ ﷺ کے متعلق فرمایا گیا:

﴿ وَمَآ أَرْسَلْنَٰكَ إِلَّا رَحْمَةً لِّلْعَٰلَمِينَ ﴾ (۷۲)

(ہم نے تجھے تمام دنیا کے لیے رحمت بنا کر بھیجا ہے۔)

یعنی رسول کریم ﷺ صرف مسلمانوں کی طرف ہی نہیں، بلکہ دنیا کے تمام لوگوں کی ہدایت کے لیے مبعوث کیے گئے ہیں۔

معاشرتی استحکام اور پاکستان:

مملکت خداداد پاکستان کو آج گوناگوں مسائل کا سامنا ہے۔ ان میں دہشت گردی، کرپشن، رشوت، سود، افلاس، بیروزگاری، خاندانی انتشار مذہبی فرقہ پرستی، مغرب کی اندھی تقلید، بے دینی، کفر و الحاد، بے جا آزادی نسواں کا مطالبہ، اخلاقی قدروں کی پامالی اور مسئلہ کشمیر سر فہرست ہیں۔ معاشرتی استحکام کے لیے ان مسائل کا تسلی بخش حل ضروری ہے۔

وطن عزیز پاکستان میں قائم ہونے والی حکومتوں کا قیام و استحکام معاشرہ میں مخلص نہ ہونا بجائے خود ایک عظیم لمحہ فکریہ ہے، کیونکہ اقتدار کے حصول و تحفظ کی خاطر تمام شرعی، اخلاقی اور ملکی قوانین نظر انداز کر دیے جاتے ہیں۔

موجودہ دور میں دہشت گردی، تخریب کاری، ڈاکہ زنی رہزنی، بے حیائی اور دیگر اخلاقی اقدار کی پامالی کا سبب نوجوان نسل کی تربیت کا فقدان ہے۔ نوجوان نسل کی صحیح خطوط پر تربیت سے ہی پاکستانی معاشرہ ایک مثالی معاشرہ بن سکتا ہے۔

معاشرتی استحکام کے لیے ضروری ہے کہ لوگوں کو روزگار کے مواقع فراہم کیے جائیں، معقول تنخواہیں دی جائیں، گداگری کو ختم کرنے کے لیے مناسب اقدامات کئے جائیں، جرائم کو ختم کرنے کے لیے اسلامی حدود کا نفاذ کیا جائے۔

پاکستانی معاشرتی ڈھانچہ اور اس کے اندر جاری و ساری تمدنی روح دونوں ہی ناہمواریوں کا شکار اور خستہ حال ہیں۔ دین سے محبت اور حب الوطنی کے جذبات رکھنے والے مسلمانوں کے لیے ضروری ہے کہ حالات کی نزاکت کے مطابق اپنی ذمہ داریوں پر غور کریں اور تمام بے جا قسم کی گروہی تعصبات سے بالاتر ہو کر پاکستان کے تحفظ کا سوچیں۔ چند اہم اقدامات ذیل کی سطور میں تحریر کئے جا رہے ہیں:

☆ نظام تعلیم کی تشکیل نو کی جائے۔

☆ عدلِ اجتماعی قائم کیا جائے۔

☆ معاشرتی ناہمواریاں اور طبقاتی کشمکش کو ختم کیا جائے۔

☆ عائلی نظام کو اسوۂ حسنہ پر استوار کیا جائے۔

☆ دور حاضر کے فتنہ اباحیت کو روکنے کی کوشش کی جائے۔

☆ ملک میں قانون کی حکمرانی کو یقینی بنایا جائے۔

☆ حدود اور تعزیرات اسلامی کو فی الفور نافذ کیا جائے۔

☆ فرقہ واریت کے خاتمے کے لئے علمائے کرام اپنی ذمہ داریوں کو نبھائیں۔

☆ دوہرا نظام تعلیم ختم اور اس کی نصاب میں جدت لائی جائے۔

☆ شر کا باعث عناصر کا قلع قمع کیا جائے۔

☆ خائن ملازمین کی بروقت گرفت کر کے ان کو قانون کے حوالے کیا جائے۔

☆ انصاف کی دستیابی ہر سطح پر اور فوری ہو۔

☆ دیانتدار لوگوں کو محتسب لگایا جائے۔

☆ مسلمان ممالک کے ساتھ باہمی تعلقات کو فروغ دیا جائے۔

☆ پورے معاشرے میں اسلامی نظام کا نفاذ صحیح روح کی ساتھ کیا جائے۔

خلاصہ یہ ہے کہ نہ صرف پاکستان بلکہ دنیا بھر کے مسلم ممالک کی فلاح و بہبود کا انحصار درج بالا اور انہی جیسے دیگر اقدامات پر ہے۔ تاکہ امت مسلمہ اپنے معاشروں کو بحران سے نکال کر نئے پاکیزہ معاشرے کی تصویر ساتھ لے کر ساری دنیا میں ایمان آور قدروں کے احیاء کا پیغام پہنچائیں۔

حواشی وحوالہ جات

۱) سورۃ الحجرات:۱۳

۲) سورۃ النساء:۱

۳) ابن ہشام، عبد الملک، السیرۃ النبویۃ (مکتبہ الریاض، الریاض) 4/41-40

۴) سورۃ الاسراء:۷۰

۵) سورۃ الانعام:۱۳۲

۶) احمد بن حنبل، مسند احمد (دار الفکر، بیروت) ۵/۵۱۱

۷) سورۃ البقرہ:۲۱۳

۸) سورۃ یونس:۱۹

۹) ترمذی، محمد بن عیسیٰ، ابو عیسیٰ، السنن (دار السلام، الریاض، ۱۹۹۹ء) رقم الحدیث:۲۵۱۵

۱۰) قشیری، مسلم بن حجاج، الجامع الصحیح (دار السلام، الریاض، ۱۹۹۹ء)، رقم الحدیث:۲۳۷

۱۱) سورۃ الاحقاف:۱۳

۱۲) مسلم، الجامع الصحیح، رقم الحدیث:۱۵۱

۱۳) سورۃ الاحزاب:۲۱

۱۴) سورۃ الحشر:۷

۱۵) سورۃ آل عمران:۳۱

۱۶) ترمذی، السنن، رقم الحدیث:۲۵۱۵

۱۷) سورۃ اسرائیل:۷۰

۱۸) سورۃ التین:۴

۱۹) سورۃ المائدہ:۸

۲۰) سورۃ النساء:۵۸

۲۱) سورۃ الاعراف:۲۹

۲۲) مسلم، الجامع الصحیح، رقم الحدیث:۷۲۲۱، نسائی السنن، رقم الحدیث:۵۳۹۴

۲۳) مستطرف، ۱/۱۰۲

۲۴) سورۃ آل عمران:۱۱۰

۲۵) سورۃ المائدہ:۷۹

۲۶) سورۃ الحج:۴۱

۲۷) مسلم، الجامع الصحیح، رقم الحدیث:۱۷۷

۲۸) سورۃ النحل:۹۰

۲۹) ابو داؤد، سلیمان بن اشعث، السنن (دار السلام، الریاض، ۲۰۰۰ء) رقم الحدیث:۴۳۴۰۔ ترمذی، السنن، رقم الحدیث:۲۱۷۲

۳۰) بخاری، الجامع الصحیح، رقم الحدیث:۲۶۸۶

۳۱) ابو داؤد، السنن، رقم الحدیث:۴۳۳۸

۳۲) ابن ماجہ، محمد بن یزید، السنن (دار السلام، الریاض، ۱۹۹۹ء) رقم الحدیث:۴۰۰۹

۳۳) سورۃ آل عمران:۱۰۳

۳۴) سورۃ آل عمران:۱۰۵

۳۵) سورۃ الانفال:۴۶

۳۶) سورۃ الانفال:۶۳

۳۷) سورۃ حٰم السجدہ:۳۴

۳۸) بخاری، الجامع الصحیح، رقم الحدیث:۶۰۲۶

۳۹) سورۃ یونس:۶۲

۴۰) سورۃ الانعام:۱۶۴

۴۱) سورۃ البقرہ:۲۸۶

۴۲) سورۃ المائدہ:۱۰۵

۴۳) بخاری، الجامع الصحیح، رقم الحدیث:۸۹۳

۴۴) ہندی، علی المتقی، کنز العمال، ۲/۱۷۳

۴۵) ہندی، علی المتقی، کنز العمال، ۲/۴۳

۴۶) سورۃ النور:۱۲

۴۷) سورۃ الاحزاب:۲۴

۴۸) سورۃ الحجرات:۱۲

۴۹) مسلم، الجامع الصحیح، رقم الحدیث:۱۸۵۴

۵۰) سورۃ المطففین:۳،۲،۱

۵۱) بخاری، الجامع الصحیح، رقم الحدیث:۸۹۳

۵۲) سورۃ الحجرات:۱۰

۵۳) ترمذی، السنن، رقم الحدیث:۲۶۷۶

۵۴) سورۃ المومنون:۸

۵۵) سورۃ المائدہ:۱

۵۶) سورۃ الرعد:۲۰

۵۷) بخاری، الجامع الصحیح، رقم الحدیث:۳۴

۵۸) سورۃ المائدہ:۳۸

۵۹) سورۃ البقرہ:۲۲۹

۶۰) سورۃ البقرہ:۱۷۸

۶۱) سورۃ ہود:۸۵

۶۲) احمد بن حنبل، المسند (مؤسسۃ قرطبۃ، القاہرۃ) رقم الحدیث:۶۶/۵

۶۳) سورۃ البقرہ:۱۷۷

۶۴) سورۃ البقرہ:۲۵۶

۶۵) چیمہ، غلام رسول، اسلام کا عمرانی نظام، ص:۴۵

۶۶) سورۃ البقرہ:۲۲۸

۶۷) سورۃ النساء:۱

۶۸) سورۃ المائدہ:۱۸

۶۹) الانبیاء:۱۰۷

****

عدل اجتماعی کے تصورات کا جائزہ و اہمیت

(قرآن وحدیث اور عالمی مذاہب کے تناظر میں)

Significance and analysis of the concepts of Collective Jusitce

(in the light of Quran-o-Sunnah & world reliogions)

ڈاکٹر آسیہ رشید*

ABSTRACT

Human beings have been created in proportion and perfection by the Creator, as He is Just and Fair and likes justice and fairness in making and implementing laws. Justice is the key on every level from individual to State and interstate for peaceful and smooth functioning. Justice holds universal acceptance from the laws of nature to the creation of beings, while injustice leads to chaos. It causes the decline and disgrace among civilized societies.

The chaos and terrorism in contemporary world is all because of injustices by individuals and by the States. The teachings of the messangers of Allah were to create the justice and equality at every level in the society. Deviation from the teachings of Allah and His messangers with respect to justice is a way towards destruction. Any nation that forgoes justice becomes victim of injustice itself and the consequences are ultimate anarchy and chaos.

Islam as a universal religion demands the justice in every sphere of life. Islam and its teachings are for peace and prosperity. It promulgates and promotes human dignity and the value of Justice, equality and peace. Today the Ummah is in desperate need of adopting and practicing justice and fairness as the Creator has shown in His Word and Work.

Keywords: *Collective justice, Quran-o-Sunnah, World Religions, human dignity, value of Justice.*

* اسسٹنٹ پروفیسر، شعبہ علوم اسلامیہ، نمل، اسلام آباد

اللہ نے انسان کو بہترین، متناسب اور تعدیل کے ساتھ تخلیق کیا، اس لئے کہ اللہ عادل ہے اور عدل کو پسند کرتا ہے[1]۔ عدل انسانی فطرت بھی ہے اور انسانی ساخت میں بھی شامل ہے۔ متوازن و معتدل زندگی گزارنے اور امن و امان کو برقرار رکھنے کے لئے نیز کسی بھی قوم کی نظریاتی و تمدنی بنیادوں کو مستحکم رکھنے کے لئے حکومتی اور معاشرتی سطحوں پر عدل کا قیام انتہائی ناگزیر ہے۔ عدل کو آفاقی حقیقت کا درجہ حاصل ہے۔ دنیا کا کوئی بھی معاشرہ ہو خواہ مسلم معاشرہ یا غیر مسلم، اس کے بغیر نہیں رہ سکتا۔ عدل کی تلقین کم و بیش تمام مذاہب میں کی گئی ہے۔

عدل اجتماعی کے بغیر سماج کی پیچیدگیوں، بے چینی، بدامنی اور انتشار سے بچنا ممکن نہیں ہے۔ معاشرے کی ساری ٹوٹ پھوٹ، لوگوں کے مزاج میں عود کر آنے والے ہیجان و اضطراب اور تیزی سے بڑھتی ہوئی عدم برداشت کی کیفیت، داخلی خلفشار دہشت گردی کے رجحانات کو پختہ کرنے والی انتہا پسندی کے پیچھے کارفرما عوامل کا کھوج لگائیں، تو معلوم ہوتا ہے کہ یہ سب عدل اجتماعی کے فقدان کا ہی نتیجہ ہے۔ انبیاء کی بعثت کا ایک بنیادی مقصد یہ بھی تھا کہ معاشرے میں عدل و انصاف کا قیام ہو، چاہے وہ معاشرتی عدل ہو یا معاشی، قانونی عدل ہو یا سیاسی اور مذہبی۔

نبی کریم ﷺ کی بعثت کا مقصد بھی احکام الٰہی کے نفاذ کے ساتھ ساتھ نظام عدل قائم کر کے دنیا میں انسانوں کے رائج کئے گئے جابرانہ و ظالمانہ نظام کو جڑ سے اکھاڑ پھینکنا تھا۔ عدل سے مراد باہمی تعلقات اور لین دین میں دیانتداری، عدالتی معاملات میں سچی گواہی اور عدل و انصاف کے ساتھ فیصلہ کرنے، انفرادی اور اجتماعی معاملات میں اعتدال کو اپنا کر افراط و تفریط سے بچنا ہے۔ عدل ظلم کی ضد ہے۔ ظلم معاشرے کے لئے تباہی کا باعث بنتا ہے۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

﴿ يَٰٓأَيُّهَا ٱلَّذِينَ ءَامَنُواْ كُونُواْ قَوَّٰمِينَ لِلَّهِ شُهَدَآءَ بِٱلْقِسْطِۖ وَلَا يَجْرِمَنَّكُمْ شَنَـَٔانُ قَوْمٍ عَلَىٰٓ أَلَّا تَعْدِلُواْۚ ٱعْدِلُواْ هُوَ أَقْرَبُ لِلتَّقْوَىٰۖ وَٱتَّقُواْ ٱللَّهَۚ إِنَّ ٱللَّهَ خَبِيرُۢ بِمَا تَعْمَلُونَ ﴾[2]

(اے ایمان والو! اللہ کی خاطر قائم رہنے والے اور انصاف کے ساتھ گواہی دینے والے بنو۔ اور کسی قوم کی دشمنی تمہیں اس بات پر مشتعل نہ کر دے کہ تم عدل کو چھوڑ دو۔ عدل کیا

کرو، یہی بات تقویٰ کے قریب تر ہے اور اللہ سے ڈرتے رہو۔ جو کچھ تم کرتے ہو یقیناً اللہ اس سے باخبر ہے)

زندگی کے ہر شعبے میں قیام عدل کے لئے قرآن و نبی کریم ﷺ کی تعلیمات میں مکمل راہنمائی فراہم کر دی گئی ہے۔ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں:

﴿لَقَدْ أَرْسَلْنَا رُسُلَنَا بِالْبَيِّنَاتِ وَأَنزَلْنَا مَعَهُمُ الْكِتَابَ وَالْمِيزَانَ لِيَقُومَ النَّاسُ بِالْقِسْطِ ۖ وَأَنزَلْنَا الْحَدِيدَ فِيهِ بَأْسٌ شَدِيدٌ وَمَنَافِعُ لِلنَّاسِ وَلِيَعْلَمَ اللَّهُ مَن يَنصُرُهُ وَرُسُلَهُ بِالْغَيْبِ ۚ إِنَّ اللَّهَ قَوِيٌّ عَزِيزٌ﴾ (۳)

(بلاشبہ ہم نے رسولوں کو واضح دلائل دے کر بھیجا اور ان کے ساتھ کتاب اور میزان نازل کی تاکہ لوگ انصاف پر قائم رہیں۔ اور لوہا (بھی) نازل کیا جس میں بڑا زور ہے اور لوگوں کے لئے اور بھی فائدے ہیں اور اس لئے بھی کہ اللہ کو معلوم ہو جائے کہ اسے دیکھے بغیر کون اس کی اور اس کے رسول کی مدد کرتا ہے اور اللہ بڑا طاقتور ہے اور زبردست ہے)۔

سید ابو الاعلیٰ مودودی فرماتے ہیں:

"'میزان' یعنی وہ معیار حق و باطل جو ٹھیک ٹھیک ترازو کی طرح تول تول کر یہ بتادے کہ افکار، اخلاق اور معاملات میں افراط و تفریط کی مختلف انتہاؤں کے درمیان انصاف کی بات کیا ہے؟ انبیاء کے مشن کے فوراً بعد معاً بعد یہ فرمانا خود اس امر کی طرف اشارہ کرتا ہے کہ یہاں لوہے سے مراد سیاسی و جنگی طاقت ہے اور کلام کا مدعا یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے رسولوں کو قیام عدل کی محض اسکیم پیش کر دینے کے لئے مبعوث نہیں فرمایا تھا، بلکہ یہ بات بھی ان کے مشن میں شامل تھی کہ اس کو عملاً نافذ کرنے کی کوشش کی جائے اور وہ قوت فراہم کی جائے جس سے فی الواقع عدل قائم ہو سکے، اسے درہم برہم کرنے والوں کو سزا دی جاسکے اور اس کی مزاحمت کرنے والوں کا زور توڑا جاسکے"۔ (۴)

عدل کی لغوی و اصطلاحی تعریف

لغت کے اعتبار سے عدل کے معنیٰ برابری اور انصاف کے ہیں، یعنی کسی چیز کو دو ایسے حصوں میں تقسیم کر دینا کہ کسی ایک میں کمی بیشی نہ ہو، عدل کہلاتا ہے۔ لیکن حقیقتاً کسی شے کا ٹھیک اپنے محل اور حدود کے اندر ہونے کا نام عدل ہے۔ ہر جگہ ناپی تولی ہوئی برابری عدل نہیں ہوتی۔ بلکہ حقوق کا توازن و

تناسب کے ساتھ ادا کرنا عدل کہلاتا ہے۔ عدل، ظلم و جور کی ضد ہے اور عدل کے معنیٰ ہر حق دار کو اس کا حق بغیر کسی کمی بیشی کے دلانا ہے۔ یعنی کسی معاملے میں افراط و تفریط کے بغیر[۵]۔

کلمہ عدل کے مترادف الفاظ القسط، الانصاف ہیں۔ ابن منظور افریقی لکھتے ہیں:

أَنه مُسْتقيم، وَهُوَ ضِدُّ الجَوْر. العَدْلُ مِنْ أَسْمَاءِ اللهِ سُبْحَانَهُ هو الَّذِي لَا يَمِيلُ بِهِ الْهَوَى والعَدْلُ: الحُكْم بِالْحَقِّ[۶]

(عدل کا معانی "سیدھا" ہے اور یہ جور کی ضد ہے۔ عدل لفظ اللہ کے ناموں میں سے ہے، یعنی وہ خواہشات کی طرف مائل نہیں ہوتا۔ عدل حق کے ساتھ فیصلہ کرنے کو کہتے ہیں۔)

امام جرجانی رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں کہ:

اَلْعَدْلُ: الأَمْرُ مُتَوَسِّطٌ بَيْنَ الْإِفْرَاطِ وَالتَّفْرِيْطِ[۷]

(عدل افراط و تفریط کے درمیان متوسط کام کو کہتے ہیں)

ابو بکر رازی رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں:

"قد انتظم العدل فی العمل والقول قال الله تعالی ﴿وَإِذَا قُلْتُمْ فَاعْدِلُوا﴾[۸]

(تحقیق کہ اپنے عمل اور قول کو عدل کے ساتھ منظم کرو جیسا کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ جب بھی بات کرو تو عدل کے ساتھ کرو)۔

عبرانی میں صداقاۃ اور مشپاط اور Tzedek یا Tzedakah بولا جاتا ہے۔ انگریزی میں Justice اردو لغت میں اس کا ہم معنی لفظ 'انصاف' ہے

سید سلیمان ندوی رحمۃ اللہ علیہ کے بقول:

"کسی بوجھ کو دو برابر حصوں میں اس طرح بانٹ دیا جائے کہ ان دو میں سے کسی میں ذرہ بھی کمی یا بیشی نہ ہو تو اس کو عربی میں "عدل" کہتے ہیں اور اسی سے وہ معنیٰ پیدا ہوتے ہیں جن میں ہم اس لفظ کو اپنی زبان میں بولتے ہیں۔ یعنی جو بات ہم کہیں یا جو کام کریں"۔[۹]

مودودی صاحب لکھتے ہیں کہ عدل کا تصور دو مستقل حیثیتوں سے قریب ہے۔ ایک یہ کہ لوگوں کے درمیاں حقوق میں توازن و تناسب قائم ہو دوسرے یہ کہ ہر ایک کو اس کا حق بے لاگ طریقے

سے دیا جائے۔ اردو زبان میں اس کا مفہوم انصاف سے کر دیا جاتا ہے کہ دو آدمیوں میں تقسیم نصف نصف کی بنیاد پر ہو، اس سے عدل کے معنیٰ مساویانہ حقوق مراد لے لیے جاتے ہیں۔ در اصل عدل جس چیز کا تقاضا کرتا ہے وہ توازن و تناسب ہے، نہ کہ برابری۔ بعض حیثیتوں سے تو عدل بے شک معاشرے میں برابری چاہتا ہے، مثلاً حقوق شہریت میں، مگر بعض دوسری حیثیتوں سے مساوات بالکل خلاف عدل ہے۔ مثلاً والدین اور اولاد کے درمیان معاشرتی اور اخلاقی مساوات اور اعلیٰ درجہ کی خدمات انجام دینے والوں اور کمتر درجے کی خدمات ادا کرنے والوں کے درمیان معاوضوں کی مساوات[۱۰]۔

بعض لوگ عدل و مساوات کا عام مفہوم لے کر غلطی کا ارتکاب کرتے ہیں۔ حالانکہ عدل کا معنیٰ ہر طرح پر مساوات لینا مشکل اور محال اور بعید از عقل و فراست ہے، بلکہ عدل کا معنیٰ جو چیز کسی محل کے قابل ہو۔ اس کو اپنے محل میں استعمال کرنا ہے۔ مرد کو مرد کے حقوق اور عورت کو عورت کے حقوق دینا عدل ہے۔ ان دونوں میں ہر طرح سے برابری کا نام عدل نہیں ہو سکتا[۱۱]۔

﴿ يَـٰٓأَيُّهَا ٱلَّذِينَ ءَامَنُواْ كُونُواْ قَوَّٰمِينَ لِلَّهِ شُهَدَآءَ بِٱلْقِسْطِ ۖ وَلَا يَجْرِمَنَّكُمْ شَنَـَٔانُ قَوْمٍ عَلَىٰٓ أَلَّا تَعْدِلُواْ ۚ ٱعْدِلُواْ هُوَ أَقْرَبُ لِلتَّقْوَىٰ ۖ ﴾[۱۲]

(اے لوگو! جو ایمان لائے ہو، اللہ کی خاطر راستی پر قائم رہنے والے اور انصاف کی گواہی دینے والے بنو۔ کسی گروہ کی دشمنی تم کو اتنا مشتعل نہ کر دے، کہ انصاف سے پھر جاؤ۔ عدل کرو یہ خدا ترسی سے زیادہ مناسبت رکھتا ہے۔)

شیخ الہند نے اس آیت کی تفسیر کے ضمن میں لکھا ہے کہ قوامین للہ میں حقوق اللہ کی طرف اور شہداء بالقسط میں حقوق العباد کی طرف اشارہ ہے۔ عدل کا مطلب ہے کسی کے ساتھ بدون افراط و تفریط معاملہ کرنا جس کا وہ واقعی مستحق ہے عدل و انصاف کی ترازو ایسی صحیح اور برابر ہونی چاہیے کہ عمیق سے عمیق محبت اور شدید سے شدید عداوت اس کے دونوں پلڑوں میں سے کسی کو جھکا نہ سکے۔ معلوم ہوتا ہے کہ "عدل و قسط" یعنی دوست دشمن کے ساتھ یکساں انصاف کرنا اور حق کے معاملے میں جذبات محبت و عداوت سے قطعاً مغلوب نہ ہونا، یہ فضیلت حصول تقویٰ کے مؤثر ترین اور قریب ترین اسباب میں سے ہے[۱۳]۔

عدل کی تاریخ:

دنیا کے مختلف معاشروں میں ہمیں اجتماعی عدل کا فقدان نظر آتا ہے۔ مسیحیت رومن امپیریلزم (Imperialism) کے زیر سایہ پروان چڑھی، اس وقت یہودیت جمود کا شکار ہو کر بے جان رسموں اور کھوکھلے بے روح مظاہر میں تبدیل ہو چکی تھی۔ رومن ایمپائر کے پاس اس کے وہ مشہور قوانین تھے جو اب بھی یورپ کے قوانین کا منبع ہیں۔ رومن سماج اپنی مخصوص سماجی قدریں اور خود بنایا ہوا اجتماعی نظام رکھتا تھا۔ مسیحیت نے رومن سماج کو کوئی نیا نظام یا نئے قوانین نہیں دیے بلکہ یکسو ہو کر روحانی تزکیہ و تطہیر پر زور دینا ضروری سمجھا ہے۔ مسیحیت نے خواہشات نفس پر قابو پانا سکھایا جس سے انسان پر فکر آخرت دنیاوی ضروریات پر غالب ہو گئی اور ان کی اصل منزل عالم خیال کی مقدس تمنائیں قرار پائیں۔ اس کی خاطر اس نے اجتماعی زندگی کو حکومت وقت کے حوالے کر دیا۔ کہ وہ اپنے سیکولر قانون کے ذریعے اس کی تنظیم عمل میں لائے۔ اس طرح کی ریاست میں عدل وانصاف کس طرح میسر ہو سکتا تھا؟

چونکہ اہل یورپ نے دین و دنیا کو الگ رکھا اور یہاں سے ان کے ہاں تفریق دین و دنیا پیدا ہوئی۔ یورپ ہمیشہ عملی زندگی کی تنظیم و تعمیر سے کنارہ کش رہا۔ لیکن یہ بھی ایک حقیقت ہے کہ اگر چرچ معاشرتی و سیاسی زندگی سے کنارہ کش رہتا تو مذہبی افراد کے لئے ممکن نہ تھا کہ وہ اپنے مادی مفادات کا تحفظ کر سکیں، اپنے اثر و رسوخ کو قائم رکھ سکیں اس کے لئے ضروری تھا کہ چرچ امراء کے مدّ مقابل ایک قوت بن کر ابھرے، بعض ادوار میں تو چرچ کو اس قدر غلبہ حاصل تھا کہ جو کسی طرح بھی بادشاہوں کے غلبے سے کم نہ تھا۔ اس کے نتیجے میں ریاست اور چرچ انتظامیہ کے مابین کشمکش کا آغاز ہوا اور عوام نے چرچ کا ساتھ دیا۔ جب ان دونوں طاقتوں میں صلح ہوئی تو دونوں کے اپنے مفادات تھے اور سارا جھگڑا دنیاوی اقتدار کا تھا۔ یورپ کی زندگی میں مذہب اور سائنس اور چرچ اور فکر و نظر کے درمیان کشمکش کا آغاز یہیں سے ہوا۔

اسلام کی نشوونما ایک قبائلی بدوی معاشرہ میں ہوئی۔ یہ دین کی ابتدائی نشوونما کے لیے سازگار ترین حالات تھے۔ کیونکہ اسے بِلا کسی حقیقی رکاوٹ کے ایسا معاشرہ تیار کرنے کا موقع ملا، جو یہ قائم کرنا چاہتا تھا۔ اس معاشرہ کی تنظیم کے لیے قانون سازی اور اس کی نشوونما اور بقاء کے لئے مختلف تدابیر اختیار کی گئیں۔

اسلام صرف عبادت پر زور نہیں دیتا بلکہ اجتماعی زندگی اس کا اثاثہ ہے۔اس کی ترغیب ہمیں قرآن نے دی اور اس کی تاکید محمد رسول اللہ ﷺ نے کی۔اسلام کے اصل منبع کے قریب رہنے والے مخلص صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اور تابعین عظام رحمۃ اللہ علیہم نے بھی یہی سمجھا۔

قرآن میں اللہ رب العالمین فرماتے ہیں :

﴿ يَٰٓأَيُّهَا ٱلَّذِينَ ءَامَنُوٓاْ إِذَا نُودِىَ لِلصَّلَوٰةِ مِن يَوْمِ ٱلْجُمُعَةِ فَٱسْعَوْاْ إِلَىٰ ذِكْرِ ٱللَّهِ ﴾(۱۵)

(اے ایمان والو!جمعہ کے دن جب نماز کے لیے اذان دی جائے تو ذکر الٰہی کی طرف دوڑ کر آؤ)۔

نماز اور دیگر فرائض کی ادائیگی کے بعد جو وقت بچتا ہے،وہ سعی و عمل اور زندگی کی جدوجہد کے لیے فارغ ہے۔اسی میں انسان عملی زندگی کے تقاضے پورا کرتا ہے۔اللہ رب العالمین فرماتے ہیں:

﴿ وَجَعَلْنَا ٱلَّيْلَ لِبَاسًا ٥ وَجَعَلْنَا ٱلنَّهَارَ مَعَاشًا ﴾ (۱۶)

(اور رات کو پردہ پوش بنایا۔اور دن کو معاش کا وقت بنایا)۔

اسلام میں عبادات محض مراسم بجالانے کا نام نہیں بلکہ پوری زندگی کا ہر لمحہ احکام الٰہی کے تابع کرنے کا نام ہے یہ بھلے اور نیک کام اور اجتماعی خدمت عبادت میں شمار ہوتے ہیں(۱۷)۔

دنیا کے مختلف معاشروں میں تصور عدل

یہودی تصور عدل: موجودہ موسوی شریعت میں ہمیں قانون عدل کی لچک کہیں نظر نہیں آتی اور نہ ہی عفو و درگزر کی کوئی صورت،تورات کی کتاب احبار میں ہے:

"اور جو انسان مار ڈالے گا سو مار ڈالے گا۔توڑنے کے بدلے میں توڑنا،آنکھ کے بدلے میں آنکھ دانت کے بدلے میں دانت"(۱۸)

دوسری بات جو یہودی تصور عدل میں پائی جاتی ہے وہ اسرائیلی اور غیر اسرائیلی میں امتیاز ہے۔ایک ہی معاملہ اگر یہودی کے ساتھ کیا جاتا تو وہ ناجائز قرار اور اگر غیر یہود سے کیا جاتا تو جائز مثلاً:

"جو قرض ایک شخص نے دوسرے کو دیا ہو وہ سات سال بعد ضرور معاف کر دیا جائے مگر پردیسی سے تو اس کا مطالبہ کر سکتا ہے"(۱۹)

"سود لینا ممنوع ہے، باپ بھائی کو سود پر قرض نہ دیتا، مگر پردیسی کو سود پر قرضہ دیا جا سکتا ہے۔"(۲۰)

عہد نامہ عتیق اور تالمود اسرائیلی اور غیر اسرائیلی کے درمیان تفریق کرتی ہے۔(۲۱)

سید ابو الاعلیٰ مودودی بیان کرتے ہیں:

"تالمود میں کہا گیا ہے کہ اگر اسرائیلی کا بیل کسی غیر اسرائیلی کے بیل کو زخمی کر دے تو اس پر کوئی تاوان نہیں، مگر غیر اسرائیلی کا بیل اگر اسرائیلی کے بیل کو زخمی کرے تو اس پر تاوان ہے۔ اگر کسی شخص کو کسی جگہ کوئی گری ہوئی چیز ملے تو اسے دیکھنا چاہیے کہ گردوپیش آبادی کن لوگوں کی ہے اگر اسرائیلیوں کی ہو تو اسے اعلان کرنا چاہیے۔ غیر اسرائیلیوں کی ہو تو اسے بلا اعلان وہ چیز اپنے پاس رکھ لینی چاہیے۔ ربیّ اشماعیل کہتا ہے "اگر امی اور اسرائیلی کا مقدمہ قاضی کے پاس آئے تو قاضی اگر اسرائیلی قانون کے مطابق اپنے مذہبی بھائی کو جتوا سکتا ہو تو اس کے مطابق جتوائے اور کہے کہ یہ ہمارا قانون ہے۔ اگر امیوں کے قانون کے تحت جتوا سکتا ہے تو اس کے تحت جتوائے اور کہے کہ یہ تمہارا قانون ہے اگر دونوں قانون ساتھ نہ دیتے ہوں تو پھر جس حیلے سے بھی وہ اسرائیلی کو کامیاب کر سکتا ہو، کرے۔ ربیّ شموایل کہتا ہے کہ "غیر اسرائیلی کی ہر غلطی سے فائدہ اٹھایا جائے۔"(۲۲)

عدل و انصاف کے اس تصور نے یہود میں برائیاں پیدا کر دی تھیں اور کر دی ہیں۔ یہود کے قانون میں لچک کے فقدان نے انہیں سخت مزاج درشت بنا دیا تھا۔ قرآن نے بھی اس کا ذکر کیا ہے(۲۳)۔

یہود' اسرائیل اور غیر اسرائیل میں امتیاز برتتے تھے۔ اس سے ان میں تکبر و نخوت کوٹ کوٹ کر بھر گئی۔ قرآن نے اس کا بھی ذکر کیا ہے(۲۴)۔

چونکہ یہود خود کو اللہ کی لاڈلی قوم سمجھتے۔ وہ کہتے تھے کہ دوزخ کی آگ ہمیں چھوئے گی نہیں، مگر چند دن۔ قرآن کریم میں ہمیں اس کا بھی تذکرہ ملتا ہے(۲۵)۔ اسرائیلیوں کے اس قانون امتیاز نے انہیں اتنا دلیر کر دیا کہ انہوں نے اسرائیلی فرد کے لیے شرعی قوانین میں بھی ترمیم شروع کر دی(۲۶)۔

آج ہم اپنے معاشرے میں دیکھتے ہیں کہ سود خوری اس وقت دنیا کی ۸۰ فیصد معاشیات پر قابض ہے۔اس پر تمام مسلم علماء، اسکالرز، سائنسدان اور معاشی ماہرین کو سوچنے اور کوئی ایسی پالیسی بنانے کی ضرورت ہے۔

عیسوی تصور عدل: موسوی تصور عدل میں ہمیں درگزر کی کوئی گنجائش نہیں ملتی۔ جبکہ عیسوی عدل اس کے بالکل برعکس ہے۔ایک طرف ہمیں افراط نظر آتا ہے تو دوسری طرف تفریط۔ یہاں سب کچھ عفو و درگزر کے حوالے کر دیا گیا اور قصاص کی کوئی گنجائش نہیں۔

"کسی بدی کا بدلہ بدی سے نہ دو کیونکہ یہ کام تو حیوان بھی کرتے ہیں بدی نتیجہ نیکی کے ساتھ دو جو تم سے عداوت رکھے اس کے لیے دعا مانگو۔"(۲۷)

لوقا میں لکھا ہے کہ آگ آگ سے نہیں بجھائی جاتی، بلکہ پانی سے، اس لیے کہتا ہوں کہ بدی پر بدی غالب نہ آئے، بلکہ نیکی کے ذریعے سے (۲۸)۔

عیسائی بھی کلام الٰہی میں تحریف کے مرتکب ہوئے تھے (۲۹)۔

یہودیوں کی طرح عیسیٰ علیہ السلام بھی صرف بنی اسرائیل کے لیے آئے تھے۔لہٰذا یہ بھی اپنے آپ کو باقی اقوام سے برتر اور خدا کا چہیتا سمجھنے لگے (۳۰)۔

پھر عیسوی تصور عدل میں عفو و درگزر کی تعلیم تھی جو فطرت انسانی سے بھی متضاد تھی، اس لیے دیندار طبقہ نے ترکِ دنیا اور رہبانیت اپنائی (۳۱)۔

جس معاشرے میں تعزیرات و قصاص کا قانون سرے سے ہی نہ ہو، وہاں امن و امان کیسے برقرار رہ سکتا ہے؟

عہد جاہلیت میں نظام عدل:

عرب عدل کو بہت اہمیت دیتے تھے۔شہر میں مختلف قبائل رہتے تھے اور کسی ایک قبیلہ کے سپرد تنازعات کا تصفیہ تھا۔سردار قبیلہ یہ فرض سرانجام دیتا تھا۔حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ نے بھی یہ خدمت انجام دی تھی۔ مجرم کو قتل کرنے کا حق مقتول کے ورثاء یا سردار قبیلہ کو پہنچتا تھا۔لیکن جرمانے یا ایک سو اونٹ کے معاوضے پر راضی نامہ بھی ہو سکتا تھا۔حدود کی بہت سخت سزائیں ہوتی تھیں۔ مثلاً چور کے ہاتھ کاٹے جاتے اور زانی کو سنگسار کیا جاتا یا کوڑے لگائے جاتے۔اسلام نے جاہلیت کے بعض رسم و

رواج سے فائدہ اٹھایا۔ لیکن حقیقت یہ ہے کہ اسلام نے صرف ان رسوم سے استفادہ کیا کہ جو قرآنی احکامات کے مطابق تھے اور جنہیں عقلِ سلیم بھی تسلیم کرتی تھی۔ عربوں میں نظام عدل کی درج ذیل شکلیں رائج تھیں(۳۲)۔

- پنچائیت
- پیچیدہ مقدمات میں کاہنوں سے رجوع کیا جاتا تھا، جو مذہبی پیشوا یا علم غیب کے مدعی تھے۔
- تحکیم، یعنی ثالث یا حکم کا کام ادا کرنے والی بعض شخصیتیں۔ مثلاً ایک مشہور حکم عامر بن ظرب العدوانی تھا۔

ان تین طریقوں کے علاوہ ایک اور غیر معمولی طریقہ بھی زمانۂ جاہلیت کے دور میں پایا جاتا تھا۔ شہر مکہ میں ''حلف الفضول'' نام کا ایک ادارہ قائم تھا۔ یہ ایک اجتماعی حلف تھا۔ اس کا مقصد یہ تھا کہ شہری حدود میں جو مظلوم پائے جائیں، ان کی مدد کی جائے اور ظالم کو سزا دی جائے۔ نبی کریم ﷺ نے بھی اس معاہدے میں شرکت فرمائی تھی۔ یہ ادارہ بنو امیہ کے عہد تک قائم رہا(۳۳)۔ مکہ کی شہری ریاست میں بھی نظام عدل موجود تھا اور تین طریقوں کی شکل میں پایا جاتا تھا(۳۴)۔

- ضلعی کونسل (الاسراہ)
- مجلس اعلیٰ (دار الندوہ)
- کثیر المقاصد ادارے

اسلام میں عدل کی اہمیت:

قرآنی تصور عدل: قرآن و سنت کی بہت سی نصوص میں عدل کا حکم کی فضیلت کا بیان آیا ہے۔ عدل کے متضاد عمل کا نتیجہ ظلم ہے۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

﴿ إِنَّ ٱللَّهَ يَأۡمُرُكُمۡ أَن تُؤَدُّواْ ٱلۡأَمَٰنَٰتِ إِلَىٰٓ أَهۡلِهَا وَإِذَا حَكَمۡتُم بَيۡنَ ٱلنَّاسِ أَن تَحۡكُمُواْ بِٱلۡعَدۡلِۚ إِنَّ ٱللَّهَ نِعِمَّا يَعِظُكُم بِهِۦٓۗ إِنَّ ٱللَّهَ كَانَ سَمِيعَۢا بَصِيرَۢا ﴾ (۳۵)

(مسلمانو! اللہ تمہیں حکم دیتا ہے کہ امانتیں اہل امانت کے سپرد کرو، اور جب لوگوں کے درمیان فیصلہ کرو تو عدل کے ساتھ کرو، اللہ تم کو نہایت عمدہ نصیحت کرتا ہے اور یقناً اللہ سب کچھ سنتا اور دیکھتا ہے۔)

امر یہاں وجوب کے لیے ہے، جو کہ مسلم و کافر سب کو شامل ہے۔ اللہ تعالیٰ نے عدل کو ہر ایک کے لیے، ہر ایک پر، ہر حال میں واجب کیا ہے۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

﴿ يَـٰٓأَيُّهَا ٱلَّذِينَ ءَامَنُواْ كُونُواْ قَوَّٰمِينَ لِلَّهِ شُهَدَآءَ بِٱلْقِسْطِ ۖ وَلَا يَجْرِمَنَّكُمْ شَنَـَٔانُ قَوْمٍ عَلَىٰٓ أَلَّا تَعْدِلُواْ ۚ ٱعْدِلُواْ هُوَ أَقْرَبُ لِلتَّقْوَىٰ ﴾ (۳۶)

(اے لوگو، جو ایمان لائے ہو، اللہ کی خاطر راستی پر قائم رہنے والے اور انصاف کی گواہی دینے والے بنو۔ کسی گروہ کی دشمنی تم کو اتنا مشتعل نہ کر دے کہ انصاف سے پھر جاؤ۔ عدل کرو یہ خدا ترسی سے زیادہ مناسبت رکھتا ہے۔)

عدل و انصاف کی عدم دستیابی سے انسانی معاشرہ کا امن و سکون ختم ہو جاتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے قرآن کریم میں اپنے بندوں کو عدل کی خاص طور پر بار بار تاکید کی ہے۔ مثلاً

﴿ إِنَّ ٱللَّهَ يَأْمُرُ بِٱلْعَدْلِ ﴾ (۳۷)

(بے شک اللہ تعالیٰ عدل کا حکم فرماتا ہے۔)

﴿ وَإِذَا حَكَمْتُم بَيْنَ ٱلنَّاسِ أَن تَحْكُمُواْ بِٱلْعَدْلِ ۚ ﴾ (۳۸)

(اور جب تم لوگوں کے درمیان فیصلہ کرو تو انصاف کے ساتھ کرو۔)

سورۃ النسا میں اپنے نفس کے مقابلہ میں بھی عدل و انصاف سے کام لینا کا حکم فرمایا۔ فرمایا:

﴿ يَـٰٓأَيُّهَا ٱلَّذِينَ ءَامَنُواْ كُونُواْ قَوَّٰمِينَ بِٱلْقِسْطِ شُهَدَآءَ لِلَّهِ وَلَوْ عَلَىٰٓ أَنفُسِكُمْ أَوِ ٱلْوَٰلِدَيْنِ وَٱلْأَقْرَبِينَ ﴾ (۳۹)

(اے ایمان والو! انصاف کے علمبردار اور اللہ کے لیے گواہی دینے والے رہو خواہ تمہیں گواہی خود اپنے خلاف اور اپنے والدین اور اقربا کے خلاف دینی پڑے۔)

علامہ سید سلیمان ندوی اس آیت کے سلسلہ میں اپنے خیالات کا اظہار یوں کرتے ہیں:

"عدل و انصاف کی راہ میں ان دونوں سے بھی زیادہ ایک کٹھن منزل ہے اور وہ یہ ہے کہ اپنے نفس کے مقابلہ میں بھی عدل و انصاف کا رشتہ ہاتھ سے نہ چھوٹنے پائے"(۴۰)

لوگ اجتماعی عدل و انصاف کے فیصلہ یا گواہی میں اسی لیے غلط بیانی کرتے ہیں کہ جس فریق کی طرفداری مقصود ہے، اس کو فائدہ پہنچ جائے۔ تو ارشاد ہوا کہ اللہ اپنے امیر اور اور غریب دونوں بندوں کے حق میں تم سے زیادہ خیر خواہ ہے۔ تمہاری کم بین نظر تو آس پاس تک جا کر رہ جاتی ہے اور اللہ تعالیٰ کی نظر میں سب کچھ ہے۔

عدل و انصاف کی اہمیت کا اس سے زیادہ ثبوت اور کیا ہو سکتا ہے کہ نبی اکرم ﷺ کے قول کے مطابق، جس کا مطلب و مفہوم یہ ہے کہ مسلمان حاکم اگر ظالم ہو تو اس کی حکومت تباہ ہو جاتی ہے اور اگر کافر حاکم انصاف پسند ہو تو اس کی حکومت باقی رہتی ہے۔ جناب رسول اکرم ﷺ کا ارشاد ہے:

"قیامت کے دن جب کہ خدا کے سایہ کے سوا کوئی دوسرا سایہ نہ ہو گا۔ سات شخصوں کو اللہ تعالیٰ نے اپنے سایہ میں لے گا۔ جن میں سے ایک شخص امام عادل (منصف حاکم) ہو گا۔"(۴۱)

علامہ جلال الدین دوانی اپنی مشہور و معروف تصنیف "اخلاق جلالی" میں لکھتے ہیں:

"حضرت رسالت پناہ علیہ صلوات اللہ و سلامہ فرمودہ کہ نزدیک تریم مردمان بخدائے تعالیٰ از روئے منزلت در روز قیامت بادشاہ عادل است"

(حضرت محمد ﷺ نے فرمایا کہ قیامت کے دن قدر و منزلت کے لحاظ سے اللہ تعالیٰ کے سب سے زیادہ نزدیک شخص بادشاہ عادل ہو گا۔)

اس سے آگے علامہ صاحب کہتے ہیں:

"دور حدیث مصطفوی ست عدل ساعۃ بخیر من عبادۃ ستین سنۃ یعنی عدل یک ساعت بہتر از عبادت ہفتاد سال ست چہ اثر عدل یک ساعت بہمہ عبا عباد و در رہمہ بلادی رسد و متہائے متماوی می ماند"۔

(حدیث مصطفوی میں ہے کہ ایک ساعت یا ایک گھڑی ستر سال کی عبادت سے بہتر ہے کیونکہ (بقول علامہ) ایک ساعت کا عدل تمام بندوں اور تمام شہروں تک پہنچتا ہے اور مدت دراز تک باقی رہتا ہے۔)(۴۲)

اسلامی حکومت جب ملوکیت میں بدل گئی اور حکمرانوں نے اپنی عیش پرستی کے لیے غریبوں کا استحصال کرنا شروع کیا تو معاشرے میں جرائم میں بھی اضافہ ہونے لگا۔ اس صورت حال نے فقہاء کو بہت پریشان کیا۔ چنانچہ انہوں نے چوری کی شرعی حد کی اس طرح تشریح کی کہ حکمرانوں کے لیے یہ ممکن نہ رہا کہ وہ اسے اپنے ذاتی مقاصد کے لیے استعمال کر سکیں۔ اس بارے میں امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے یہ فتویٰ دیا کہ معاشرہ چونکہ اسلام کے عدل اجتماعی کی برکتوں سے محروم ہے اس لیے کسی چور کے ہاتھ نہیں کاٹے جا سکتے۔ ہاں اسے اس جرم سے باز رکھنے کے لیے قید میں ڈالا جا سکتا ہے۔ یہاں تک کہ وہ اس جرم کو دوبارہ نہ کرے۔ بعد ازاں مسلمان حکمرانوں نے چوروں کے ہاتھ کاٹنے کی بجائے امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کے اس فتویٰ کو اختیار کر لیا(۴۳)۔

عہد رسالت میں عدل: مسلمانوں کا نظام عدل اقوام عالم کے لیے صدیوں تک مشعلِ راہ بنا رہا۔ اور دوسری متمدن قوموں کے نظام ہائے عدل پر نمایاں فوقیت کا حامل رہا۔ برصغیر پاک و ہند میں مسلمانوں کا آٹھ سو سال دور حکومت اسلامی قوانین کی ترویج میں نہایت اہم زمانہ ہے۔ عدل کو عربی میں قضاء بھی کہا جاتا ہے۔ ہر قوم اور تہذیب میں عدل و انصاف کا کچھ نہ کچھ تصور پایا جاتا ہے لیکن یہ تصور ہر زمانے میں ہر جگہ ایک سا نہیں رہتا۔ سو ہر قوم، ہر زمانے میں سزا کا تصور و معیار جداگانہ رہا۔

اسلامی عدل کا سب سے بڑا ماخذ رسالت مآب ﷺ کا مبارک عہد ہے۔ جس میں زمانہ جاہلیت کے تمام رسوم و رواج اور ادارے معطل قرار دیئے گئے۔ جس دستور پر مدینہ کی ریاست کی بنیاد پڑی، وہ دنیا کا بہترین دستور شمار کیا جاتا ہے۔ نبی کریم ﷺ کی ذات مبارک سب سے افضل اور سب کے لیے قرار پائی۔ کیونکہ آپ ﷺ کی ذات عدل و انصاف کا آخری اور بہترین مرجع تھی۔ اس طرح مومنین کو اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

﴿ فَلَا وَرَبِّكَ لَا يُؤْمِنُونَ حَتَّىٰ يُحَكِّمُوكَ فِيمَا شَجَرَ بَيْنَهُمْ ثُمَّ لَا يَجِدُوا۟ فِىٓ أَنفُسِهِمْ حَرَجًا مِّمَّا قَضَيْتَ وَيُسَلِّمُوا۟ تَسْلِيمًا ﴾(۴۴)

(اے رسول! تمہارے رب کی قسم لوگ اس وقت تک مومن کہلانے کے مستحق نہ ہوں گے جب تک کہ وہ اپنے باہمی تنازعات میں تم کو حکم نہ بنائیں اور پھر تم جو فیصلہ کرو اس پر اپنے دلوں میں کوئی بوجھ یا بھار محسوس نہ کرو اور تمہارے ہر حکم اور فیصلے کے سامنے سر تسلیم خم نہ کریں۔)

نبی کریم ﷺ نے ہجرت سے پہلے ہی بیت عقبہ کی رو سے ہر قبیلے میں نقیب مقرر کیے گئے۔ اس کے علاوہ ایک عریف (دس آدمیوں پر ایک عہدہ دار) مقرر کیا۔ جب نقیب کے فیصلے سے ناراضگی ہوتی تو آنحضرت ﷺ کے پاس مرافع ہوتا تھا۔ مدینہ میں آنحضرت ﷺ نے قاضی مقرر فرمائے، جو فیصلہ کرتے تھے۔ (۴۵)

نبی کریم ﷺ نے حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ کو گورنر مقرر کیا۔ یہ تمام عمال فیصلہ قرآن و حدیث کے مطابق فیصلہ کرتے تھے۔ نبی کریم ﷺ کے عہد میں خطبہ حجۃ الوداع اسلامی عدل کے لیے ایک بہت بڑا پروانہ اور اعلان حقوق انسانی ہے۔ خطبہ حجۃ الوداع کی مثال دنیا کے کسی تمدن میں موجود نہیں ہے۔ نبی کریم ﷺ کے عہد میں قضاۃ، احتساب، مصالحت، صدقات، پولیس، جلاد کا محکمہ قائم ہو چکا تھا۔ (۴۶)

عہد نبوی میں عدل اجتماعی کی چند مثالیں:

نبی کریم ﷺ جب بھی کسی کو حاکم بنا کر بھیجتے یا کسی سرکاری امور کی بجا آوری کے لئے روانہ فرماتے یا زکوۃ کی وصولیابی کے لئے تعینات کرتے تو عدل کا دامن تھامے رکھنے کی ہدایات صادر فرماتے۔ اس آسمان نے وہ دن بھی دیکھا جب خیبر کے یہود اس بات کے منتظر تھے کہ اب انہیں غلام بنا کر اسلامی افواج میں تقسیم کر دیا جائے گا، ان کی جائیدادیں اور تیار فصلیں اجاڑ دی جائیں گی اور ان کی خواتین کو بھی جانوروں کی طرح ہانک کر لے جایا جائے گا۔ کیونکہ اس وقت کا دستور یہی تھا، لیکن وقت کی رفتار تھم گئی۔ تاریخ انسانی نے مشاہدہ کیا کہ صفحۂ ہستی پر پہلی مرتبہ فاتح و مفتوح کے درمیان مذاکرات ہوئے اور فصلوں کی ایک نسبت کی تقسیم پر معاہدہ طے پا گیا اور پھر اگلی فصل پر جب ایک قاصد نبوی ﷺ خیبر پہنچا اور فصلوں کو نصف نصف تقسیم کیا گیا، تو اس قاصد نے یہود سے کہا کہ ان میں سے جو حصہ چاہو، لے لو اور جو چاہے، تم چھوڑ دو، وہ ہم لے جائیں گے۔ اس پر خیبر کے یہود بول اٹھے کہ خدا کی قسم! اسی عدل و انصاف

کا حکم ہمیں تورات میں دیا گیا تھا اور اسی عادل کے حامل کی پیشین گوئی تورات میں کی گئی تھی کہ وہ آخری نبی ﷺ ہوں گے ۔ایک مرتبہ ایک یہودی اور انصاری پیغمبروں علیہم السلام میں افضلیت پر بحث کر رہے تھے۔دوران بحث یہودی نے موسیٰ علیہ السلام کو اس انداز سے پیش کیا جیسے وہ محمد ﷺ سے افضل ہوں۔انصاری یہ برداشت نہ کر سکے اور اسے ایک تھپڑ رسید کر دیا۔یہودی نے حضور اکرم ﷺ کی عدالت میں شکایت پیش کی، فریقین کو سن کر حضور کریم ﷺ نے مقدمے کا فیصلہ فرمایا اور نصیحت کے طور پر کہا"دوسرے پیغمبروں پر میری فوقیت میں مبالغہ نہ کرو۔روز قیامت سب لوگ بے ہوش ہو جائیں گے۔میں جاگنے والوں میں سب سے پہلا ہوں گا اور دیکھوں گا کہ موسیٰ علیہ السلام خدا تعالیٰ کے تخت کے برابر کھڑے ہیں(۴۷)۔

حضرت عبداللہ بن سہیل رضی اللہ عنہ کو خیبر کے یہودیوں نے شہید کر دیا۔مقتول کے وارث نے آنحضرت ﷺ کی عدالت میں مقدمہ پیش کیا، لیکن اس واقعہ کا کوئی عینی شاہد پیش نہ کر سکے تو آنحضرت ﷺ نے ان کو ایک سو اونٹ خون بہا میں دلوا دیئے۔آنحضرت ﷺ کے پاس ایک شخص کسی آدمی کو پکڑ لایا، عرض کیا کہ اس آدمی نے میرے بھائی کو قتل کر دیا ہے۔آپ ﷺ نے فرمایا کہ جاؤ!اب اس کو بھی اسی طرح سے مار ڈالو۔قاتل نے اس شخص سے کہا کہ خدا سے ڈرو اور مجھے معاف کر دو، تمہارے لیے یہی بہتر ہے اور تمہارے بھائی کے لیے بھی یہی بہتر ہے کہ معاملہ یوم حشر پر چھوڑ دے۔اس پر اس شخص نے قاتل کو چھوڑ دیا۔بعد میں آنحضور ﷺ کو معلوم ہوا تو فرمایا کہ قصاص کے بدلے میں یہی بہتر تھا کہ مقتول حشر کے دن اللہ سے فریاد کرے کہ یا اللہ!اس شخص نے میری جان کیوں لی؟(۴۸)

ایک شخص سے آپ ﷺ نے کھجوریں قرض کے طور پر لیں۔چند روز کے بعد وہ تقاضے کے لیے آ گیا۔آپ ﷺ نے ایک انصاری رضی اللہ عنہ کو حکم دیا کہ اس کا قرضہ ادا کر دو۔انصاری رضی اللہ عنہ نے کھجوریں دیں لیکن وہ کم تر درجہ کی تھیں۔انصاری رضی اللہ عنہ نے کہا: تم رسول کریم ﷺ کی کھجوریں لینے سے انکار کرتے ہو؟بولا: ہاں!رسول اکرم ﷺ ہی عدل نہ کریں گے تو اور کون کرے گا؟آپ ﷺ کی آنکھوں میں پانی بھر آیا اور فرمایا کہ بالکل سچ ہے۔پھر آپ ﷺ نے بہتر کھجوریں دلوائیں۔ایک دفعہ آپ ﷺ نے ایک پیالہ مستعار لیا۔اتفاقاً وہ پیالا گم ہو گیا۔آپ ﷺ نے اس کا تاوان ادا کر دیا۔اسی طرح ایک دفعہ بنو مخزوم کی ایک بلند مرتبہ عورت نے چوری کی۔قریش کی عزت کے لحاظ سے لوگ چاہتے تھے کہ ملزمہ سزا

سے بچ جائے اور معاملہ دب جائے۔لوگوں نے حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ کو سفارش کے لیے تیار کیا۔انہوں نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے معافی کی درخواست کی۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے غضب آلود ہو کر فرمایا کہ بنی اسرائیل اسی کی بدولت تباہ ہوئے۔وہ غریبوں کو تو سزا دیتے تھے اور امیروں کو بخش دیتے تھے۔خدا کی قسم !اگر محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی بیٹی فاطمہ رضی اللہ عنہا بھی چوری کرتی تو میں اس کا ہاتھ بھی کاٹ دیتا۔(۴۹)

خلافت راشدہ میں عدل: خلافت راشدہ کے زمانے میں مملکت کا پورا نظم و نسق قرآن و سنت نبوی کا آئینہ دار تھا۔ قرآن و حدیث ہی مملکت کا دستور تھا۔عہد صدیقی میں تمام اکابر صحابہ حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ سے ہر مشکل مسئلہ میں رجوع فرماتے تھے۔ قرآن شریف کی جمع اور ترتیب آپ رضی اللہ عنہ ہی کا کام تھا۔خلافت کے لیے باتفاق آراء آپ کے ہاتھ پر جو بیت کی گئی،وہ بیت خاصہ کہلاتی ہے(۵۰)۔

حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ نے بعض اہم قانونی مسائل طے فرمائے۔ بہت سے مسئلوں کی وضاحت بھی کی۔اس کی ایک مثال حق حصانت کے سلسلے میں ملتی ہے۔جس میں خود حضرت عمر رضی اللہ عنہ فریق تھے۔آپ رضی اللہ عنہ نے فیصلہ فرمایا کہ اے عمر رضی اللہ عنہ! اس بچے کے لیے اس کی ماں کا تھوک تمہارے دیے ہوئے شہد سے بہتر ہے۔اسی طرح حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ نے قانون وراثت میں بھی ایک اہم مثال قائم فرمائی۔ آپ رضی اللہ عنہ نے یہ فرمایا کہ دادا' حقیقی بہنوں اور بھائیوں کو وراثت سے محروم کر دے گا۔خلیفہ اول رضی اللہ عنہ کے اس خیال سے امام ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ متفق ہیں۔چند حضرات اس خیال کے مخالف ہیں ان میں حضرت علی رضی اللہ عنہ، امام ابو یوسف، امام محمد، امام مالک، امام شافعی اور امام زید رحمۃ اللہ علیہم شامل ہیں۔

حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ کے بعد حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ایک مثالی حکومت کا نقشہ مرتب کیا اور ایسے طرز حکومت کی بناء ڈالی، جو اسلام کی حقیقی روح تھا۔ آپ رضی اللہ عنہ کی مجلس شوریٰ میں حضرت عثمان، حضرت علی، حضرت عبد الرحمٰن بن عوف، معاذ بن جبل، حضرت ابی بن کعب، زید بن ثابت رضی اللہ عنہم جیسی شخصیات تھیں۔کوئی ملکی مسئلہ کثرت رائے کے بغیر طے نہیں پاتا تھا(۵۱)۔

حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ایک فرمان میں لکھا کہ مقدمات میں پہلے قرآن کے مطابق فیصلہ کریں اور اگر اس سے کوئی مسئلہ حل نہ ہو سکے تو حدیث سے، اور اگر اس حدیث سے بھی حل نہ ہو سکے تو اجماع کے ذریعے طے کریں اور اگر اس سے بھی حل نہ ہو سکے تو اجتہاد کریں۔ نیز وہ قاضیوں کو مشکل اور اہم مسائل کے متعلق فیصلے لکھ کے بھیجتے تھے(۵۲)۔

سیدنا عمر فاروق اعظم رضی اللہ عنہ نے دنیا میں عدل و انصاف کی وہ مثالیں قائم کیں، جن کی نظیر ان کے بعد دنیا والوں کو نہیں مل سکتی اور سیدنا علی رضی اللہ عنہ کا وہ قول بالکل صحیح ثابت ہوا جس میں حضرت علی رضی اللہ عنہ نے سیدنا عمر رضی اللہ عنہ سے فرمایا تھا کہ "آپ رضی اللہ عنہ نے اپنے بعد کے خلفاء کو مشقت میں ڈال دیا ہے۔"(۵۳)

سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے اپنے عہد خلافت میں نہ صرف حکومت کا ڈھانچہ بہتر بنایا، بلکہ رعایا کے ساتھ بھی ایسی ہی عدل و انصاف کا سلوک کیا کہ وہ آپ رضی اللہ عنہ پر اپنی جان چھڑکنے لگے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے رشوت اور ناجائز وسائل آمدنی کے سدِّباب کے لیے بھی تدابیر اختیار کیں۔ قاضی کو تجارت کی ممانعت تھی۔ نیز غیر مسلموں کو اجازت تھی کہ خود اپنے مقدمات کا فیصلہ کر لیں۔ مساجد میں عدالتی اجلاس بھی ہوتے تھے۔ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے پہلی مرتبہ قید خانے بنوائے اور اس مقصد کے لیے صفوان بن امیہ کا مکان ۴۰۰۰ درہم میں خریدا۔ فدک کے مسئلہ میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کی پیروی کی تھی۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اپنی ایک مملوکہ زمین جو خیبر میں تھی، وقف کر دی تھی۔ اور یہ پہلا وقف تھا، جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے ہی میں عمل میں آیا تھا۔

عہد عثمانی میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے دور میں کیے گئے اضافے ہی بحال رہے۔ اور ان کے عہد میں ایک عمارت دار القضاء کے نام سے بنائی گئی۔

عہد مرتضوی میں چونکہ حضرت علی رضی اللہ عنہ خود بہت بڑے فقیہ تھے اور انہیں قانون وراثت عول اور رد کے اصولوں کے بانی سمجھے جاتے تھے۔ قانون شہادت کے سلسلے میں حضرت علی رضی اللہ عنہ نے ایک نئی اصلاح کی۔ پیش ہونے والے گواہوں کا تزکیہ کہ زیادہ معتبر ہیں یا نہیں؟ جھوٹی گواہی کی شہادت لیتے وقت دوسرے گواہوں کو عدالت سے ہٹا دیتے تھے۔ اور صداقت کے لیے مخفی تحقیقات کرتے تھے۔

عدل کی شان عہد نبوی اور چاروں خلفاء کے دور میں قائم رہی۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ بذات خود عدالت میں قاضی کے روبرو بہ حیثیت فریق مقدمہ حاضر ہوئے۔ چنانچہ آپ رضی اللہ عنہ قاضی شریح رحمۃ اللہ علیہ کے پاس ایک مقدمہ لے گئے اور اپنے بیٹے امام حسن رضی اللہ عنہ کو بطور گواہ پیش کیا۔ قاضی شریح رحمۃ اللہ علیہ نے باپ کے حق میں بیٹے کی گواہی قبول کرنے سے انکار کر دیا۔ آپ کی عدالت میں وراثت کا ایک مقدمہ پیش ہوا۔ ایک ایسے لڑکے کی وراثت بحث طلب تھی جس کے دو سر، دو سینے تھے لیکن نچلا دھڑ ایک ہی تھا۔ سوال یہ تھا کہ اس کو ایک حصہ ملے گا یا دو۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ اسے سو جانے دو اور پھر دیکھو

کہ سانس دونوں سروں سے برابر آتی ہے یا نہیں۔ اگر دونوں سروں سے برابر آتی ہے تو دو حصے ملیں گے۔ اور اگر ایک ہی سر سے سانس آتی ہے تو ایک ہی حصہ (۵۴)۔

اللہ تعالیٰ نے انبیاء کرام کو لوگوں کی اصلاح و تبلیغ کے ساتھ لوگوں کے درمیان عدل و انصاف سے فیصلہ کرنے کا کام بھی سونپا ہے۔ (۵۵) قرآن و سنت کے احکامات کی بناء پر صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے قضاۃ کی اہمیت اور معاشرے کے لیے اس کی عظیم ضرورت کا ادراک کیا۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے جب عدلیہ کو انتظامیہ سے الگ کر دیا تو اس کے ساتھ عدالتی طریقہ کار سے متعلق ہدایات بھی جاری فرمائیں یہ ہدایت ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ گورنر کوفہ کے نام خط میں تھیں اس میں عدل و انصاف کی اہمیت اور عدلیہ کی آزادی کے متعلق ہے (۵۶)۔

سیاست الملوک میں عدل کی بڑی اہمیت ہے۔ موسیٰ بن یوسیٰ نے اپنے بیٹے کو نصیحت کرتے ہوئے فرمایا:

> "عدل کسی بھی ریاست کا روشن چراغ ہے۔ عدل کے چراغ کو ظلم کی آندھی سے نہ بجھاؤ۔ ظلم کی آندھی سب کچھ تباہ کر دیتی ہے۔ جبکہ عدل کی ہوا ثمر آور ہوتی ہے احکام میں عدل حکومت کی بنیادی صفات میں سے ہے۔ (۵۷)

حضرت عمر بن عبد العزیز رحمۃ اللہ علیہ کو حمص کے عامل نے لکھا:

> 'حمص شہر شکست و ریخت کا شکار ہے اور مرمت درکار ہے۔ حضرت عمر بن عبد العزیز نے اسے لکھا اس کو عدل سے مضبوط کرو اور اس کی شاہراہوں کو ظلم سے پاک کرو (۵۸)۔

اجتماعی عدل کی ایک قسم معاشی عدل بھی ہے اور اسی معاشی عدل کے ذریعے ہم معاشرے سے دولت کی طبقاتی تقسیم کا خاتمہ کر سکتے ہیں۔ مغربی معاشی نظاموں میں معاشرے پر بد نما اثرات مرتب کیے ہیں کہ معاشرے سے معاشی عدل کا خاتمہ نظر آتا ہے۔ اسلام نے ایک منظم معاشی نظام کی تصویر پیش کی ہے۔ اسلام نے تقسیم دولت کا جو نظام دیا ہے اس کی وجہ مساویانہ تقسیم، عاملین کو دیانتداری سے محاصل کی وصولی کا حکم اور لوگوں میں عدل کے ساتھ دیانت داری کرنے کی تلقین اور صرف دولت میں اعتدال میں میانہ روی (۵۹) ہے۔

غیر مسلموں کے ساتھ بھی عدل کا حکم: شیخ الاسلام ابن تیمیہ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں "اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں کو کفار سے عدل کرنے کا حکم دیا ہے اگرچہ وہ ان کے ساتھ شدید بغض رکھتے ہوں۔ مگر اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے یہی حکم دیا ہے۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

﴿ وَإِذَا قُلْتُمْ فَاعْدِلُوا۟ وَلَوْ كَانَ ذَا قُرْبَىٰ ۖ وَبِعَهْدِ ٱللَّهِ أَوْفُوا۟ ۚ ذَٰلِكُمْ وَصَّىٰكُم بِهِۦ لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُونَ ﴾ (۶۰)

(اور جب تم بات کہو تو انصاف کی کہو، خواہ معاملہ رشتہ داری کا ہی کیوں نہ ہو، اور اللہ کے عہد کو پورا کرو۔ ان باتوں کی اللہ نے تمہیں ہدایت کی ہے، شاید کہ تم نصیحت قبول کرو)۔

ابن کثیر رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ قریب و بعید کے ساتھ قول و فعل میں عدل کا حکم دیتا ہے۔ وہ ہر ایک کے لیے عدل کی ہدایت فرماتا ہے۔ ہر وقت، ہر حال میں (۶۱)۔

یہ بھی سنت میں وارد ہے کہ رعیت کے درمیان عدل قائم نہ کرنا بہت بڑے خطرے کا باعث ہے۔ چنانچہ معقل بن یسار المزنی رضی اللہ عنہ، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

« مَا مِنْ عَبْدٍ يَسْتَرْعِيهِ اللَّهُ رَعِيَّةً، يَمُوتُ يَوْمَ يَمُوتُ وَهُوَ غَاشٌّ لِرَعِيَّتِهِ إِلَّا حَرَّمَ اللَّهُ عَلَيْهِ الْجَنَّةَ» (۶۲)

(کوئی ایسا بندہ نہیں جس کو اللہ تعالیٰ اس کی رعیت کا ذمہ دار بنائے اور اس کو موت اس حال میں آئے کہ وہ اپنی رعیت سے دھوکا کرنے والا تھا، مگر یہ کہ اللہ نے اس پر جنت حرام کر دی ہو۔)

شیخ الاسلام ابن تیمیہ رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا: دنیا میں لوگوں کے معاملات جن میں کئی قسم کے گناہ شامل ہو سکتے ہیں، عدل کے ساتھ ہی درست ہو سکتے ہیں۔ اور اکثر حقوق کی درستی اس طرح ہوتی ہے کہ ظلم اس میں شامل ہوتا ہے اگرچہ گناہ میں وہ مشترک نہ بھی ہوں۔ اور اس بارے میں کہا گیا ہے: اللہ تعالیٰ عدل کرنے والی ریاست کو قائم رکھتا ہے اگرچہ وہ کافرہ ہو اور اس ریاست کو قائم نہیں رکھتا جس میں عدل نہ ہو، اگرچہ وہ مسلمانوں کی ہو۔ اور کہا جاتا ہے کہ دنیا عدل اور کفر کے ساتھ تو قائم رہے گی لیکن ظلم اور اسلام کے ساتھ نہیں رہے گی۔ عدل ہر چیز کا نظام ہے جب دنیا کے معاملے کو عدل پر قائم کیا جائے گا تو وہ قائم ہو گی خواہ عدل کرنے والے کا آخرت میں کوئی حصہ نہ ہو اور جب اسے عدل سے قائم نہیں کیا جائے گا تو وہ

قائم نہیں ہو گی۔ اگر چہ اس کا صاحب ایمان والا ہو، آخرت میں اسے کوئی اجر نہ ملے گا[۶۳]۔ فتح خیبر کے بعد وہاں کی زمین نصف پیداوار کی بناء پر یہودیوں کے حوالے کر دی گئی تھی اور عبد اللہ بن رواحہ رضی اللہ عنہ کو بٹائی کے لیے بھیجا جاتا تھا۔ وہ پیداوار کو دو حصوں میں تقسیم کر کے دو انبار لگوا دیتے اور یہودیوں سے کہتے کہ جو حصہ چاہو اٹھالو۔ یہودی کہتے: زمین اور آسمان ایسے ہی عدل سے قائم ہیں۔ مسلمانوں کا وظیفہ حیات روئے زمین پر یہی تھا اور ایسے یہ اصول حیات عالمی امن کے ضامن ہو سکتے ہیں۔ وہ افراد یا گروہ اس وظیفے کی بجا آوری سے کیونکر عہدہ بر آ ہو سکتے ہیں، جن کی زبانوں سے الفاظ نکلتے ہیں تو معلوم ہوتا ہے، پھول جھڑ رہے ہیں لیکن ان کے دل، ان کی طبیعتیں اور ان کی ذہنیتیں نہایت پست اور امن بر انداز اغراض سے یک قلم آلودہ ہیں۔ یہ وہی شیوہ ہے جس پر مدینہ منورہ کے یہودی عربوں کے تعلق میں کاربند تھے اور کہا کرتے تھے:

﴿ لَيْسَ عَلَيْنَا فِي ٱلْأُمِّيِّـۧنَ سَبِيلٌ وَيَقُولُونَ عَلَى ٱللَّهِ ٱلْكَذِبَ وَهُمْ يَعْلَمُونَ ﴾[۶۴]

(امیوں (یعنی عربوں) کے ساتھ معاملہ کرتے ہوئے ہم پر کچھ مؤاخذہ نہیں (یعنی ان کے ساتھ دیانت داری والا برتنا ضروری نہیں) اور یہ کہہ کر وہ اللہ پر تہمت باندھتے ہیں۔ حالانکہ اچھی طرح جانتے ہیں حقیقت حال کیا ہے؟)

یعنی جس گروہ سے ذاتی اغراض وابستہ ہیں، ان کے متعلق ایک نظام اخلاق اور ایک ضابطہ نیک و بد ہے لیکن جن سے کوئی خاص علاقہ نہیں، ان کے باب میں بالکل دوسری روش اور دوسرے اصول پیش کیے جاتے ہیں[۶۵]۔

پاکستان کے تناظر میں جب ہم عدل اجتماعی کا مشاہدہ کرتے ہیں تو المیہ یہ ہے قائد اعظم کی وفات کے بعد جس کلمہ لا الہ الا اللہ اور نظریہ کی بنیاد پر اس کا وجود قیام عمل میں آیا اور جن کو سیاسی سماجی معاشی نظام کی تشکیل میں راہنما بننا تھا اسلام اور جمہوری روایات سے غفلت برتی گئی، اللہ اور رسول ﷺ کے احکامات پر عمل نہیں ہوا۔ یہ حقیقت فراموش کر دی گئی کہ عدل اجتماعی ہی وہ بنیاد فراہم کرتا ہے جو ملک قوم اور دنیا کی ترقی خوشحالی سکون و امن کا ضامن ہے۔ اس کے لئے ضروری ہے کہ اسلام کے عدل اجتماعی کے اصول کو اپنا کر معاشرے کو ترقی کی راہ پر گامزن کرنے میں ہم سب مل کر ممد و معاون ثابت ہوں اور

اپنے طور پر انفرادی عدل بھی قائم کریں، کیونکہ انفرادی عدل بھی عدل اجتماعی کے لئے مضبوط بنیاد فراہم کرتا ہے۔

ہم عدل اجتماعی ہی کے ذریعے سے تخلیقی عمل کو بہتر کر سکتے ہیں، تخلیقی قوتوں اور پیداواری صلاحیتوں کو فروغ دے سکتے ہیں، تخریبی عناصر کے خلاف جدوجہد کر سکتے ہیں اور ان کے اسباب کا پتہ چلا کر ان وجوہات و عناصر سے معاشرے، ملک و قوم کو نجات دلا سکتے ہیں۔ اسلام میں عدل اجتماعی کا میدان زندگی کے سارے پہلوؤں پر محیط ہے۔ جن میں سے سیاسی، معاشرتی، اقتصادی اور اجتماعی پہلو بھی ہیں۔ نیز عدلیہ، فوج اور تعلیم یعنی ہر طرح کے افراد کی سطح پر اس کی تطبیق واجب ہے۔ اجتماعی عدل کسی بھی معاشرے میں امن و فلاح کی ضمانت فراہم کرتا ہے۔۔ یہ لازم ہے کہ حاکم و محکوم ادنی و اعلی، امیر و غریب بے نوا و صاحب اثر فرق مٹا کر سب اپنے اپنے رویے اپنی اپنی حیثیت میں اپنی ذات کے اندر عدل کی صفت اجاگر کریں۔ طاقت و اقتدار کا شتر بے مہار استعمال سے ہر طرح کے جرائم میں اضافہ ہوا ہے۔ یہ سب معاشرے میں صرف عدل اجتماعی کے نہ ہونے کی وجہ سے ہے۔

ہم نے گذشتہ صفحات میں مختصراً دنیا کے گزری اقوام اور موجودہ دور کے عدل کا ایک مختصر تصویر پیش کیا ہے۔ اس میں آپ کو سب سے بہتر عدل فراہم کرنے کی ضمانت صرف اسلام دیتا ہے۔ اس کی مثالیں ہمیں اسلام کے ہر دور میں ملتی ہیں مثلاً عمر بن عبد العزیز رحمۃ اللہ علیہ اور بر صغیر میں مسلمانوں کا سنہری دور جیسے اورنگ زیب عالمگیر، شیر شاہ سوری، شاہ جہاں وغیرہ کا دور اس میں سر فہرست ہے۔

ضرورت اس امر کی ہے کہ اسلام کی تعلیمات پر عمل کر کے خوف الہی پیدا کر کے عدل کی روح کو سمجھا جائے۔ انفرادی عدل، عدل اجتماعی کی طرف پہلا قدم ہو گا۔ اس معاملے میں علما، اسکالرز، مفتیان کی بھی ذمہ داری ہے کہ معاشرے کے افراد کو عدل اجتماعی کی حقیقت اور اہمیت سے روشناس کرائیں۔ طاقت و اقتدار، حرص و ہوس اثر و رسوخ والوں کی شتر بے مہاری کا حد درجہ نتیجہ منفی رد عمل ہے۔ بے شمار جرائم کے پیچھے بنیادی طور پر یہی عمل کار فرما ہے۔ اور یہ صرف قرآن و حدیث و سنت اور آثار صحابہ و صحابیات اور تمام اچھے لوگوں کی اچھی باتوں پر ہمارا عمل نہ ہونے کی وجہ سے ہے۔ اس لئے کہ شریعت اسلامی کے مطابق قوانین پر عمل درآمد ہی سے تعاون کی فضا کی قائم کر کے ہی عدل کی طرف قدم بڑھا سکتے ہیں ورنہ اگر معاشرے میں پائی جانے والی کمی رحم و ہمدردی اور تعاون کی بجائے یہ شقاوت قلبی میں مزید

اضافہ ہوتا رہے، تو معاشرہ کی بے سکونی جو پہلے ہی اپنی انتہا پر ہے اور جرائم میں بھی اضافہ ہو۔ فقہ اسلامی کے مطابق ایسے صاحب ثروت ظالم شقی القلب حکمران یا امرا کے ساتھ قانون کا آہنی ہاتھ استعمال کرنا جائز ہے۔

امام ابن حزم اور امام شاطبی رحمۃ اللہ علیہما نے قرآن و احادیث اور آثار صحابہ سے جو معاشی نظریات اخذ کئے ان کے مطابق اگر ایک گروہ کے پاس وافر فراوانی سے اشیاء موجود ہوں اور دیگر کچھ لوگوں کی محرومی انتہا درجے کو پہنچ جائے جہاں جان بچانے کے لئے اضطرار میں مردار کھانے کی نوبت آجائے، تو ان امراء سے جو اشیاء خوردونوش بچا کر رکھنے والوں سے لڑ کر ان سے وہ مال چھین لینا جائز ہے۔ اگر بھوکا مارا جائے تو مالدار پر قصاص واجب ہے اور اگر مالدار مارا جائے تو اس پر دوہری لعنت برسے گی اور وہ طائفہ باغیہ میں شمار ہو گا۔ عدل اجتماعی میں اگر ہم مسلسل ناکام رہے اور مراعات یافتہ اور محروم طبقات میں فرق کو کم کرنے کی کوئی شعوری کوشش نہ کی گئی تو وہ وقت بہت جلد قریب آلگے گا جب مفلس نادار اس امر پر مجبور ہو جائے گے کہ طاقت و دولت کے نشے میں ڈوبے ہوئے، بے درد لوگوں سے ان کا سب کچھ چھین لیں۔ حسنی مبارک، زین العابدین علی اور کرنل قذافی کے انجام کی کس کو خبر نہیں۔ لازم ہے کہ جس قدر جلد ممکن ہو عدل اجتماعی کو ہمارے معاشرے اور ہماری مملکت کے درد کا درماں بنایا جائے۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ کا قول ہے کہ کفر پر تو ایک ریاست قائم رہ سکتی ہے، لیکن اگر اس میں ظلم پھیل جائے تو وہ اپنی بقا کا جواز کھو بیٹھتی ہے(۶۶)۔

حواشی و حوالہ جات

۱) سورۃ الانعام:۱۱۵؛ نیز دیکھئے سورۃ الانفطار:۷،۶

۲) سورۃ المائدہ:۸؛ نیز دیکھئے: سورۃ النحل:۹۰، سورۃ النساء:۳، سورۃ البقرہ:۲۸۲، سورۃ الأنعام:۱۵۲

۳) سورۃ الحدید:۲۵

۴) سید ابو الاعلی مودودی، تفہیم القرآن، ص:۵/ ۳۲۲

۵) ابن حجر عسقلانی، فتح الباری، ص:۲/ ۱۴۵

۶) ابن منظور افریقی، لسان العرب، ص ۴۳۰، دار صادر، بیروت، مرتضیٰ زبیدی، تاج العروس من جواہر القاموس (باب الام) ص:۱۵/ ۴۷۶، دار الفکر، بیروت، ۱۴۱۴ھ، لوئیس معلوف، المنجد فی اللغہ، انتشارات اسلام، تہران، ایران۔ اسماعیل بن حماد جوہری، الصحاح، دار الحدیث، قاہرہ، مصر

۷) امام جرجانی، کتاب التعریفات، ص:۶۴

۸) ابو بکر احمد بن علی رازی، الجصاص، احکام القرآن، ص ۳/ ۲۳۴، مطبعہ او قاف

۹) سید سلیمان ندوی، سیرۃ النبی، ص:۶/ ۳۹۷

۱۰) سید مودودی، اسلامی ریاست، ص:۵۲۵، ۵۲۴، ۶۶۶ نیز دیکھئے: ص:۴۹۴ تا ۵۰۳، اسلامک پبلیکیشنز لاہور نیز دیکھئے سید عبد الصبور طارق، مسلمان قاضیوں کا بے لاگ عدل، ص ۱۴، اسلامی تاریخ و تمدن ص:۱۵۷

۱۱) ضرورۃ القرآن، ص:۲/ ۴۹، پروفیسر مولانا قاضی زاہد الحسینی

۱۲) سورۃ المائدہ:۸

۱۳) ابن قیم الجوزیہ، الطرق الحکمیہ مجمع الفقہ الاسلامی الجدہ ۱۴۲۸ھ۔، ص:۱۳۲ نیز دیکھئے قرآن مجید مترجم حضرت شیخ الہند ص ۱۴۰

۱۴) تفصیل کے لیے دیکھیے: سورۃ النساء:۶۵, سورۃ الحشر:۷ اور سورۃ المائدہ:۴۴

۱۵) سورۃ الجمعہ:۱۰

۱۶) سورۃ النباء:۱۰

۱۷) سید قطب شہید، اسلام میں عدل اجتماعی، ڈاکٹر محمد نجات اللہ صدیقی، ص ۵۳ تا ۱۰۵ اسلامک پبلیکیشنز لاہور

۱۸) احبار، ص:۲۴/ ۱۷؛ مروج الذہب، ص:۲۱/ ۱۲؛ گنتی، ۳۱:۳، استثناء ۱۱:۱۹

۱۹) استثناء ۳:۱۵

۲۰) ایضاً

۲۱) مثلاً استثناء ۳،۱:۱۵ نیز دیکھیے ایضاً ۲۰:۲۳

۲۲) تالمود ، مسّلینی، پال آئزک ہرشوں، لندن، ۱۸۸۵، صفحات ۳۷۔۲۲۱، ۲۱۰ نیز دیکھیے سید ابو الاعلیٰ مودودی، تفہیم القرآن، جلد ۱، ص ۲۶۶، سورۃ آل عمران، حاشیہ ۹۹، ۶۴ء۱، ادارہ ترجمان القرآن)

۲۳) سورۃ البقرہ: ۴۷، نیز دیکھیے سورۃ المائدہ: ۸۲

۲۴) سورۃ المائدہ: ۴۲، سورۃ البقرہ: ۴۷ ۱ نیز دیکھیے سورۃ الجمعہ ۶

۲۵) سورۃ البقرہ: ۸۰

۲۶) سورۃ المائدہ: ۴۱

۲۷) متی ۵:۴۵؛ لوقا ۶:۲۸

۲۸) لوقا، ۱۲:۲۱، نیز دیکھیے، متی ۲۲، ۵:۲۱، متی، ۵:۳۸۔۴۵، متی ۱۸:۲۰

۲۹) سورۃ المائدہ: ۴۱

۳۰) سورۃ المائدہ: ۱۸

۳۱) سورۃ الحدید: ۲۷؛ نیز دیکھیے سید شمیم حسین قادری، اسلامی ریاست قرآن و سنت کی روشنی میں، علماء اکیڈمی، شعبہ مطبوعات محکمہ او قاف لاہور، ص: ۲۴۴ تا ۲۴۸

۳۲) سید شمیم حسین قادری، اسلامی ریاست قرآن و سنت کی روشنی میں، علماء اکیڈمی، شعبہ مطبوعات محکمہ او قاف لاہور، ص ۲۴۸ تا ۲۵۰۔

۳۳) ڈاکٹر حمید اللہ، مجلہ عثمانیہ، جلد ۱۱، شمارہ ۲، ۱ ص ۲۰، ۱۹، نیز دیکھیے سیرۃ ابن ہشام ص ۷۸، ۷۹

۳۴) نقوش رسول نمبر جلد یازدھم شمارہ نمبر ۱۳۰، ص ۶۰۲، جنوری ۱۹۸۵، ادارہ فروغ اردو لاہور

۳۵) سورۃ النساء: ۵۸

۳۶) سورۃ المائدہ: ۸

۳۷) سورۃ النحل: ۹۰

۳۸) سورۃ النساء: ۵۸

۳۹) سورۃ النساء: ۱۳۵

۴۰) سید سلیمان ندوی، سیرت النبی، ص: ۶/ ۱۲۰

۴۱) محمد بن اسماعیل البخاری، کتاب الاذان، باب من جلس فی المسجد، الحدیث: ۶۶۰؛ نیز دیکھئے سورۃ النساء: ۲۰

۴۲) سید عبد الصبور طارق، مسلمان قاضیوں کا بے لاگ عدل، ص ۱۵ تا ۲۰

۴۳) پروفیسر رفیع اللہ شہاب، عدل کا اسلامی تصور، مقبول بکس، لاہور، ۱۹۹۹، ص ۱۸، ۱۹

۴۴) سورۃ النساء: ۵۸؛ سورۃ المائدہ: ۸؛ سورۃ النساء: ۶۵

۴۵) امام سرخسی، المبسوط، ص ۱۰۹، مطبعہ السعادۃ مصر، ۱۳۳۱ھ

۴۶) شبلی نعمانی، سیرۃ النبی، ص: ۲/ ۶۷

۴۷) صحیح بخاری، جلد ۲، کتاب التفسیر، سورۃ الاعراف

۴۸) سنن ابی داؤد، سنن نسائی، سنن ابن ماجہ، ص ۱۹۱، حدیث ۸۱۹

۴۹) سیرۃ الصدیق ص، ۵۹ تا ۶۰، پروفیسر محمد عبد الحفیظ صدیقی؛
برصغیر پاک وہند میں اسلامی نظام عدل گستری، ادارہ تحقیقات اسلامی، اسلام آباد، ص ۳۹

۵۰) کنز العمال، ص: ۳/ ۱۳۴، حیدر آباد، طبقات ابن سعد، آرام باغ کراچی

۵۱) کنز العمال، ازالۃ الخفاء اور اخبار القضاۃ وغیرہ میں متعدد فتوے ملتے ہیں۔ نیز دیکھیے پروفیسر محمد عبد الحفیظ صدیقی، برصغیر پاک وہند میں اسلامی نظام عدل گستری، ص ۴۶، ۴۵، ادارہ تحقیقات اسلامی، اسلام آباد

۵۲) ابن جوزی، سیرۃ عمر بن خطاب

۵۳) الطرق الحکمیہ، ص: ۵۲، بحوالہ سوانح اہلبیت، ص: ۱۲۸

۵۴) سورۃ الحدید: ۲۶

۵۵) کنز العمال، ص: ۳/ ۱۷۴

۵۶) محمد بن یوسف، واسطۃ السلوک فی سیاسۃ الملوک، ص: ۲۳

۵۷) محمد بن یوسف، انور المعروسی، الشریح والقضاۃ فی اسلام، ص: ۱۹۸۴، ۸۳، مؤسسۃ شباب الجامعۃ الاسکندریہ

۵۸) تفصیل کے لیے دیکھیں سورۃ التوبہ: ۴۰

۵۹) سورۃ الانعام: ۱۵۲

۶۰) سیاست شرعیہ، ابن تیمیہ، ص: ۲۴۳

۶۱) ابن کثیر، تفسیر ابن کثیر، ج ۲ مترجم مولانا محمد جوناگڑھی، مکتبہ قدوسیہ ۱۹۹۹، ص: ۱۳۲

۶۲) السنن الکبریٰ للبیہقی، ص: ۱۰/ ۸۷ تا ۸۹، حیدر آباد (دکن)

۶۳) ابن تیمیہ، سیاست شرعیہ، ص: ۲۸۰، مترجم محمد اسماعیل گودھروی، تاجران کتب قرآن کراچی، موسوی مسافر خانہ، سن ندارد، امام غزالی، احیاعلوم الدین، ج ۱، نیز دیکھیے ابن قیم کی کتاب اقتضاء الصراط المستقیم

۶۴) سورۃ آل عمران: ۷۵

۶۵) ابو الکلام آزاد، رسول رحمت، مرتب غلام رسول مہر، شیخ غلام علی اینڈ سنز، لاہور، ڈاکٹر اسرار احمد، اسلام میں

عدل اجتماعی کی اہمیت اور موجودہ جاگیر داری اور غیر حاضر ذمہ داری، مرکزی انجمن خدام قرآن لاہور

٦٦) امام شاطبی، ابی اسحق ابراہیم بن موسی، الاعتصام، المجلد الرابع، مکتبہ التوحید؛ ابن حزم، المحلی، ادارۃ الطباعہ المنیریۃ، الجزالسادس، ١٣٤٨ھ

****

اسلامی ریاست میں غیر مسلم رعایا کے حقوق

The rights of Non-Muslims in an Islamic State

ڈاکٹر رانا مطلوب احمد*

ڈاکٹر سید علی آنور**

ABSTRACT

"Minority" is a word which is considered a challenge for any political system. This article discusses how a certain political system deals with the idea and rights of a minority. If a minority enjoys the privileges in a society that political system is considered as perfect.

Islam, the revealed religion, has not overlooked the status of a minority. Rights of a minority is one of the top priorities in Islam. This article brings to the fore the very status which Islam gives to the minorities and which they enjoyed while living in the Islamic poltical and social set up.

Islam not only gives minorities the right to live in an Islamic Society, but also gives them protection. The word "Dhimmis" gives minorities the protection in an Islamic society which they never entertain in their own society. Whether it was the time of the Holy Prophet, the Abbasid's or Umayyad, everywhere in the Islamic society they enjoyed not only as minorities but also they were allowed to build churches, join Islamic forces and to become viziers, etc.

It clearly reveals that Islam is a religion of peace that not only gives good tidings to the believers but aslo to the minorities who live among them.

This article is a small replica of what the minorities enjoyed in the Islamic society.

Keywords: *Non-Muslims, Rights, Islamic Society, Minorities, Peace*

---

* اسسٹنٹ پروفیسر، شعبہ علوم اسلامیہ، جی سی یونیورسٹی، فیصل آباد

** ڈین لسانیات، نیشنل یونیورسٹی آف ماڈرن لینگویجز، اسلام آباد

اگر دنیا کی سیکولر حکومتوں کا جائزہ لیا جائے تو لا دینی نظام بھی اپنی ریاستوں میں اقلیتوں کو اکثریت کے ظلم واستبداد سے نجات نہیں دلا سکا اور ان کی وہی ابتر حالت ہے، جو قدیم زمانہ میں اقلیتوں کی تھی۔ وہ آج بھی اکثریت کے رحم وکرم پر زندگی گزارنے پر مجبور ہیں۔

امریکہ میں نیگرو کی حالت نہایت ہی خراب ہے۔ وہ سماجی، اقتصادی اور مذہبی آزادی سے محروم ہیں۔ وہ سفید فام لوگوں کے گرجا میں داخل نہیں ہو سکتے۔ امریکہ کے قدیم باشندے ریڈ انڈین حیوانی زندگی گزار رہے ہیں۔ اس ظلم کے خلاف لوتھر کنگ نے آواز اٹھائی، تو اس کو گولی کا نشانہ بنا دیا گیا۔

برطانیہ میں بیرونی باشندوں کی جو ابتر حالت ہے، وہ کسی سے ڈھکی چھپی نہیں۔ اس میں نسلی منافرت بڑھتی جارہی ہے۔ ہندوستان میں اقلیتوں سے ظلم وستم ہو رہا ہے۔ فرقہ وارانہ فسادات اس میں روزمرہ کا معمول بن چکا ہے۔ اقلیتوں کا مال وجان اور عزت ہر وقت خطرے میں رہتی ہے اور حکومت کے رحم وکرم پر زندگی کے دن گزار رہی ہیں۔ امریکہ اور برطانیہ عراق میں، اسرائیل فلسطین میں اور ہندوستان کشمیر میں جس بے رحمی کا عمل کر رہے ہیں، وہ تاریخ کا ایک سیاہ باب ہیں۔

اس سے یہ بات واضح ہو جاتی ہے کہ کسی نظام نے بھی اپنی ریاستوں کو اقلیتوں کے حقوق کا تحفظ نہیں دیا۔ اسلام ہی صرف ایک ایسا نظامِ حیات ہے جس میں غیر مسلم رعایا کے حقوق کو تحفظ دیا گیا ہے۔

اسلامی ریاست کے اعتبار سے اقلیتوں کی دو اقسام ہیں:

۱۔ وہ معاہد جو مصالحت یا معاہدے کے ذریعہ اسلامی حکومت کے ماتحت آتے ہیں۔ ان کو اسلامی اصطلاح میں معاہدہ یا ذمی کہا جاتا ہے۔ یہ غیر مسلم رعایا جزیہ دیتی ہے اور اسلامی ریاست کی رعایا بننا منظور کرتی ہے۔

۲۔ وہ جو لڑائی میں شکست کھا کر مغلوب ہوتے ہیں۔

گویا کہ تمام صورتوں میں اسلام نے اپنی ریاستوں میں رہنے والے غیر مسلم انسانوں کے حقوق کا تحفظ کیا ہے۔ اس کی مختلف صورتیں ہیں جن میں درج ذیل قابل ذکر ہیں:

معاہدات کی پابندی

اسلام نے معاہدات کو دیانتداری کے ساتھ نبھانے کی تعلیم دی ہے۔ ارشادِ الٰہی ہے:

﴿ وَأَوۡفُواْ بِٱلۡعَهۡدِۖ إِنَّ ٱلۡعَهۡدَ كَانَ مَسۡـُٔولٗا ﴾ [1]

(تم اپنے عہد پورے کرو کیونکہ عہدوں کے متعلق پوچھا جائے گا۔)

دوسری جگہ آتا ہے:

﴿ وَٱلَّذِينَ ءَامَنُواْ وَلَمۡ يُهَاجِرُواْ مَا لَكُم مِّن وَلَٰيَتِهِم مِّن شَيۡءٍ حَتَّىٰ يُهَاجِرُواْۚ وَإِنِ ٱسۡتَنصَرُوكُمۡ فِي ٱلدِّينِ فَعَلَيۡكُمُ ٱلنَّصۡرُ إِلَّا عَلَىٰ قَوۡمِۭ بَيۡنَكُمۡ وَبَيۡنَهُم مِّيثَٰقٞۗ وَٱللَّهُ بِمَا تَعۡمَلُونَ بَصِيرٞ ﴾ [2]

(اور وہ جو ایمان لائے اور انہوں نے ہجرت نہیں کی تم پر ان کی دوستی کا کوئی حق نہیں۔ یہاں تک کہ وہ ہجرت کریں اور اگر تم سے دین کے متعلق مدد چاہیں تو تم پر مدد دینا فرض ہے سوائے اس کے کہ یہ مدد ان لوگوں کے خلاف نہ ہو جن کے اور تمہارے درمیان عہد ہے۔ اللہ جو تم کرتے ہو اسے دیکھتا ہے۔)

اس آیت کریمہ میں معاہدہ کی پابندی کا اس قدر تاکیدی حکم دیا ہے کہ اگر اسلامی ریاست کا کسی غیر مسلم قوم کے ساتھ معاہدہ ہو اور پھر اس غیر مسلم معاہدہ کے خلاف کوئی دوسری مسلمان قوم اسلامی حکومت سے مدد طلب کرے، تو وہ معاہدہ قوم کے خلاف ہرگز مدد نہ کرے اور اپنے عہد پر قائم رہے۔

حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے حضرت ابوعبیدہ رضی اللہ عنہ فاتح شام کو لکھا:

وامنع المسلمين من ظلمهم والأضرار وأكل أموالهم إلا بحلها ووف لهم بشرطهم الذي شرعت لهم في جميع ما أعطيتكم [3]

(مسلمانوں کو ذمیوں پر ظلم کرنے ان کو نقصان پہنچانے اور ناجائز طور پر ان کا مال کھانے سے روکو ان سے جو شرطیں کی گئی ہیں اور ان سے جو وعدے کیے گئے ہیں ان کو پورا کرو)

ایک مرتبہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو معلوم ہوا کہ اہواز کے ذمی بھاگ رہے ہیں تو تحقیقات کے لیے بصرہ سے دس نیک سیرت مسلمان طلب کر لیے۔ ان میں سے ایک احنف بن قیس رضی اللہ عنہ بھی تھے۔ ان

سے پوچھا کہ ذمی مسلمانوں کے ظلم و تشدد کی وجہ سے بھاگ رہے ہیں یا کسی اور وجہ سے۔ انہوں نے جواب دیا کہ ان پر کسی قسم کا ظلم نہیں ہوا۔ وہ از خود بلا کسی وجہ کے بھاگ رہے ہیں۔ ان کے ساتھ آپ کی مرضی کے مطابق سلوک کیا جاتا ہے، مگر اس سے آپ رضی اللہ عنہ کو اطمینان قلب نصیب نہ ہوا، تو عتبہ بن غزوان رضی اللہ عنہ والی بصرہ کو لکھا کہ:

"لوگوں کو ذمیوں کے ساتھ جور و ظلم سے روکو اور اس سے ڈرو اور محتاط رہو۔ ایسا نہ ہو کہ تمہاری بد عہدی یا ظلم کی وجہ سے حکومت تم سے چھین لی جائے۔ خدا نے تم کو اس وعدہ پر حکومت عطا کی ہے۔ اس لیے اس عہد کو پورا کرو اور اس کے حکم اور مرضی پر عمل کرو اس وقت خدا تمہاری مدد کرے گا"۔ (4)

اہل نجران کے عیسائیوں کے ساتھ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک تحریری معاہدہ کیا۔ اس میں معاہدین کے حقوق بیان ہوئے ہیں:

"نجران اور اس کے اطراف کے باشندوں کی جانیں، ان کا مذہب، ان کی زمینیں، ان کا مال، ان کے حاضر و غائب، ان کے قافلے، ان کے قاصد ان کی مورتیں اللہ کی امان اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی ضمانت میں ہیں۔ ان کی موجود حالت میں کوئی تغیر نہ کیا جائے گا اور نہ ان کے حقوق میں سے کسی حق میں دست اندازی کی جائے گی اور نہ مورتیں بگاڑی جائے گی۔ نہ کوئی اسقف اپنی اسقفیت سے کوئی راہب اپنی رہبانیت سے، کنیسہ کا کوئی منتظم اپنے عہدہ سے نہ ہٹایا جائے گا اور جو بھی کم یا زیادہ ان کے قبضہ میں ہے اسی طرح رہے گا۔ ان کے زمانہ جاہلیت کے کسی جرم یا خون کا بدلہ نہ لیا جائے گا، نہ ان سے فوجی خدمت لی جائے گی اور نہ ان پر عشر لگایا جائے گا اور نہ اسلامی فوج ان کی سرزمین کو پامال کرے گی۔ ان میں سے جو شخص اپنے کسی حق میں مطالبہ کرے گا، تو اس کے ساتھ انصاف کیا جائے گا، وہ میری ضمانت سے بری ہے۔ اس صحیفہ میں جو لکھا گیا ہے اس کے ایفا کے بارے میں اللہ کی امان اور محمد النبی صلی اللہ علیہ وسلم کی ذمہ داری ہے۔ یہاں تک کہ اس بارے میں خدا کا کوئی دوسرا حکم نازل نہ ہو۔ جب تک وہ لوگ مسلمانوں کے خیر خواہ رہیں گے ان کے ساتھ جو شرائط کی گئی ہیں ان کی پابندی کریں گے۔ ان ظلم سے کسی بات پر مجبور نہ کیا جائے گا"۔ (5)

حضور ﷺ نے فرمایا:

"خبردار جو شخص کسی معاہد پر ظلم کرے گا یا اس کے حقوق میں کمی کرے گا یا اس کی طاقت سے زیادہ اس پر بوجھ ڈالے گا یا اس سے اس کی مرضی کے خلاف کوئی چیز حاصل کرے گا، اس کے خلاف قیامت کے دن میں خود مستغیث بنوں گا"۔

مذہبی آزادی

ذمی اپنی بستیوں میں مذہبی فرائض بجالانے میں آزاد ہوں گے اور ان کے مذہبی حقوق پر کسی قسم کی پابندی عائد نہیں کی جائے گی۔

ارشادِ الٰہی ہے:

﴿ لَآ إِكۡرَاهَ فِي ٱلدِّينِۖ ﴾ (6)

(دین میں کوئی جبر نہیں۔)

حضرت ابو عبیدہ رضی اللہ عنہ نے تلوار کے ذریعہ فتح کیے ہوئے مقامات کی فہرست دینے کے بعد حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو لکھا کہ "سارے مقامات بزور شمشیر فتح ہوئے اور ان میں ان کے باشندوں کو ان کے مذہب و شریعت کی پوری آزادی کے ساتھ بسنے کی اجازت دی گئی"۔ (7)

حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کے عہد میں حیرہ کی فتح کے بعد حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ نے جو اہل حیرہ سے معاہدہ کیا، اس میں لکھا:

"لا يهدم لهم بيعة ولا كنيسة ولا يمنعون من ضرب النواقيس ولا من إخراج الصلبان في يوم عيدهم" (8)

(ان کی خانقاہیں اور گرجے پیوند خاک نہیں کیے جائیں گے۔ نہ ان کے عید کے دن ان کو ناقوس کے بجانے اور صلیبیں نکالنے سے روکا جائے گا۔)

اور شام کے پادری کو یہ ضمانتیں دیں:

"ولا يهدم لهم بيعة ولا كنيسة وعلى أن يضربوا نواقيسهم في أي ساعة شاؤا من الليل أو نهار إلا في أوقات الصلوة وعلى أن يخرجوا الصلبان في أيام عيدهم". (9)

(ان کی خانقاہیں اور گرجے نہ ڈھائے جائیں گے۔ وہ نماز کے اوقات کے علاوہ رات دن جب چاہیں ناقوس بجاسکتے ہیں اور عید کے موقع پر صلیبیں نکال سکتے ہیں۔)

جان کی حفاظت

اسلام نے اقلیتوں کی جان مسلمانوں کی جان کے برابر قرار دی ہے۔ اگر کوئی مسلمان کسی ذمی کو قتل کرے گا، تو قاتل کو مقتول کے قصاص میں قتل کر دیا جائے گا۔ اگر مقتول کے ورثاء قصاص لینے کی بجائے خون بہا لینے پر راضی ہو جائیں تو قاتل کو خون بہا دینا ہو گا۔

سنن بیہقی کی روایت ہے کہ عہد نبوی میں ایک مسلمان نے ایک ذمی کو قتل کر دیا۔ مقدمہ رسول ﷺ کی خدمت میں پیش ہوا تو آپ ﷺ نے فرمایا کہ مجھ پر ذمی کے عہد کو پورا کرنے کی زیادہ ذمہ داری ہے اور مسلمان کو قصاص میں قتل کر دیا[10]۔

قبیلہ بکر بن وائل کے ایک مسلمان نے حیرہ کے ایک عیسائی کو قتل کر دیا۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو اس کی اطلاع دی گئی تو آپ رضی اللہ عنہ نے لکھ بھیجا کہ قاتل مقتول کے ورثاء کے حوالے کر دیا جائے، چنانچہ قاتل حنین نامی ایک شخص جو مقتول کے ورثاء میں سے تھا، کے سپرد کر دیا گیا اور اس نے اس کو قتل کر دیا[11]۔

حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے زمانہ میں ایک مسلمان نے شام کے ایک قبطی کو قتل کر دیا۔ مقدمہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی خدمت میں پیش ہوا تو آپ رضی اللہ عنہ نے قاتل کو قتل کرنے کا حکم دیا، لیکن حضرت زبیر بن عوام رضی اللہ عنہ اور بعض دوسرے صحابہ کی وجہ سے قصاص معاف ہو گیا، اور مقتول کے ورثاء کو مسلمان کی دیت کے برابر ایک ہزار دینار دیت دلوائی[12]۔

حضرت عمر بن عبد العزیز رحمۃ اللہ علیہ کے عہد میں ایک مسلمان نے ایک ذمی کو قتل کر دیا، تو آپ رحمۃ اللہ علیہ نے مسلمان کو ذمی کے ورثاء کے سپرد کر دیا کہ وہ چاہیں معاف کر دیں، اور چاہیں تو قصاص میں قتل کر دیں۔ انہوں نے قتل کر دیا۔[13]

مال کی حفاظت

ذمی کی جان کی حفاظت کی طرح اس کے مال کی حفاظت بھی اسلامی حکومت کے ذمہ ہے۔ ذمیوں کے قبضہ میں جس قدر زمینیں تھیں انہیں کی تحویل میں رہنے دیں۔ اگر خلیفہ کو مسجد یا اور کسی عمارت کی غرض سے زمین لینے کی ضرورت ہوتی تو معاوضہ دے کر لی جاتی تھی۔

کتاب الخراج میں ہے:

"جب عراق فتح ہوا تو صحابہ رضی اللہ عنہم کی رائے تھی کہ ان کی اراضی مجاہدین میں تقسیم کر دی جائے لیکن حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی یہ رائے تھی کہ زمینداروں اور کاشتکاروں کی تحویل میں رہنے دی جائے۔ کئی دن بحث و مباحثہ ہوتا رہا، آخر کار یہ ٹھہرا کہ مہاجرین اور انصار سے مشورہ کیا جائے۔ چنانچہ ایک اجتماع ہوا۔ انصار میں سے دس آدمی اپنے قبیلہ کی طرف سے حاضر ہوئے اور بڑے بڑے مہاجرین صحابہ یعنی حضرت علی، حضرت عثمان، حضرت طلحہ، حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بھی موجود تھے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کھڑے ہو کر اپنے خیالات کا اظہار کیا، حضرت بلال اور حضرت عبد الرحمن بن عوف رضی اللہ عنہ مخالف رہے، لیکن عام رائے یہی ہوئی کہ ذمیوں کو ان کی زمینوں سے بے دخل نہ کیا جائے، بلکہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے قرآن مجید کی ایک آیت سے استدلال کیا، تو ان کو مجبور ہونا پڑا اور تمام صحابہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی رائے سے متفق ہو گئے"۔ (14)

چنانچہ عراق کی کل اراضی زمینداروں کے قبضہ میں رہنے دی گئی، ان کو مالکانہ حقوق دے دیے گئے۔ مصر کی اراضی بھی مالکان کے قبضہ میں رہنے دی گئی۔

اگر حکومت کو زمین کی ضرورت پڑتی، تو مالک کو معاوضہ دیا جاتا تھا۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے زمانہ میں ایک شخص نے دجلہ کے کنارے گھوڑوں کے پالنے کے لیے ایک رمنہ بنانا چاہا۔ آپ نے حضرت ابو موسی اشعری رضی اللہ عنہ کو جو بصرہ کے گورنر تھے، لکھا کہ اگر وہ زمین ذمیوں کی نہ ہو اور اس میں ذمیوں کی نہروں اور کنوؤں کا پانی نہ آتا ہو، تو سائل کو زمین دے دی جائے (15)۔

حضرت عمر رضی اللہ عنہ جابیہ میں تھے کہ ایک ذمی نے شکایت کی کہ لوگوں نے اس کا انگوروں کا باغ تباہ کر دیا ہے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ تحقیق کے لیے خود وہاں گئے۔ دیکھا کہ ان کے ساتھیوں میں سے ایک صاحب ڈھال میں انگور لیے جا رہا ہے۔ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا! اچھا آپ بھی ہیں۔ اس نے جواب دیا: امیر

المؤمنین رضی اللہ عنہ! بھوک شدت سے لگی ہوئی تھی، اس وجہ سے یہ حرکت کی ہے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے حکم دیا کہ باغ کے مالک کو اس کے انگوروں کی قیمت ادا کر دی جائے[16]۔

تحفظ عزت

اسلامی ریاست میں غیر مسلم کی عزت وناموس کو بھی وہی تحفظ حاصل ہے، جس طرح ایک مسلمان کی عزت وآبرو کو۔

حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے عہد خلافت میں حمص کے گورنر حضرت عمیر بن سعد رضی اللہ عنہ کی زبان سے کسی ذمی کے متعلق أخزاك الله (اللہ تجھے رسوا کرے) کا کلمہ نکل گیا۔ اس پر حضرت عمیر بن سعد رضی اللہ عنہ کو سخت ندامت ہوئی اور اپنے عہدے سے استعفیٰ دے دیا، اور فرمایا کہ اس منصب کے غرور میں مجھ سے یہ گناہ سرزد ہوا ہے، لہذا یہ عدل وانصاف کے خلاف ہے کہ میں اس منصب پر فائز رہوں[17]۔

در المختار میں لکھا ہے: "اس کو تکلیف دینے سے باز رہنا واجب ہے اور اس کی غیبت اس طرح حرام ہے جیسی مسلم کی غیبت حرام ہے"[18]۔

مالی کفالت

ذمی کسی معذوری کی وجہ سے روزی کمانے سے عاجز آجائے تو اس کے گزارے کے لیے بیت المال سے وظیفہ مقرر کیا جائے گا۔

حضرت عمر بن عبد العزیز رحمۃ اللہ علیہ نے اپنے عامل عدی بن ارطاۃ کو حکم بھیجا کہ اپنے علاقہ کے ذمیوں کے حالات معلوم کرو، جو بوڑھے ہو چکے ہیں اور روزی کمانے کے قابل نہیں رہے، تو ان کے گزران کے لیے بیت المال سے وظیفہ مقرر کیا جائے۔ مجھے معلوم ہوا ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ایک بوڑھے ذمی کو دیکھا کہ در در بھیک مانگتا پھرتا تھا، آپ رضی اللہ عنہ نے اس سے فرمایا: ہم نے تمہارے ساتھ اچھا سلوک نہیں کیا۔ جب تم جوان تھے اور کماتے تھے تو ہم نے تم سے جزیہ وصول کیا۔ اب جب تم کمانے کے قابل نہیں رہے تو ہم نے تم کو نظر انداز کر دیا ہے۔ اس کے بعد آپ رضی اللہ عنہ نے اس کے لیے وظیفہ مقرر کر دیا[19]۔

خالد بن ولید رضی اللہ عنہ نے فتح حیرہ کے وقت جو معاہدہ کیا تھا، اس میں درج کیا:

"میں نے ان کو یہ حق دیا کہ اگر کوئی بوڑھا کام کرنے سے معذور ہو جائے یا اس پر کوئی مصیبت آن پڑے یا پہلے دولت مند تھا، پھر مفلس ہو گیا اور اس وجہ سے اس کے ہم مذہب اس کو خیرات دینے لگے تو اس کا جزیہ موقوف کر دیا جائے گا، اور اس کا اور اس کے اہل وعیال کا نفقہ مسلمانوں کے بیت المال سے مقرر کر دیا جائے گا جب تک وہ مسلمانوں کے ملک میں رہے۔ اگر وہ اسلامی ملک سے چلا جائے تو مسلمانوں پر اس کے اہل وعیال کا نفقہ واجب نہ ہو گا"۔ (20)

اقتصادی آزادی

اسلامی ریاست میں اقلیتوں کو اقتصادی آزادی حاصل ہوئی ہے۔ ان کو کمانے اور خرچ کرنے میں مکمل آزادی ہوتی ہے۔ یہاں تک کہ بعض ایسی چیزوں کی تجارت کرنا جو ایک مسلمان کے لیے حرام ہے مگر اقلیتوں کو اجازت ہے۔ جیسے شراب اور خنزیر کی خرید و فروخت۔

سیاسی حقوق

اسلامی ریاست میں غیر مسلم رعایا کو یہ حق حاصل ہے کہ خلیفہ ملکی امور میں ان سے مشورہ لے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے زمانے میں بنیامین نامی مصری قبطیوں کا ایک سردار تھا۔ جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو معلوم ہوا کہ وہ اپنی قوم میں بااثر شخص ہے تو حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ کو لکھ بھیجا کہ انتظامی امور میں اس سے مشورہ لیں (21)۔

اسی طرح اقلیتوں کے امور میں انہی کی رائے معتبر تصور ہو گی۔ عراق کے انتظام کے وقت وہاں کے قائدین کو مدینہ بلوایا اور ان سے مشورہ لیا۔ ایسا ہی مصر کے اقلیتی لیڈر مقوقس کی رائے لینے کے بعد وہاں انتظامی امور کا فیصلہ فرمایا تھا۔

مذہبی قانون میں آزادی

اسلام نے اقلیتوں کے اپنے مذہبی قانون میں ہر قسم کی آزادی دی ہے۔ اسلامی عدالت میں ان کے قانون کے مطابق ہی فیصلے ہوں گے۔ اہل نجران کے معاہدہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے واضح طور پر فرمادیا تھا کہ ان کے خالص مذہبی امور میں کوئی مداخلت نہیں کی جائے گی (22)۔ خلفائے راشدین رضی اللہ عنہم

کے دور میں اس پر عمل ہوتا رہا۔ حضرت عمر بن عبد العزیز رحمۃ اللہ علیہ نے حضرت حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ سے پوچھا: "کیا وجہ ہے کہ خلفائے راشدین رضی اللہ عنہم نے ذمیوں کو محرمات کے ساتھ نکاح، شراب اور خنزیر کے معاملہ میں آزاد چھوڑ دیا ہے"۔ تو حضرت حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ نے جواب دیا۔ انہوں نے جزیہ دینا اس وجہ سے قبول کیا ہے کہ انہیں ان کے عقیدے کے مطابق زندگی بسر کرنے کی آزادی دی جائے۔ آپ رحمۃ اللہ علیہ کا کام انہی کے نقش نقدم کی پیروی کرنا ہے اور اپنی طرف سے کوئی نئی بات ایجاد نہیں کرنی چاہیے"[23]۔

علامہ ابو الحسن ماوردی رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں:

> "انہیں اپنے حقوق اپنے حکام کے پاس لے جانے میں کسی قسم کی ممانعت نہیں کی جاسکتی۔"[24]

ابن الفقیہ لکھتے ہیں:

> "جن عیسائیوں نے مفتوحہ ملک میں رہنا پسند کیا، ان کے مال وجان کی پوری حفاظت کی گئی۔ انہیں پورا حق حاصل تھا کہ اپنے طور پر اپنی عبادت کریں۔ معینہ حدود میں انہی کے قوانین رائج تھے۔ بعض ملکی اور قومی عہدوں پر ان کا تقرر کیا گیا۔ ان کی عورتوں کو اجازت تھی کہ وہ فاتحین کے ساتھ شادی بیاہ کریں۔ غرض ازروئے قانون ان کے ساتھ کوئی ایسا برتاؤ نہیں کیا جاتا تھا جس سے مفتوح یا غلام معلوم ہوں"[25]۔

دفاعی نظام اور اقلیت

اسلامی ریاست کسی اقلیت کو جبری طور پر فوج میں بھرتی نہیں کر سکتی۔ کیونکہ اسلامی حکومت ان سے ایک دفاعی ٹیکس لیتی ہے اور اقلیت کے ہر فرد کی جان، مال اور ناموس کی حفاظت کی ذمہ دار ہے۔ اس دفاعی ٹیکس سے بچے، بوڑھے، عورت اور اپاہج وغیرہ مستثنیٰ ہوتے ہیں۔ اگر اسلامی حکومت ان کی حفاظت نہ کر سکے، تو وہ دفاعی ٹیکس واپس کرنا پڑتا ہے۔

"حضرت ابو عبیدہ رضی اللہ عنہ کے عہد گورنری میں رومیوں کے ساتھ ایک دفعہ شام کی لڑائی میں مسلمان کچھ پسپا ہو گئے تھے، تو اس وقت ابو عبیدہ رضی اللہ عنہ نے اقلیتوں سے لیا ہوا ٹیکس یہ کہہ کر واپس کر دیا کہ تمہاری حفاظت کے بدلہ میں یہ لیا گیا تھا۔ اس وقت ہم تمہاری حفاظت نہ کر سکے، اس لیے ہمیں اس کے رکھنے کا کوئی حق نہیں"[26]۔

البتہ جو غیر مسلم اپنی خوشی سے فوج میں بھرتی ہو اچاہے اس سے یہ جزیہ وصول نہیں کیا جاتا بلکہ اس کو فوجی وظیفہ بھی ملتا ہے۔ "معاہدہ آذربائیجان میں یہ واضح طور پر لکھا تھا کہ اقلیت کے وہ افراد جو اسلامی فوج میں حصہ لیں گے۔ ان سے اس سال کا جزیہ نہیں لیا جائے گا"[27]۔

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں کہ اسلامی حکومت میں رہنے والے غیر مسلم باشندے اگر اپنی مرضی سے فوج میں بھرتی ہوں، تو حکومت کو ان سے خدمت لینے میں کوئی حرج نہیں اور اس کے عوض ان کو عطیہ یعنی مال غنیمت سے کچھ دیا جائے گا"[28]۔

ریاستی ملازمت

سرکاری ملازمتوں پر اسلام غیر مسلموں (اقلیتوں) کو بھی ان کی صلاحیت کے مطابق ملازمت کا موقع دیتا ہے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے جب اپنے عہد خلافت میں قاہرہ سے بحر احمر تک ایک نالی کھدوائی تھی تو اس وقت آپ رضی اللہ عنہ نے ایک ذمی کو انجینئر مقرر فرمایا تھا[29]۔ حضرت سید احمد شہید رحمۃ اللہ علیہ نے اپنے زمانہ میں ایک ہندو کو اسلحہ خانہ کا نگران مقرر کیا تھا[30]۔

قانونی مساوات

اسلامی حکومت میں مسلمان اور غیر مسلم قانون کی نظر میں برابر ہے۔ دنیا میں کوئی ایسی مثال نہیں کہ فاتح قوم نے مغلوب قوم کو قانون میں اپنے برابر قرار دیا ہے۔ یہ امتیاز بھی اسلام کو حاصل ہے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اہل نجران کو یہ تحریر فرمادیا تھا کہ ان میں سے اگر کوئی حق کا دعوی لے کر حاضر ہو، تو اس کے ساتھ غیر جانبدارانہ انصاف کیا جائے گا[31]۔

حضرت علی رضی اللہ عنہ کے عہد خلافت میں ایک یہودی نے ان کی زرہ چوری کرلی تھی۔ آپ رضی اللہ عنہ قاضی کی عدالت میں حاضر ہوئے اور ان کے دو گواہ تھے۔ ایک حضرت حسن بن علی رضی اللہ عنہما اور دوسرے ان کے غلام۔ لیکن قاضی نے باپ کے حق میں بیٹے کی شہادت اور آقا کے حق میں غلام کی گواہی کو مسترد کر دیا اور یہودی کے حق میں فیصلہ صادر فرمادیا۔ یہودی اسلام کے اس عدل وانصاف کے اعلی معیار کو دیکھ کر مسلمان ہو گیا[32]۔

اسلام نے اپنی ریاست کے حکام بالا کو اپنی رعایا کے ساتھ ہر معاملہ میں نرمی اور شفقت کا درس دیا ہے، خواہ یہ رعایا مسلمان باشندوں پر مشتمل ہو یا غیر مسلموں پر۔ تمام صورتوں میں شفقت، رحم، نرمی کو بروئے کار لانے کی تلقین کی۔

حضرت موسیٰ علیہ السلام اور ہارون علیہ السلام کو جب اللہ تعالیٰ نے فرعون کو پیغام حق پہنچانے کے لیے حکم دیا، تو ارشاد فرمایا: ﴿ فَقُولَا لَهُۥ قَوْلًا لَّيِّنًا لَّعَلَّهُۥ يَتَذَكَّرُ أَوْ يَخْشَىٰ ﴾ (33)

(سو تم دونوں اس سے نرم بات کہنا شاید وہ نصیحت حاصل کرے یا ڈرے۔)

اللہ تعالیٰ نبی کریم ﷺ کو خطاب کر کے فرماتا ہے:

﴿ فَبِمَا رَحْمَةٍ مِّنَ ٱللَّهِ لِنتَ لَهُمْ ۖ وَلَوْ كُنتَ فَظًّا غَلِيظَ ٱلْقَلْبِ لَٱنفَضُّوا۟ مِنْ حَوْلِكَ ۖ فَٱعْفُ عَنْهُمْ وَٱسْتَغْفِرْ لَهُمْ ﴾ (34)

(سو اللہ تعالیٰ کی رحمت تو ان کے لیے نرم ہے اور اگر تو سخت کلام سخت دل ہوتا، تو تیرے ارد گرد سے تتر بتر ہو جاتے پس تو ان کو معاف کر اور ان کے لیے بخشش مانگ۔)

رسول اللہ ﷺ فرماتے ہیں:

((مَنْ يُحْرَمِ الرِّفْقَ، يُحْرَمِ الْخَيْرَ)) (35)

(جو نرمی سے محروم رہا وہ بھلائی سے محروم رہا۔)

دوسری جگہ ارشادِ نبوی ہے:

((أَلَا أُخْبِرُكُمْ بِمَنْ يَحْرُمُ عَلَى النَّارِ أَوْ بِمَنْ تَحْرُمُ عَلَيْهِ النَّارُ، عَلَى كُلِّ قَرِيبٍ هَيِّنٍ سَهْلٍ)) (36)

(کیا میں تم لوگوں کو بتاؤں کہ کون شخص آگ پر حرام ہے اور کس پر آگ حرام ہے۔ ہر اس شخص پر جو نرم مزاج، نرم، لوگوں سے قریب ہونے والا ہو اور نرم خو ہو۔)

رسول کریم ﷺ نے ایک دفعہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے فرمایا:

((عَلَيكِ بالرِّفْقِ، وإِيَّاكِ والعُنْفَ والفُحْشَ فَإِنَّ الرِّفْقَ لَا يَكُونُ فِي شَيْءٍ إِلَّا زَانَهُ، وَلَا يُنْزَعُ مِنْ شَيْءٍ إِلَّا شَانَهُ)). (37)

(تم نرمی کو اپنے اوپر لازم کرو اور سختی اور گالی گلوچ سے بچو۔ کیونکہ نرمی جس چیز میں ہوتی ہے اس کے لیے زینت کا باعث ہے اور جس چیز سے نرمی کھینچ لی جاتی ہے وہ اس کو عیب دار کر دیتی ہے۔)

اسلام نے کس حد تک نرمی اور رفق کی تلقین کی ہے۔ حکومت کا انتظام چلانے کے لیے یہ ضروری ہے کہ مالی استحکام ہو۔ مالیات کو مضبوط کرنے کے لیے حکومت عوام پر ٹیکس لگاتی ہے اور اس کے عوض حکومت پبلک کو سیکورٹی اور دیگر تمام سہولیات فراہم کرتی ہیں۔

ٹیکسوں کی وصولی میں نرمی

غیر مسلموں سے بھی اسلامی ریاست دو قسم کے ٹیکس، جزیہ اور خراج وصول کرتی ہے۔ اسلام جزیہ اور خراج کی وصولی میں سختی کو منع کرتا ہے۔ چنانچہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے شام کے گورنر حضرت ابوعبیدہ رضی اللہ عنہ کو لکھا کہ مسلمانوں کو ان (ذمیوں) پر ظلم کرنے اور انہیں ستانے اور ناجائز طریقے سے ان کے مال کھانے سے منع کرو[38]۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ جزیہ کی وصولی کے بعد خفیہ طور پر تفتیش کرتے تھے کہ ان پر کسی قسم کا دباؤ ڈال کر تو جزیہ وصول نہیں کیا گیا۔

ذمیوں کے پرسنل لاء کا تحفظ

اسلام نے اپنی ریاست میں ذمیوں (غیر مسلموں) کو اپنے مذہبی قانون میں ہر قسم کی آزادی دی ہے۔ اسلامی عدالت میں ان کے قانون کے مطابق ہی فیصلے ہوں گے۔ اہلِ نجران کے معاہدہ میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے صاف طور پر فرما دیا تھا کہ ان کے خالص مذہبی امور میں کوئی مداخلت نہیں کی جائے گی[39]۔

خلفاء راشدین کے دور میں بھی اس پر عمل ہوتا رہا۔ حضرت عمر بن عبدالعزیز رحمۃ اللہ علیہ نے حضرت حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ سے پوچھا: "کیا وجہ ہے کہ خلفائے راشدین نے ذمیوں کو محرمات کے ساتھ نکاح، شراب اور خنزیر کے معاملہ میں آزاد چھوڑ دیا ہے"؟ حضرت حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ نے جواب دیا: "انہوں نے جزیہ دینا اس وجہ سے قبول کیا ہے کہ انہیں ان کے عقیدے کے مطابق زندگی بسر کرنے کی آزادی دی جائے۔ آپ کا کام انہی کے نقش قدم کی پیروی کرنا ہے اور اپنی طرف سے کوئی نئی بات ایجاد نہیں کرنی ہے"[40]۔

علامہ ابو الحسن ماوردی رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں:

"انہیں (ذمیوں) کو اپنے حقوق اپنے حکام کے پاس لے جانے میں کسی قسم کی ممانعت نہیں کی جاسکتی"[41]۔

آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم نے مدینہ منورہ کو جب پہلی اسلامی ریاست کا شرف بخشا، تو سب سے پہلے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی سیاسی بصیرت اور اعلیٰ حکمت و تدبر سے کام لیتے ہوئے مدینہ منورہ کی جملہ اقوام بالخصوص یہود سے ایک تحریری معاہدہ کیا تاکہ نسل و مذہب کا اختلاف ختم ہو اور قومی وحدت تشکیل پاسکے اور سب کو اسلامی تہذیب و تمدن میں ایک دوسرے کا تعاون حاصل ہو۔ یہ صحیفۂ مدینہ "میثاق مدینہ" کے نام سے مشہور ہے۔ اس معاہدہ میں کہا گیا کہ "یہودیوں کو مکمل طور پر مذہبی آزادی ہو گی۔ خون بہا اور فدیہ کا قدیم طریقہ قائم رہے گا۔ یہودی اور مسلمان آپس میں دوست رہیں گے۔ یہودیوں کے دوست قبائل کے حقوق بھی یہودیوں کے برابر ہوں گے"[42]۔

مسلمانوں نے سپین کو جب فتح کیا، تو بہت سے غیر مسلم مسلمانوں سے خوف زدہ ہو کر بھاگنے لگے مگر مسلم حکومت نے ذمیوں سے بہت اچھا سلوک کیا۔

تاریخ سپین کا مصنف لکھتا ہے:

"جن عیسائیوں نے مفتوحہ ملک میں رہنا پسند کیا۔ ان کے مال و جان کی پوری حفاظت کی گئی۔ انہیں پورا حق حاصل تھا کہ اپنے طور پر اپنی عبادت کریں، معینہ حدود میں انہی کے قوانین رائج تھے۔ بعض ملکی اور قومی عہدوں پر ان کا تقرر کیا گیا۔ ان کی عورتوں کو اجازت تھی کہ وہ فاتحوں کے ساتھ شادی بیاہ کریں غرض از روئے قانون ان کے ساتھ کوئی ایسا برتاؤ نہیں کیا جاتا تھا جس سے مفتوح یا غلام معلوم ہوں"[43]۔

تاریخ کے اوراق پلٹنے سے پتہ چلتا ہے کہ جب سے ریاست نے جنم لیا ہے، اقلیتوں اور ماتحت اقوام کا وجود ذلت اور مسکنت کا نشانہ بنا رہا ہے۔ محکوم قوم نے حاکم قوم کے تحت ذلیل و خوار ہو کر زندگی گزاری، اور اگر محکوم قوم کو غالب آنے کا موقع مل گیا تو اس نے اپنی سابقہ ذلت اور رسوائی کا انتقام لیا۔ غلامی کا رواج بھی اسی ظلم و عدوان کا نتیجہ ہے۔ محکوم قوم غلام تصور کی جاتی تھی۔ ان کو معاشرتی، اقتصادی، سیاسی اور مذہبی آزادی سے محروم کر دیا جاتا تھا۔

اسلام سے قبل تمام متمدن حکومتوں میں اقلیتوں کی حالت ناگفتہ اور المناک تھی۔ انسانیت سے ہٹ کر جانوروں سے بھی بدتر سلوک کیا جارہا تھا۔ عزت نفس اور تمام انسانی حقوق کو پامال کیا جارہا ہے۔ اسلام ہی ایک ایسا مذہب ہے جس نے اپنی قائم کردہ ریاست میں تمام ذمیوں (اقلیتوں) کو وہ حقوق دیے جو ان کی عزت نفس اور معاشرتی، اخلاقی، اقتصادی، سیاسی اور مذہبی بقا کے لیے ضروری تھے۔ حاکم و محکوم، آقا و غلام، کالے و گورے، غریب و امیر، اعلیٰ وادنیٰ، مسلم و غیر مسلم کے تمام انسانی امتیازات اور اختلافات کو ختم کر دیا۔ تاکہ کسی بھی اسلامی ریاست کے تمام شہری اتحاد و اتفاق کی لڑی میں اپنے آپ کو پرو کر ریاست کے قیام وبقا اور ترقی و عروج کے لیے جدوجہد کر سکیں۔

حوالہ جات وحواشی

1) سورۃ الإسراء:34

2) سورۃ الأنفال:72

3) طبری، ابو جعفر محمد بن جریر، تاریخ الأمم والملوک، بیروت لبنان، ص:۲۴۶۷

4) ابن جوزی، جمال الدین، أسد الغابۃ فی معرفۃ الصحابۃ، دار الکتب العلمیۃ، بیروت لبنان، ص:۱۴۷

5) بلاذری، احمد بن یحیی بن جابر، فتوح البلدان، مکتبہ قاہرہ، مصر، ۱۹۰۵، ص:۱۳۷

6) سورۃ البقرۃ:256

7) ابن حجر عسقلانی، ابو الفضل احمد بن علی، الإصابۃ فی تمیز الصحابۃ، مکتبہ الکلیات الازہریہ، مصر؛ ص:۱۷۷

8) ابن عبد البر، یوسف بن عبد اللہ، الإستیعاب فی معرفۃ الأصحاب، مکتبہ الکلیات الازہریہ، مصر؛ ص:۱۸۵

9) رضا محمد، ابو بکر الصدیق اول خلفاء الراشدین، دار الکتب العلمیہ، بیروت، لبنان: ص:۸۷

10) بیہقی، ابو بکر احمد بن حسین، شعب الإیمان، دار الکتب العلمیہ، ۱۹۹۰ء، بیروت، لبنان؛ ص:۱۷۲

11) الدکتور حسن ابراہیم حسن، تاریخ الإسلام السیاسی والدینی والإجتماعی، مکتبۃ النھضۃ المصریۃ، م؛ الطبعۃ السابعۃ، ۱۹۶۴، ص:۱/۱۰۷

12) سیوطی، جلال الدین، عبد الرحمان بن ابی بکر بن محمد، تاریخ الخلفاء، مطبعۃ السعاد، مصر: ۱۹۵۲، ص:۸۵

13) ابن جوزی، جمال الدین ابو الفرج، سیرۃ عمر بن عبد العزیز، دار الکتب العلمیہ، بیروت، لبنان: ص:۹۵

14) امام ابو یوسف، یعقوب بن ابراہیم، کتاب الخراج، دار المعرفۃ، ص:۲۱۹

15) طبری، ابو جعفر محمد بن جریر، تاریخ الأمم والملوک، ص:۲۵۷۰

16) أیضاً

17) خلیل، محمد علی، خلفاء راشدین، دار عالم الکتب، تہران: ۱۹۲۱ء، ص:۲۲۴

18) حصکفی، علاء الدین، در المختار، دیوان الأوقاف المصریہ، مصر: ۱۲۵۶ھ، ص:۱۳۲

19) ابن اثیر، علی بن ابی المکرم، الکامل فی التاریخ، دار صادر بیروت، لبنان: ۱۳۹۹ھ، ص:۵/۱۹۵

20) شبلی، ابو زید، تاریخ خالد بن ولید، قاہرہ، مصر: ۱۹۳۳ھ، ص:۲۲۷

21) ابن سعد، ابو عبد اللہ محمد بن سعد، الطبقات الکبری، دار صادر، بیروت، لبنان: ۱۹۶۸ء، ص:۵/۲۱۵

22) ابن ہشام، ابو محمد عبد الملک بن ہشام، السیرۃ النبویۃ، مطبعۃ مصطفی البابی، الحلبی واولادہ، مصر: ۱۳۵۵ھ، ص: ۱۷۸

23) ابن جوزی، عبد الرحمن بن علی بن محمد بن علی، سیرۃ عمر بن عبد العزیز، الناشر: دار الکتب العلمیۃ 1984 ص: ۱۴۴

24) الماوردی، ابو الحسن علی بن محمد بن حبیب، الأحکام السلطانیہ، مکتبہ محمودیہ تجاریہ، مصر، ص: ۲۲۷

25) ابن الفقیہ، ابو بکر احمد بن محمد بن اسحق، کتاب البلدان، مطبعۃ بریل، لندن ۱۸۸۶ء، ص: ۲۳۶

26) ندوی، معین الدین، تاریخ الإسلام، ایم۔ ایچ کمپنی کراچی: ۱۹۷۴ء، ص: ۲/۱۸۸

27) أیضاً

28) شافعی امام ابو عبد اللہ بن ادریس، کتاب الأم، دار الفکر العربی، قاہرہ، مصر: ۱۳۸۱ھ، ص: ۲۳۲

29) عبد الوہاب، الخلفاء الراشدون، دار الکتب العلمیہ، بیروت، لبنان: ص: ۱۴۲

30) سید، محمد میاں، علماء ہند کا شاندار ماضی، مکتبہ محمودیہ، لاہور: ۱۹۷۷ء، ص: ۲۰۹

31) ابن حزم، ابو محمد علی بن احمد بن سعید، جمھرۃ أنساب العرب، دار الکتب العلمیہ، بیروت، لبنان: ۱۴۰۶ھ، ص: ۲۶۹

32) ابو نعیم، أحمد بن عبد اللہ الأصفھانی، حلیۃ الأولیاء وطبقات الأصفیاء، مکتبۃ الخانجی ودار الفکر العربی، بیروت، لبنان 1416-1996، ص: 4/139

33) سورۃ طہ: ۴۴

34) سورۃ آل عمران: ۱۵۹

35) القشیری، امام مسلم بن الحجاج، صحیح مسلم، کتاب البر والصلۃ، باب فی فضل الرفق، المصریۃ القدیمۃ بیروت، لبنان: ۱۹۰۰ء، حدیث نمبر: ۶۷۹۴ ص: ۹/۱۹۷

36) ابو عیسی محمد بن عیسی، جامع الترمذی، ابواب الزہد عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم باب ما جاء فی الزھادۃ فی الدنیا، دار الکتب العلمیۃ بیروت، لبنان: ۱۹۵۸ء، حدیث نمبر: 2412، ص: ۹/۲۸

37) مسند احمد، مسند عائشہ، بتحقیق أحمد محمد شاکر وحمزۃ الزین مطبعہ دار الحدیث، حدیث نمبر ۲۳۷۹۱، ص: ۱۲/۴۴۷

38) ابن خلدون، عبد الرحمان، مقدمہ ابن خلدون، مکتبہ دار الباز، مکہ مکرمہ: ۱۹۹۳ء، ص:332
39) توکلی، نور بخش، سیرت رسول عربی، فرید بکسٹال اردو بازار لاہور، ۱۹۷۹ء، ص: ۳۱۵
40) ابو عبیدہ القاسم بن سلام، کتاب الاموال، دار الفکر العربی، مصر: ۱۳۵۳ھ، ص: ۳۶
41) الماوردی، الأحکام السلطانیہ، ص: ۲۳۲
42) احمد بن ابو یعقوب، تاریخ یعقوبی، دار المعرفۃ، بیروت، لبنان، ص:229
43) عبد اللہ العمادی، تاریخ طبری (اردو)، نفیس اکیڈمی، کراچی: ۱۹۸۱ء، ص:169

****

صلح حدیبیہ: آنحضرت کی ﷺ سیاسی، معاشرتی اور دفاعی حکمت عملی

Hudaibiya's Truce:Political,Social and Deffensive Strategy of the Holy Prophet S.A.W

بریگیڈئیر (ر) ڈاکٹر فضل ربی*

ارم سلطانہ**

ABSTRACT

Hazrat Muhammad ﷺ is the last Apostle to human beings. He was gifted with a divine Deen having complete code of life. Every field of life has been discussed in the Holy Quran and Sunnah of the Prophet ﷺ. As an Apostle, head of the state and army commander, He guided the mankind and provided an excellent example in all the perspectives of life.

As a commander of the Islamic forces, the Holy Prophet ﷺ fought twenty seven Ghazwat after migration to Madina. In Zeqaida 6 AH, during the pact of Hudaibia a complete turn was taken by Muslims. After this event, the Muslim army role changed to offensive rather than defensive. Immediately, after the pact, the Holy Prophet ﷺ attacked on Khyber in Muharram 7th AH, while the whole Hijaz region was captured during the Ghazwa Fath-i-Makkah.

In this article, the strategy and tactics employed by the Holy Prophet ﷺ during Hudaibia truce have been discussed. These tactics are useful and beneficial in modern era warfare also. As an ideal for all the Ummah, lessons should be extracted by the commanders to defend their motherland and ideological boundries.

Keywords: *Hudaibia, Prophet Muhammad ﷺ, tactics, strategy, Makkah, Hudaibia Pact*

---

* چیف ایسوسی ایٹس اکیڈیمکس، فاونڈیشن یونیورسٹی، اسلام آباد

** لیکچرار، شعبہ علوم اسلامیہ، نیشنل یونیورسٹی آف ماڈرن لینگویجز، اسلام آباد

اسلام کا مادہ "سلم" (س ل م) سے ہے جس کے معنی سلامتی اور صلح کے ہیں۔ اسلام امن اور سلامتی کا دین ہے۔ بنیادی طور پر یہ جنگ، بغاوت اور انتشار کو پسند نہیں کرتا۔ یہی وجہ ہے کہ جب مکہ مکرمہ میں مسلمانوں کا جینا دوبھر ہو گیا تو آپ ﷺ نے مدینہ منورہ کی طرف ہجرت کا حکم دیا۔ لیکن قریش مکہ اور آس پاس کے یہود کو مسلمانوں کا مدینہ میں چین سے رہنا گوارا نہ تھا، تب ۱۳ سال تک ہر قسم کی تکالیف اور ظلم و ستم برداشت کرنے کے بعد اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں کو لڑنے کی اجازت دے دی۔ اور اذن قتال سے متعلق پہلی وحی اُتری۔

﴿ أُذِنَ لِلَّذِينَ يُقَٰتَلُونَ بِأَنَّهُمْ ظُلِمُوا۟ ۚ وَإِنَّ ٱللَّهَ عَلَىٰ نَصْرِهِمْ لَقَدِيرٌ ۝ ٱلَّذِينَ أُخْرِجُوا۟ مِن دِيَٰرِهِم بِغَيْرِ حَقٍّ إِلَّآ أَن يَقُولُوا۟ رَبُّنَا ٱللَّهُ ۗ وَلَوْلَا دَفْعُ ٱللَّهِ ٱلنَّاسَ بَعْضَهُم بِبَعْضٍ لَّهُدِّمَتْ صَوَٰمِعُ وَبِيَعٌ وَصَلَوَٰتٌ وَمَسَٰجِدُ يُذْكَرُ فِيهَا ٱسْمُ ٱللَّهِ كَثِيرًا ۗ ..... ﴾ (۱)

(جن مسلمانوں سے لڑائی کی جاتی ہے انہیں لڑنے کی اجازت ہے۔ کیونکہ ان پر ظلم ہو رہا ہے اور اللہ یقیناً ان کی مدد پر قادر ہے یہ وہ لوگ ہیں کہ اپنے گھروں سے ناحق نکال دیے گئے اس لیے کہ یہ کہتے ہیں کہ اللہ ہمارا پالنہار ہے اور اگر اللہ لوگوں کو ایک دوسرے سے نہ ہٹاتا رہتا تو (راہبوں کے) صومع، (عیسائیوں کے) گرجے، (یہودیوں کے) عبادت خانے اور (مسلمانوں کی) مساجد جن میں اللہ کا بہت سا ذکر کیا جاتا ہے برباد ہو چکی ہوتیں)۔

اسی اجازت کی بنیاد پر مسلمانوں نے ہجرت مدینہ کے بعد کئی باقاعدہ جنگیں لڑیں۔ صلح حدیبیہ کو بھی غزوات میں شامل کیا جاتا ہے۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

﴿ لَّقَدْ رَضِىَ ٱللَّهُ عَنِ ٱلْمُؤْمِنِينَ إِذْ يُبَايِعُونَكَ تَحْتَ ٱلشَّجَرَةِ فَعَلِمَ مَا فِى قُلُوبِهِمْ فَأَنزَلَ ٱلسَّكِينَةَ عَلَيْهِمْ وَأَثَٰبَهُمْ فَتْحًا قَرِيبًا ﴾ (۲)

(اللہ تعالیٰ مؤمنوں سے خوش ہو گیا جب وہ درخت کے نیچے تم سے بیعت کر رہے تھے ان کے دلوں کا حال ان کو معلوم تھا اس لئے ان پر سکینت نازل فرمائی اور ان کو انعام میں قریبی فتح بخش دی)۔

صلح حدیبیہ کا پس منظر

غزوہ احزاب (۵ ہجری) میں کفار ناکام و نامراد ہو کر لوٹ گئے تھے۔ مگر ان کے اندر اب بھی جوش موجود تھا۔ نبی کریم ﷺ نے غزوہ احزاب کے فوراً بعد بنو قریظہ کا محاصرہ کر کے انہیں بد عہدی کی سزا دی۔

سنہ ۶'۵ ہجری کے دوران محاذ حق پر مسلمانوں کو جو پے در پے فتوحات نصیب ہوئیں ان کے باعث سیاسی، اقتصادی نیز عسکری اعتبار سے اسلام کی حیثیت "جزیرہ نمائے عرب" میں پہلے سے کہیں زیادہ مستحکم و پائیدار ہو گئی اس کے ساتھ ہی رسول اللہ ﷺ کے لئے یہ امکان پیدا ہو گیا کہ قریش کی سازشوں سے بلا خوف و خطر اور اسلحہ و ساز و سامان جنگ کے بغیر مکہ کا سفر اختیار کر کے زیارت کعبہ سے مشرف ہو سکیں چنانچہ آپ ﷺ نے اندرون و بیرون مدینہ اعلان کرایا کہ لوگ اپنے اس عبادی، سیاسی سفر کی تیاری کریں۔

اسی سال نبی کریم ﷺ نے خواب دیکھا تو صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو یہ خواب سنایا اور فرمایا" میں نے دیکھا گویا میں اور مسلمان مکہ پہنچ گئے ہیں اور بیت اللہ کا طواف کر رہے ہیں"۔ خواب دیکھنے کے بعد آپ ﷺ نے آئندہ مقام کے لئے حکمت عملی وضع کرنے اور زیارت بیت اللہ کی غرض سے مکہ مکرمہ جانے کا ارادہ کیا۔ اعلان کرنے پر تقریباً چودہ (۱۴۰۰) سو سے زیادہ افراد نے اس سفر پر روانہ ہونے کے لئے آمادگی ظاہر کر دی، رسول اللہ ﷺ نے ان سے فرمایا کہ:

اس سفر پر جانے کا ہمارا مقصد جنگ نہیں بلکہ عمرہ کرنا ہے چنانچہ ہر شخص اپنے ساتھ ایک تلوار اس وجہ سے لے سکتا ہے کہ یہ مسافروں کے لئے ضروری ہے۔

آنحضرت ﷺ نے قربانی کیلئے ستر (۷۰) اونٹ اپنے ساتھ لئے۔ آپ ﷺ کے علاوہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے بھی قربانی کے مقصد کیلئے اونٹ اپنے ساتھ لئے۔ رسول اللہ ﷺ نے "ذوالحلیفہ" نامی مقام پر احرام باندھا اور پہلی ذی القعدہ سنہ ۶ ہجری کو خانہ خدا کی زیارت کی خاطر مدینہ سے مکہ کی جانب روانہ ہوئے۔[۳]

مسلمانوں کی اس مختصر تعداد کے ساتھ رسول اللہ ﷺ کا سفر مکہ اختیار کرنا اور وہ بھی عسکری ساز و سامان کے بغیر خطرات سے خالی نہ تھا کیونکہ یہ واضح تھا کہ قریش اسلام پر کاری ضرب لگانے نیز رسول

اللہ ﷺ کو اپنے راستے سے ہٹانے کے علاوہ کچھ سوچتے ہی نہیں تھے اور گزشتہ چند سالوں کے دوران ان کا سابقہ رسول اللہ ﷺ کے ساتھ میدان جنگ میں اس طرح پڑا تھا کہ ہر بار منہ کی کھائی تھی تو جب رسول اللہ ﷺ کو صحابہ کی اس مختصر جماعت کے ساتھ دیکھیں گے اور انہیں معلوم ہو گا کہ آنحضرت ﷺ بغیر اسلحہ کے تشریف لا رہے ہیں تو وہ لا محالہ اس موقع سے فائدہ اٹھانے کی کوشش گے اور رسول اللہ ﷺ کا کام ہی تمام کر دیں گے۔ چنانچہ اسی وجہ سے منافقین اور صحرا نشین عربوں نے آنحضرت ﷺ کے ساتھ مکہ جانے سے اجتناب کیا اور یہ نتیجہ اخذ کیا کہ اگر وہ مسلمانوں کی اس مختصر جماعت کے ساتھ بغیر اسلحہ کے جائیں گے تو ہر گز مدینہ واپس نہ آسکیں گے اور جب قریش اس جماعت کو معمولی ساز وسامان کے ساتھ دیکھیں گے تو انہیں نیست ونابود کر دیں گے۔[۴]

قرآن مجید نے ان کے گمان کی طرف اشارہ کرتے ہوئے فرمایا ہے کہ

﴿ بَلْ ظَنَنتُمْ أَن لَّن يَنقَلِبَ ٱلرَّسُولُ وَٱلْمُؤْمِنُونَ إِلَىٰٓ أَهْلِيهِمْ أَبَدًا وَزُيِّنَ ذَٰلِكَ فِى قُلُوبِكُمْ وَظَنَنتُمْ ظَنَّ ٱلسَّوْءِ وَكُنتُمْ قَوْمًۢا بُورًا ﴾[۵]

(مگر اصل بات وہ نہیں ہے جو تم کہہ رہے ہو) بلکہ تم نے یوں سمجھا کہ رسول اور مؤمنین اپنے گھر والوں میں ہر گز پلٹ کر نہ آسکیں گے اور یہ خیال تمہارے دلوں کو بہت بھلا لگا اور تم نے بہت برے گمان کئے اور تم سخت بد باطن لوگ ہو)۔

حضرت براء رضی اللہ عنہ سے روایت ہے آپ فرماتے ہیں۔

((تَعُدُّونَ أَنْتُمُ الْفَتْحَ، فَتْحَ مَكَّةَ، وَقَدْ كَانَ فَتْحُ مَكَّةَ فَتْحًا، وَنَحْنُ نَعُدُّ الْفَتْحَ بَيْعَةَ الرِّضْوَانِ يَوْمَ الْحُدَيْبِيَةِ، قَالَ: كُنَّا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، أَرْبَعَ عَشْرَةَ وَمِائَةً))[۶]

(اے لوگو! تم (انا فتحنا) سے مکہ کی فتح مراد لیتے ہو، بے شک مکہ کی فتح بھی ایک فتح ہی ہے، مگر ہم تو بیعت رضوان کو جو حدیبیہ میں ہوئی، فتح جانتے ہیں، چنانچہ ہم سب سو چودہ آدمی رسول اکرم ﷺ کے ہمراہ تھے)۔

عمرہ کی نیت باندھ کر قربانی کے اونٹ ساتھ لئے گئے۔ دستور عرب کے مطابق ذاتی ہتھیار (تلوار) نیام کے اندر ساتھ لے کر یہ قافلہ روانہ ہوا۔ قربانی کے جانوروں کو ذوالحلیفہ میں چھوڑ دیا۔ نبی

کریم ﷺ کی یہ پیش قدمی فوجی نظم وضبط اور حکمت عملی کے بالکل مطابق تھی۔ چودہ سو صحابہ کرام کا ایک کالم کی صورت میں آگے بڑھنا دوسرے لفظوں میں جنگی مشق تھی جسے فوجی اصطلاح میں (Exercise with Troops) کہتے ہیں۔ قریش کو اطلاع ملی تو اپنے معبودوں کی قسمیں کھا کر عہد کیا کہ نبی کریم ﷺ کو مکہ میں داخل نہیں ہونے دیں گے۔ چنانچہ انہوں نے سپاہ اسلام کو مکہ میں داخل ہونے سے روکنے کیلئے "خالد بن ولید" کو دوسو(۲۰۰) سواروں کے ہمراہ رسول اللہ ﷺ کی جانب روانہ کیا۔ رسول اللہ ﷺ نے اس خیال کے پیش نظر کہ دشمن سے مقابلہ نہ ہو راستہ کو بدل کر اپنا سفر جاری رکھا اور "حدیبیہ "(۸) نامی جگہ پر قیام فرمایا لشکر "خالد بن ولید" بھی رسول اللہ ﷺ کا تعاقب کرتا ہوا سپاہ اسلام کے نزدیک پہنچ گیا اور وہیں اس نے پڑاؤ ڈالا۔ نبی کریم ﷺ حرمت کے مہینے کے احترام اور اپنے پیش نظر اہداف ومقاصد کے تحت ہر قسم کے تصادم سے بچنے کے لئے کوشاں تھے۔

نبی کریم ﷺ نے حدیبیہ کے مقام پر پڑاو ڈالتے ہی حضرت عثمان کو قریش مکہ کی جانب روانہ کر دیا تھا تاکہ انہیں آگاہ کیا جائے کہ مسلمانوں کی آمد کا مقصد صرف عمرہ کی ادائیگی ہے نہ کہ جنگ و جدل۔ لیکن عثمان کے مکہ پہنچنے کے بعد یہ افواہ مشہور ہوگئی کہ آپ کو قتل کر دیا گیا ہے۔

بیعت رضوان

جب حضرت عثمان رضی اللہ عنہ صحیح وقت پر واپس نہ آئے تو اس افواہ کو تقویت ملی کہ انہیں قتل کر دیا گیا ہے اور یہ بات نبی کریم ﷺ اور مسلمانوں پر بہت شاق گزری۔ چنانچہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جب تک قریش کا خاتمہ نہیں کر لیتے۔ چودہ سو صحابہ رضی اللہ عنہم نے رسول اللہ ﷺ کے دست مبارک پر بیعت کی۔ یہی وہ بیعت ہے جسے "بیعت رضوان" سے تعبیر کیا گیا ہے۔ قرآن مجید نے اسے یوں بیان کیا ہے۔

﴿لَّقَدْ رَضِيَ ٱللَّهُ عَنِ ٱلْمُؤْمِنِينَ إِذْ يُبَايِعُونَكَ تَحْتَ ٱلشَّجَرَةِ فَعَلِمَ مَا فِي قُلُوبِهِمْ فَأَنزَلَ ٱلسَّكِينَةَ عَلَيْهِمْ وَأَثَٰبَهُمْ فَتْحًا قَرِيبًا﴾[۱۰]

(اللہ مؤمنین سے اس وقت خوش ہوگیا جب وہ درخت کے نیچے تم سے بیعت کر رہے تھے ان کے دلوں کا حال اس کو معلوم تھا اسی لئے اس نے ان اطمینان و پر سکون نازل فرمایا اور ان کو انعام میں عنقریب ہونے والی فتح بخشی)۔

روایت میں ہے:

((عَنْ يزيد بن أبى عُبيدة قَال قُلتُ سلمة بن الأكوع عَلَى أَيِّ شَيْءٍ بَايَعْتُمْ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ الْحُدَيْبِيَةِ قَالَ عَلَى الْمَوْتِ)) (۷)

(حضرت یزید بن ابو عبیدہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت سلمہ بن اکوع رضی اللہ عنہ سے پوچھا کہ رسول اللہ ﷺ نے آپ سے حدیبیہ کے دن کس چیز پر بیعت لی۔ انہوں نے فرمایا! "موت پر")۔

تطبیق روایات

صحیح بخاری اور جامع ترمذی کی دوسری روایات میں بیعت کی بابت لڑائی کے دوران ثابت قدمی کا ذکر ہے۔ امام ترمذی نے موت پر بیعت والی حدیث کو "حدیث حسن" صحیح کہا ہے۔ دونوں میں تطبیق یہ ہے کہ کئی صحابہ کرام نے موت پر اور کئی نے نہ بھاگنے پر بیعت کی۔

اسی بیعت میں نبی کریم ﷺ نے اپنے بائیں ہاتھ کو حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کا داہنا ہاتھ قرار دیا اور ان کی جانب سے اپنے داہنے ہاتھ پر بیعت کی۔ اس بیعت کا حال سن کر قریش خوفزدہ ہوئے اور ان کے کئی سردار یکے بعد دیگرے حدیبیہ میں آپ ﷺ کے پاس حاضر ہوئے۔ عروہ بن مسعود جو قریش کی جانب سے سفیر بن کر آیا تھا۔ تو اس نے ایسا منظر دیکھا کہ دنگ رہ گیا۔ واپسی پر قریش مکہ سے ان الفاظ میں مخاطب ہوا:

أَيُّ قَوْمٍ ، وَاللَّهِ لَقَدْ وَفَدْتُ عَلَى الْمُلُوكِ ، وَفَدْتُ عَلَى قَيْصَرَ ، وَكِسْرَى ، وَالنَّجَاشِيِّ وَاللَّهِ ، إِنْ رَأَيْتُ مَلِكًا قَطُّ يُعَظِّمُهُ أَصْحَابُهُ تَعْظِيمَ أَصْحَابِ مُحَمَّدٍ ، وَاللَّهِ ، إِنْ تَنَخَّمَ نُخَامَةً ، إِلا وَقَعَتْ فِي كَفِّ رَجُلٍ مِنْهُمْ ، فَدَلَكَ بِهَا وَجْهَهُ وَجِلْدَهُ ، فَإِذَا أَمَرَهُمُ ابْتَدَرُوا أَمْرَهُ ، وَإِذَا تَوَضَّأَ كَادُوا يَقْتَتِلُونَ عَلَى وَضُوئِهِ ، وَإِذَا تَكَلَّمُوا خَفَضُوا أَصْوَاتَهُمْ ، وَمَا يُحِدُّونَ إِلَيْهِ النَّظَرَ تَعْظِيمًا لَهُ..... (۱۱)

(اے قوم! مجھے بارہا نجاشی (شاہ حبشہ)، قیصر (شاہ روم) اور کسریٰ (شاہ ایران) کے دربار میں جانے کا اتفاق ہوا ہے، مگر مجھے ان میں سے کوئی بھی بادشاہ ایسا نظر نہیں آیا، جس کی عظمت اس کے دربار والوں کے دل میں ایسی ہو، جیسے اصحاب محمد ﷺ کے دل میں محمد ﷺ کی ہے"۔ محمد ﷺ تھوکتا ہے تو اس کا لعاب دہن زمین پر گرنے نہیں پاتا کسی نہ کسی کے ہاتھ پر گرتا ہے اور وہ شخص اس لعاب دہن کو اپنے چہرہ پر مل لیتا ہے۔ جب محمد ﷺ کوئی حکم دیتا ہے تو تعمیل کے لئے سب مبادرت کرتے ہیں۔ جب وہ وضو کرتا ہے تو آب مستعمل کو لینے کے لئے ایسے گرتے پڑتے ہیں گویا لڑائی ہو پڑے گی۔ جب وہ کلام کرتا ہے تو سب کے سب چپ چاپ ہو جاتے ہیں۔ ان کے دل میں حضرت محمد ﷺ کا اتنا ادب ہے کہ وہ اس کے سامنے نظر اٹھا کر نہیں دیکھتے۔)۔

اور آخر میں کہتا ہے میری رائے ہے کہ ان سے جس طرح بھی بنے صلح کر لو۔

مذاکرات کا آغاز

مذاکرات کے سلسلے میں قریش نے ہر دفعہ عناد، بغض اور عداوت کا مظاہرہ کیا حالانکہ نبی کریم ﷺ نے بارہا اس موقف کا اظہار بھی کر دیا تھا کہ ہم جنگ کرنے کیلئے نہیں آئے ہیں بلکہ ہمارا مقصد تو عمرہ اور زیارتِ کعبہ سے مشرف ہونا ہے لیکن ہٹ دھرم قریش نے ایسی سخت پالیسی اختیار کی کہ وہ کسی طرح بھی رسول اللہ ﷺ کے ساتھ مصالحت آمیز برتاؤ نہیں کرنا چاہتے۔ مثال کے طور پر انہوں نے رسول اللہ ﷺ کے نرم رویے کا غلط فائدہ اٹھاتے ہوئے اپنے لشکر کے پچاس (۵۰) سپاہیوں کو اس کام کے لئے مقرر کر دیا تھا کہ وہ سپاہ اسلام کے نزدیک جا کر چند لوگوں کو گرفتار کر کے لے آئیں لیکن سپاہ اسلام کے مستعد پاسبانوں نے ان سب کو گرفتار کر لیا اور رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں پیش کر دیا۔ رسول اللہ ﷺ نے انہیں یہ بتانے کیلئے کہ آپ ﷺ کا رویہ صلح آمیز ہے، ان سب کو آزاد کر دیا۔[۹]

بیعت رضوان کے واقعہ کے بعد قریش نے "سہیل بن عمرو" کو مصالحت کی غرض سے رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں روانہ کیا۔ طویل بحث و گفتگو کے بعد صلح کا معاہدہ کیا گیا جس کی بنیاد پر طرفین میں یہ طے ہوا کہ دس سال تک ایک دوسرے سے جنگ نہ کریں گے، اس سال تو مسلمان یہیں سے واپس مدینہ چلے جائیں لیکن آئندہ سال بیت اللہ کی زیارت کو آسکتے ہیں، مسلمین و مشرکین کو اپنی دینی رسومات ادا کرنے کی اجازت ہو گی، طرفین کو اس بات کی بھی اجازت ہو گی کہ وہ جس قبیلے کو بھی چاہیں اپنا حلیف بنالیں اگر قریش کے کسی فرد نے مسلمانوں کی پناہ لی تو ان کیلئے یہ لازم ہو گا کہ وہ اسے واپس کریں لیکن

قریش کے لئے یہ ضروری نہیں ہو گا کہ وہ بھی کسی مسلمان پناہ گزین کو واپس کریں۔ جب صلح کا عہد وپیمان ہو گیا تو رسول اللہ ﷺ اور مسلمانوں نے اپنی قربانی کے اونٹوں کو نحر کیا، سروں کے بال ترشوا کر احرام سے باہر نکلے اور مدینہ واپس آ گئے۔(۱۲)

اس حکمت عملی کے نتیجہ میں ایک اہم صلح نامہ وجود میں آ گیا جو بظاہر تو مسلمانوں کو مغلوب کیمپ میں لے جا رہا تھا مگر اس کے ایسے دور رس نتائج نکلے جو فتح خیبر اور فتح مکہ پر منتج ہوئے(۱۳)۔

صلح حدیبیہ کی اہم شرائط:

اس معاہدے کی درج ذیل تھیں:

- دس سال تک باہمی صلح رہے گی، جانبین کی آمد ورفت میں کسی کو روک ٹوک نہ ہو گی۔
- جو قبائل چاہیں، قریش سے مل جائیں اور جو قبائل چاہیں، مسلمانوں کی جانب شامل ہو جائیں۔(اسی شرط کے نتیجے میں بنو بکر، قریش کے اور بنو خزاعہ، مسلمانوں کے حلیف بن گئے)، دوستدار قبائل کے حقوق بھی یہی ہوں گے۔
- اگلے سال مسلمانوں کو طواف کعبہ کی اجازت ہو گی، اس وقت ہتھیار ان کے جسم پر نہ ہوں گے گو سفر میں ساتھ ہوں۔
- اگر قریش میں سے کوئی شخص نبی کریم ﷺ کے پاس مسلمان ہو کر چلا جائے تو اس شخص کو قریش کے طلب کرنے پر واپس کیا جائے گا، لیکن اگر کوئی شخص اسلام چھوڑ کر قریش سے جا ملے تو قریش اسے واپس نہیں کریں گے۔

اس آخری شرط پر صحابہ کرام رضی اللہ عنہم بہت زیادہ پریشان تھے، یہاں تک کہ حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ اور بالخصوص حضرت عمر رضی اللہ عنہ زیادہ پر جوش تھے، مگر نبی کریم ﷺ کی اطاعت اور ادب ملحوظِ خاطر رہا۔ یہ معاہدہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے لکھا، جنہوں نے شروع میں "بسم الله الرحمن الرحيم" لکھا۔ سہیل بن عمرو جو قریش کی طرف سے مختار معاہدہ تھا، بول پڑا! بخدا ہم نہیں جانتے کہ رحمن کسے کہتے ہیں؟ "باسمك اللهم" لکھو۔ نبی کریم ﷺ نے وہی لکھنے کا حکم دیا(۱۴)۔

حضرت علی رضی اللہ عنہ نے پھر لکھا کہ یہ معاہدہ محمد رسول اللہ ﷺ اور قریش کے درمیان قرار پایا ہے۔ سہیل بن عمرو نے اس پر بھی اعتراض کیا۔ نبی کریم ﷺ نے اس کی درخواست پر حضرت علی رضی اللہ عنہ

کو ایسا کرنے کا حکم دیا، لیکن انہوں نے اجتناب کیا۔ اس پر محسنِ انسانیت ﷺ نے خود اس صلح نامہ کو لے کر لفظ رسول اللہ کی جگہ محمد بن عبد اللہ لکھ دیا۔

شرائط طے کرنے اور معاہدے پر دستخط کے بعد آپ ﷺ واپس مدینہ منورہ روانہ ہوئے، حدیبیہ کے مقام پر سورہ الفتح نازل ہوئی۔ حضرت عمر نے پوچھا: یارسول اللہ! کیا یہ معاہدہ ہمارے لئے فتح ہے؟ فرمایا: ہاں! قسم ہے اس ذات کی! جس کے قبضہ میں میری جان ہے بے شک یہ فتح ہے[۱۵]۔

یہ سفر بہت ہی خیر وبرکت کا موجب بنا۔ نبی کریم ﷺ نے معاندین کے ساتھ معاہدہ کرنے میں فیاضی، عفو، درگزر، دور بینی اور رحمۃ للعالمین کے انوار وتجلیات کا ظہور دکھایا۔ اس معاہدہ کے نہایت دور رس نتائج نکلے۔ خصوصی طور پر مسلمانوں کو اس معاہدے سے اہم دفاعی کامیابیاں ہوئیں۔

صلح حدیبیہ کے سیاسی اور معاشرتی نتائج

صلح حدیبیہ اسلام کی عظیم الشان فتح وکامرانی تھی چنانچہ قرآن نے اسے "فتح مبین" کے عنوان سے یاد کرتے ہوئے فرمایا ہے ﴿: إِنَّا فَتَحْنَا لَكَ فَتْحًا مُّبِينًا ﴾[۱۶]

(اے نبی ﷺ ہم نے تم کو کھلی فتح عطا کر دی)

اور رسول ﷺ نے اسے "اعظم الفتوح" یعنی عظیم ترین فتح سے تعبیر فرمایا ہے۔[۱۷]

اس دور کے اسلامی معاشرے کیلئے اس فتح ونصرت کے بہت سے عمدہ اور سود مند نتائج بر آمد ہوئے جن میں سے ہم بعض کا ذکر ذیل میں کریں گے۔

- رسول ﷺ کی پیش قدمی کے باعث ایک طرف تو صلح وامن کے امکانات روشن ہو گئے اور دوسری طرف مکہ کے فریب خوردہ لوگوں پر یہ حقیقت عیاں ہو گئی کہ رسول ﷺ کے دل میں حرمت کے مہینوں 'شہر مکہ اور خانہ خدا کے لئے بہت زیادہ عقیدت واحترام پایا جاتا ہے۔
